Titas®
FOOTWEAR

Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़

روزنامہ عوامی نیوز

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

Pages-12 ● 105:شمارہ ● 12:جلد ● KOLKATA ● Saturday, 19th April 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۲۰ رشوال ۱۴۴۶ھ ● بمطابق ● سنیچر، ۱۹/ اپریل ۲۰۲۵ء ● کلکتہ

حکومت کو ہٹ دھرمی چھوڑ کر مسلمانوں کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے وقف ترمیمی قانون کو واپس لے لینا چاہئے: ایڈووکیٹ سرفراز صدیقی

نئی دہلی، 18 اپریل (یو این آئی) وقف ترمیمی قانون پر جاری سماعت کے دوران سپریم کورٹ کے کئی شقوں پر عارضی روک کا خیر مقدم کرتے ہوئے دہلی پردیش کانگریس کمیٹی کے سکریٹری اور سپریم کورٹ کے معروف وکیل سرفراز احمد صدیقی نے کہا کہ حکومت کو ہٹ دھرمی چھوڑ کر مسلمانوں کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے وقف ترمیمی قانون کو واپس لے لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے نہ صرف حکومت کو آئینہ دکھایا ہے بلکہ اس کے منصوبے کو ناکام کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کا ایک ادنی سا طالب علم بھی ایسا غیر آئینی بل پیش کرنے اور نہ ہی اسے پاس کرانے کی حماقت کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون کئی فنڈامنٹل رائٹ کے خلاف ہے اور اقلیتوں کو متعدد دفعات میں دئے گئے حقوق و اختیارات سے متصادم ہے۔ اس کے باوجود بھی حکومت کا پارلیمنٹ سے پاس کرانا مسلمانوں کے جذبات سے کھلواڑ کرنے کے علاوہ اور کیا کہا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے پہلے دن کی سماعت کے دوران جس طرح کے سوالات اٹھائے اور وقف ترمیمی قانون کے شقوں پر سوالیہ نشان لگایا اس سے ظاہر ہو گیا تھا کہ یہ قانون سپریم کورٹ میں ٹھہر نہیں پائے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سپریم کورٹ یہ پورا قانون یا نہیں تو کچھ حصہ ضرور مسترد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری پارٹی کانگریس نے جس طرح پارلیمنٹ سے لیکر سڑکوں تک وقف ترمیمی قانون کی خامیوں کو اجاگر کیا ہے، اس پر حکومت کو سنجیدگی سے غور کرنا چاہئے تھا لیکن حکومت ان چیزوں پر غور کرنے کے بجائے کانگریس کی اعلی قیادت کو پریشان کرنے کے لئے ہندوستانی ایجنسیوں کا بیجا استعمال کر رہی ہے۔ مسٹر سرفراز صدیقی نے کہا کہ جب کسی مذہبی کمیٹی میں دوسرے مذہب کے لوگ شامل نہیں ہو سکتے تو پھر مسلمانوں کی وقف بورڈ کی کمیٹی میں غیر مسلموں کی شرکت ضروری کیوں ہے۔ اس سے حکومت کی نیت کا اندازہ ہوتا ہے انہوں نے سوال کیا کہ بی جے پی مندروں یا دیگر مذاہب کی کمیٹیوں میں کسی مسلمان کو شامل کرے گی؟۔ انہوں نے اپیل کا ہندوستان امن کا گہوارہ رہا ہے اور اسے امن کا گہوارہ ہی رہنے دیں نفرتوں میں نہ بانٹیں۔

بوہرا فرقہ نے وقف ترمیمی بل پاس کرانے پر وزیر اعظم مودی کو مبارکباد دی

نئی دہلی 18 اپریل: کتنی شرمناک وخلاف از قیاس بات ہے کہ اس وقت مودی حکومت کا لایا ہوا وقف ترمیمی بل پر پورے ملک میں اقلیتوں نے سر پر کفن باندھ لیا ہے اور مظاہرے واحتجاج کا لگ بھگ پورا ماحول بن چکا ہے۔ ہر شہر ہر قصبے میں اس نئے بل کے خلاف جوش ایمانی ابل پڑے ہیں۔ کئی جگہوں پر اس بل کو لیکر زبردست ہنگامے کا ماحول بھی بن چکا ہے۔ حتیٰ کہ پولس بھی اس معاملے میں پسپا ہوتا کام نظر آ رہی ہیں۔ مگر وہیں اقلیتوں کا ایک ایسا طبقہ بھی ہے جو مودی کے لائے ہوئے اس وقف ترمیم بل سے خوش ہو کر مودی جی کو مبارکباد بھی دے رہے ہیں داؤد بوہرا مسلمان فرقے کے ایک ایسی جماعت ہے جنہوں نے اس بل کی اور مودی حکومت کی بھرپور حمایت وستائش جم کر کی ہے ان کو مبارکباد دینے بھی ان کی رہائش گاہ پہنچ گیا ہے۔ داؤدی بوہرا کی اس جماعت نے ان سے ملاقات کر کے خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کے دیرینہ خواب اس نئے بل نے پورا کر دیا۔ اس کے لئے انہوں نے مودی جی کا بھرپور شکریہ بھی ادا کیا۔ یاد رہے کہ ہندوستانی مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت داؤدی بوہرا بھی (باقی صفحہ 4 پر)

اراضی فیصلہ لینے والے سپریم کورٹ نہیں ایوان بالا ہے

دھنکر کی منطق پر کپل سبل جھنجھلا کر بولے اب قانون آپ سے سیکھنا ہوگا؟

نئی دہلی 18 اپریل: راجیہ سبھا ممبر کپل سبل نائب صدر جگدیپ دھنکر پر جھلا اٹھے۔ جمعہ کو عدلیہ پر سوالات سے کہا کہ موزوں وقت کے مطابق ہی صدر کو فیصلہ لینے کا اختیار ہے اگر انہوں نے وقت سے پہلے ہی یہ کام کر ڈالا تو یہ "غیر دستوری" سمجھا جائے گا دھنکر کے غیر منطقی بیان پر سبل نے یہ کہا کہ راجیہ سبھا کے ایسے چیئر مین ان کی نگاہوں سے پہلی بار گزرے ہیں جنہوں نے خلاف از قیاس بات کہہ دی۔

عدلیہ کے خلاف دھنکر بار بار اپنا سخت موقف رکھتے ہیں۔ سبل نے مانا (باقی صفحہ 4 پر)

امریکہ میں ہندوستانی طلبہ کے ویزے منسوخ ہونے پر جے رام رمیش کا اظہار تشویش، حکومت سے فوری کارروائی کا مطالبہ

نئی دہلی 18/اپریل: کانگریس کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا کے رکن جے رام رمیش نے امریکہ میں ہندوستانی طلبہ کے خلاف سخت امیگریشن کارروائیوں پر شدید تشویش ظاہر کی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ امریکی امیگریشن لائرز ایسوسی ایشن (اے آئی ایل اے) کی رپورٹ کے مطابق، جن 327 بین الاقوامی طلبہ کے ویزے منسوخ کیے گئے، ان میں سے نصف کا تعلق ہندوستان سے ہے، جو باعث تشویش ہے۔

جے رام رمیش نے کہا کہ "اے آئی ایل اے کی رپورٹ ہندوستانی طلبہ کے مستقبل پر سنگین سوالات کھڑے کرتی ہے۔ اگر ان طلبہ کے ویزا کی منسوخی کی وجوہات واضح، منصفانہ اور شفاف نہیں ہیں تو حکومت ہند کو فوری طور پر اس معاملے کو (باقی صفحہ 4 پر)

مغربی بنگال اردو اکاڈمی کا سہ روزہ قومی سمینار میر پر شروع ہوا

اعلیٰ پولس افسر ظفر اجمل قدوائی اور پروفیسر شہاب الدین ثاقب نے میر پر نئے انداز میں روشنی ڈالی

کولکاتا 18 اپریل: مغربی بنگال اردو اکاڈمی کا عظیم الشان سہ روزہ قومی سمینار بعنوان میر تقی میر کی عصری معنویت اکاڈمی کے مولانا آزاد آڈیٹوریم میں شروع ہوا جس کی صدارت اکاڈمی کے نائب چیئر مین محمد ندیم الحق (ایم پی) نے کی اور خیر مقدمی کلمات چیئر مین فنکشن سب کمیٹی جناب سید شہاب الدین حیدر نے ادا کئے۔ غرض وغایت سمینار کوآرڈینٹر ابوذر ہاشمی نے ادا کئے اور کلیدی خطبہ پروفیسر شہاب الدین ثاقب علی گڑھ نے پیش کیا۔ مہمان اعزازی کے طور پر جناب ظفر اجمل قدوائی (آئی پی ایس کولکاتا) پر شریک ہوئے اور نظامت کے فرائض خوبصورتی کے ساتھ ڈاکٹر دبیر احمد نے پیش کیا اور میر سے متعلق بہت ساری معلوماتی باتیں بتائیں اگر میر پر کسی پروفیسر، کالج یا یونیورسٹی کے شعبہ اردو کے ہیڈ کو بولنے کو کہا جائے تو وہ بہترین انداز میں میر کی غزلوں کو سامنے رکھتے ہوئے بہترین انداز میں اپنی باتیں رکھ سکتے ہیں لیکن اگر کسی پولس کے اعلیٰ افسر کو میر تقی میر پر کچھ بولنے کو کہا جائے تو سننے والے حیران ہو جائیں گے کہ بھلا ایک پولس افسر کو ادب سے کیا تعلق۔ لیکن اردو اکاڈمی کی سلیکشن کمیٹی قابل تعریف ہے کہ اس نے ایک ایسے لعل و گوہر کو ڈھونڈ نکالا جو اردو ادب پر بولنے کا اچھا سلیقہ رکھتا ہو اور ظفر اجمل قدوائی (باقی صفحہ 4 پر)

مغربی بنگال اردو اکاڈمی
محکمہ اقلیتی امور و مدرسہ تعلیم، حکومت مغربی بنگال

THREE-DAY
NATIONAL SEMINAR
MEER TAQI MEER
KI
ASRI MA'NAVIYAT

سہ روزہ قومی سیمینار
میر تقی میر کی عصری معنویت

آج

پہلا اجلاس — ۱۹/اپریل ۲۰۲۵ء، بروز سنیچر، بوقت صبح ۱۱/بجے
مجلسِ صدارت : پروفیسر شہاب الدین ثاقب، علی گڑھ
ڈاکٹر غلام سرور، کولکاتا
مقالہ نگار
● پروفیسر حامد علی خاں، بہار یونیورسٹی، مظفر پور ● پروفیسر حسن عباس، بنارس ہندو یونیورسٹی
● پروفیسر آفتاب احمد آفاقی، بنارس ہندو یونیورسٹی ● جناب خورشید اکبر، پٹنہ
● ڈاکٹر انندیا شیکھر پروکائستھ، آئی ایل ایس آر، کولکاتا ● ڈاکٹر سواتی گوہا، آئی ایل ایس آر، کولکاتا
● ڈاکٹر عمر غزالی، ہگلی محسن کالج، ہگلی ● ڈاکٹر عاصم شہنواز شبلی، مولانا آزاد کالج، کولکاتا
نظامت: جناب نسیم عزیزی، رکن، اردو اکادمی ہدیۂ تشکر: جناب مختار علی، رکن، اردو اکاڈمی

دوسرا اجلاس ۱۹/اپریل ۲۰۲۵ء، بروز سنیچر، بوقت دوپہر ۲/بجے
مجلسِ صدارت : پروفیسر حسن عباس، بنارس ہندو یونیورسٹی
پروفیسر حامد علی خاں، بہار یونیورسٹی، مظفر پور
مقالہ نگار
● پروفیسر احمد محفوظ، جامعہ ملّیہ اسلامیہ، دہلی ● پروفیسر سید شاہ حسین احمد، پٹنہ
● پروفیسر ابوبکر عباد، دہلی یونیورسٹی ● ڈاکٹر شہاب ظفر اعظمی، پٹنہ
● ڈاکٹر دبیر احمد، مولانا آزاد کالج، کولکاتا ● ڈاکٹر نعیم انیس، کلکتہ گرلس کالج، کولکاتا
● جناب کلیم حاذق، کولکاتا ● جناب جاوید ہمایوں، کولکاتا
نظامت: ڈاکٹر نوشاد عالم، رکن، اردو اکاڈمی ہدیۂ تشکر: جناب اشتیاق احمد راجو، رکن، اردو اکاڈمی

آپ سے شرکت کی مودّبانہ درخواست ہے۔
نزہت زینب، ڈبلو بی سی ایس (ایگزیکیوٹو) سکریٹری، مغربی بنگال اردو اکاڈمی

Aawami news
Kolkata
Saturday 19th April 2025
Also published from Ranchi & Patna

کولکاتا و مضافات
Kolkata & Suburb

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا
سنیچر، ۱۹ / اپریل ۲۰۲۵ء

ریاست کے مختلف اضلاع میں تیز ہوا کے ساتھ اولے پڑنے اور آسمانی بجلی گرنے کا امکان

کولکاتا: 8 1اپریل (عوامی نیوز سروس) ریاست بھر میں گزشتہ چند دنوں سے کل بیساکھی کا راج ہے۔ طوفان اور بارش شام کو شروع ہوتی ہے۔ بنگال کے اضلاع میں تیز ہوا کے ساتھ اولے پڑنے اور آسمانی بجلی گرنے کا خطرہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ شمالی بنگال کے بالائی اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش پیر تک جاری رہے گی۔
معلوم ہوا ہے کہ کم دباؤ کا علاقہ آسام سے مدھیہ پردیش تک پھیلا ہوا ہے اور بنگال اور جھارکھنڈ کے اوپر سے گزرتا ہے۔ مشرقی مدھیہ پردیش سے گنگا مغربی بنگال تک ایک اور کم دباؤ کا علاقہ ہے، جو چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ کے اوپر سے گزرا ہے۔ جس کی وجہ سے پیر تک گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ تین اضلاع مشرقی بردوان، مغربی مدنا پور اور ہگلی میں موسلا دھار بارش کی وارننگ ہے۔ ایک یا دو الگ تھلگ مقامات پر تیز بارش کا امکان ہے۔ 70 سے 110 ملی میٹر بارش ہوسکتی ہے۔ سات اضلاع میں کال بیساکھی جیسے حالات کا امکان ہے۔ وہ ہیں ہوڑہ، ہگلی، مشرقی بردوان، مشرقی اور مغربی مدنا پور، جھارگرام اور جنوبی 24 پرگنہ۔ تاہم محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ چند روز کے دوران درجہ حرارت میں کسی بڑی تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔ بارش کی وجہ سے درجہ حرارت قدرے گرے گا۔ جب سورج دوبارہ طلوع ہوگا تو درجہ حرارت بڑھے گا۔ پیر کو آسمان جزوی طور پر ابر آلود رہے گا۔ منگل سے آسمان صاف، درجہ حرارت میں تیزی سے اضافہ ہوگا۔ پیر اور بدھ کے درمیان درجہ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ دریں اثنا، شمالی بنگال کے تمام چھ اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دارجلنگ سے مالدہ تک تمام اضلاع میں آفت جیسی صورتحال ہوگی۔ گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش اور 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ مالدہ، شمالی اور جنوبی دیناج پور میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ کوچ بہار اور علی پور دوار اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش کے امکانات کم ہوں گے۔ ہفتہ اور اتوار کو شمالی بنگال کے تمام اضلاع میں گرج چمک اور بارش کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان۔ تیز ہوائیں 40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلیں گی۔ اوپر والے تین اضلاع اور مالدہ کے چار اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ طوفان کا امکان ہے۔ نتیجے کے طور پر، آپ کو گھر سے باہر نکلتے وقت اپنے ساتھ چھتری ضرور رکھنا چاہیے۔



حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ
الصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم
(اوّل وقت)
برائے کولکاتا و مضافات
19 / اپریل 2025

فجر	3 بج کر 50 منٹ
طلوع آفتاب	5 بج کر 13 منٹ
ظہر	11 بج کر 36 منٹ
عصر	4 بج کر 08 منٹ
مغرب	6 بج کر 03 منٹ
عشاء	7 بج کر 15 منٹ

مندرجہ ذیل شہروں میں اضافہ کریں:
بردوان 2 منٹ، رانی گنج 5 منٹ، آسنسول 5 منٹ، دھنباد 8 منٹ، پرولیا 8 منٹ۔

(The Danger of Fales Narratives How Misinformation Fuels Alienation)

جھوٹے بیانیوں کا خطرہ: غلط معلومات کیسے علیحدگی کو بڑھاتی ہیں

آج کے ڈیجیٹل زمانے میں سوشل میڈیا مواصلات، تعلقات اور معلومات کی اشتراکت کے لئے ایک طاقتور آلہ کے طور پر ظاہر ہوا ہے لیکن جیسے اس کے فائدے ہیں ویسا ہی یہ اپنے ساتھ موروثی خطرات لے کے چلتا ہے۔ خاص کر کے جب یہ غلط معلومات کی بات آتی ہے۔ بہت سارے نوجوان خاص کر کے مسلم نوجوان غلط معلومات انہیں علیحدگی اور ناراضگی اور سخت معاملات میں تشدد کے لئے محرکات کی طرح کام کرتی ہے۔ نوجوان خاص پر آن لائین موجود بے پناہ معلومات کے سمندر کے سامنے زیادہ غیر محفوظ ہے۔ جو فوری مواصلات اور ڈیجیٹل تواصل کے زمانے میں پلے بڑھے ہیں۔ وہ اکثر Instagram, WhatsApp اور X جیسے پلیٹ فارم کے ذریعے خبریں اور رجحانات فوری طور پر حاصل کرتے ہیں۔ فارم تیزی سے ایکو چیمبر (گونج گاہ) بنتے جار ہے ہیں جہاں الگورتھم (ہدایت نامہ یا نسخہ جو فیصلہ کرتا ہے کہ کون سی ویب سائٹس آپ کی تلاش سے متعلق ہیں اور ان کو کس ترتیب میں دکھانا ہے) ایسے مواد کو ترجیح دیتے ہیں جس کے ساتھ صارفین کے مشغول ہونے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ مسلم نوجوانوں کیلئے خاص کر وہ لوگ جو اپنے آپ کو نازک صورت حال میں پاتے ہیں ایسے معاشرہ میں وہ رہتے ہیں جہاں اقلیت قوم میں پہلے سے ہی پہچان، تعلقات اور منظم امتیازی، غلط معلومات کے معاملات کا سامنا کررہے ہیں۔ چاہے وہ مسخ شدہ خبروں، گمراہ کن سرخیوں، یا مخصوص پروپگنڈہ، کے ذریعے ہو۔ یہ سب خاص طور پر خطرناک ثابت ہوسکتے ہیں۔

غلط معلومات کی بہت ساری شکلیں ہوسکتی ہیں۔ جیسا کہ ظلم وستم کی مبالغہ آرائی کہانی، تاریخی ناانصافی کے ویڈیو جو اس کے سیاق وسباق سے قطع نظر ہو اور ایسی سازشیں کی نظریات جو مذہبی اور اخلاقی گروہ کو آپس میں لڑا سکتے ہیں۔ اس طرح کے مواد بہت جلدی ہی کمزور نوجوانوں کے درمیان میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل جاتے ہیں۔ اکثر ان کی تحقیقات نہیں کی جاتی ہیں اور جبکہ مسلم نوجوان پہلے سے ہی پسماندگی کے ساتھ سے لڑ رہے ہو تے ہیں اور یہ غلط بیانئے ان کی تصورات کو پورا کرتی ہیں کہ وہ لوگ حملے کے زد میں ہیں۔ ان کے حالات کی حقیقت اور سوشل میڈیا کے ذریعے شائع کردہ واقعہ کے درمیان فاصلہ وسیع تر ہو جاتا ہے اور یہ انہیں اپنے معاشرے سے جہاں پر وہ رہتے ہیں علیحدگی کے احساس کو فروغ دیتا ہے بہت ساری معاملات ایسی ہیں کہ وہ احساس کرتے ہیں کہ وہ کچھ بھی کرلے لیکن انہیں مساوی شہری کا درجہ نہیں حاصل ہوگا۔ یہ علیحدگی دونوں جذباتی اور جسمانی ہوسکتے ہیں جو نوجوانوں کو مرکزی معاشرتی اور شہری زندگی سے بہت دور کردیتی ہے۔

اگلا قدم اس خطرناک عمل میں یہ ہے کہ علیحدگی سے سفر کرتے ہوئے شدت پسندی تک پہنچ جاتا ہے۔ غلط معلومات کے اندر اتنی طاقت ہے کہ اس تصورات کو بگاڑ دیتی ہے جہاں پر نوجوان دیکھتے ہیں کہ تشدد ہی ان کے حقیقی ذرائع ہیں انصاف حاصل کرنے کے لئے اور ایک منظم خطرات سے اپنے آپ کو بچانے کیلئے۔ جب ہر قسم کا میڈیا جو وہ دیکھتے ہیں حقیقی یا حیاتی ظلم وستم کی طرف اشارہ کرتا ہے تو تشدد ہی جواب دینے کا واحد طریقہ جس کا وہ محسوس کرتے ہیں۔ مسلم نوجوان اپنے آپ کو آن لائین جگہوں میں پاتے ہیں جہاں پر انتہا پسندی کے نظریات بہت ہی عام ہیں۔ شدت پسندی کے گروہ بہت چالاکی سے ان غلط معلومات کے ذریعہ ان محروم نوجوانوں کو اپنے گروپ میں شامل کرتے ہیں اور وہ ان کی کمزوری کا غلط استعمال کرتے ہیں! اور انہیں مقصد اور تعلقات کے احساس دلاتے ہیں جو لوگ علیحدگی کا احساس کرتے ہیں یہ گروہ ان نوجوان لوگوں سے وعدہ کرتے ہیں کہ تشدد اور قانون کی خلاف ورزی کر کے وہ انصاف، عزت کو حاصل کر سکتے ہیں اور بدلہ لے سکتے ہیں۔ حقیقت میں یہ راستہ بربادی کی طرف لے جاتا ہے دونوں اعتبار سے ان کی ذاتی طور پر اور اس سے بڑھ کر ان کی قوم کو بھی برباد کردیتا ہے جن سے ان کا تعلق ہے۔

غلط معلومات کے بڑھتے ہوئے خطرات ایک سنجیدہ چیلنج پر روشنی ڈالتا ہے۔ معاشرے کے لئے۔ خاص کر کے معاشرتی رہنماؤں، اساتذہ، اور پالیسیاں بنانے والوں کیلئے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ ان غلط بیانیوں کو پھیلنے سے روکنے کیلئے عملی قدم اٹھائیں۔ میڈیا کی تعلیم اور نوجوانوں کے درمیان تنقیدی سوچ کو فروغ دے کر۔ اسکولوں اور یونیورسٹیوں میڈیا کی تعلیم کو اپنے نصاب میں شامل کریں تا کہ وہ طلبہ کو پڑھا سکے ں کہ کیسے ذرائع کی تصدیق کی جائے معلومات کی حقیقی جانچ کی جائے اور ان خبروں کو تنقیدی طور پر سوچیں جو آن لائین حاصل کرتے ہیں۔ یہ نوجوان لوگوں کو بااختیار بنانے کا غلط معلومات کی جانکاری حاصل کرنے میں اور وہ اس کے شکار ہونے سے اپنے آپ کو بچاسکیں گے۔ معاشرتی رہنما اور مذہبی علماء کی بھی بہت بڑی ذمہ داری ہے اس کو پورا کرنے کیلئے۔ مسلم نوجوانوں کے ساتھ وہ ضرور شامل ہوں اور ان کے لئے خالی وقت نکالیں مکالے کیلئے اور کھلے طور پر ان سے باتیں کریں تا کہ وہ اپنی خدشات کو ظاہر کرسکیں ان سے سوالات پوچھیں اور سچائی پر مبنی رہنمائی حاصل کریں۔ غلط معلومات دور دراز میں ترقی پاتی ہیں۔ معاشرتی شمولیت کو فروغ دے کر نقصان دہ خیالات کو پھیلنے سے روکا جاسکتا ہے۔ مزید برآں حکومت اور سوشل میڈیا کمپنیاں ایک ساتھ کام کریں غلط معلومات کے پھیلنے کو روکنے کیلئے۔ حقائق کی جانچ کرنیوالی خدمات، سخت مواد کی نگرانی کی پالیسیوں اور ایسے قانونی فریم ورک جو پلیٹ فارم کو جوابدہ ٹھہراتے ہیں غلط معلومات کے اثرات کو کم کرنے کیلئے ضروری اقدامات ہیں۔

غلط معلومات کا خطرہ حقیقی ہے اور یہ ناقابل تسخیر نہیں ہے۔ مسلم نوجوانوں کو تقویت دینا، تعلیم، تعمیری مکالمہ اور تنقیدی تفہیم کے ذریعہ جس سے وہ منفی اثرات کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔ ہمیں متحد ہو کے کام کرنے کی ضرورت ہے تا کہ نوجوان لوگوں کو شمولیت پر مبنی بیانئے، تفہیم اور تقویت فراہم کرسکیں نہ کہ تقسیم اور ڈر، غلط معلومات علیحدگی کا ایندھن بن سکتا ہے لیکن صحیح آلات اور ہدایات یقینی بناسکتے ہیں کہ مسلم نوجوان مثبت تبدیلی اور شمولیت کے راستے پر قائم اور دائم رہیں ایسے مستقبل کی تشکیل دے جہاں پر نوجوان محسوس کرے جس سے وہ تعلق رکھتے ہیں جہاں پر ان کی آوازیں سنی جاتی ہیں اور جہاں پر وہ سچائی کو جھوٹ سے الگ کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ اور ہم انہیں غلط بیانیے کے خطرات سے محفوظ کر سکتے ہیں۔ ایسے معاشرہ کی تشکیل ضروری ہے جو صرف انصاف اور شفاف نہ ہو بلکہ تقسیم اور غلط معلومات کا سامنا کرنے کیلئے ہمیشہ قائم دائم رہے۔

ریشم فاطمہ
ماسٹر
انٹرنیشنل ریلیشنس
جواہر لال نہرو یونیورسٹی

کولکاتا میں وقف ترمیمی قانون کے خلاف پرامن احتجاج، مختلف مذاہب کے افراد کی شرکت

کولکاتا: 18 اپریل (نور عالم) پارک سرکس سیون پوائنٹ پر آج" کولکاتا پیس لونگ سٹیزن فورم" کی جانب سے ایک دھرنا میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں وقف ترمیمی قانون کے خلاف پرامن احتجاج درج کیا گیا۔ اس موقع پر شہر کی مختلف سماجی، تعلیمی اور ملی شخصیات کے علاوہ مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔
مقررین نے اس موقع پر مرکزی حکومت کے حالیہ اقدام، وقف ترمیمی قانون، پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے نہ صرف مسلمانوں کی جائیداد پر حملہ قرار دیا بلکہ ایک منظم منصوبہ بتایا جس کے تحت اقلیتی برادری کو معاشی طور پر کمزور کیا جارہا ہے۔ پیس لونگ سٹیزن فورم کے صدر کامران حسین نے خطاب کرتے ہوئے کہا، "جب یہ بل پارلیمنٹ میں پیش ہوا، اُس وقت زیادہ تر لوگ خاموش رہے، مگر چند باشعور اور سرگرم افراد و تنظیموں نے آواز بلند کی۔ اب جبکہ یہ قانون بن چکا ہے، عوام میں بیداری آرہی ہے، جو خوش آئند ہے۔ لیکن اب مستقل طور پر بیدار رہنے اور قانونی طریقے سے احتجاج کرنے کی ضرورت ہے۔" مقررین نے سپریم کورٹ میں حالیہ سنوائی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عدالت کی طرف سے اٹھائے گئے سوالات اس بات کا ثبوت ہیں کہ اس قانون کے کئی پہلو قانونی اور آئینی اعتبار سے کمزور ہیں۔ حکومت کی طرف سے جواب نہ دے پانے اور سات دن کی مہلت مانگنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قانون جلد بازی میں لایا گیا ہے۔ اس احتجاج کی خاص بات یہ تھی کہ صرف مسلم افراد ہی نہیں، بلکہ ہندو، سکھ اور دیگر مذاہب کے افراد نے بھی میں شرکت کی اور اس قانون کے خلاف آواز بلند کی۔ مقررین نے ان تمام سیکولر اور انصاف پسند افراد کا شکریہ ادا کیا جنھوں نے یکجہتی کا مظاہرہ کیا۔ اس پرامن احتجاج میں یہ پیغام دیا گیا کہ کسی بھی قانون کو نافذ کرنے سے پہلے تمام متعلقہ فریقین کی رائے لینا، مشاورت کرنا اور آئینی دائرے میں رہنا جمہوریت کا بنیادی اصول ہے۔ احتجاج کے اختتام پر یہ عزم کیا گیا کہ وقف ترمیمی قانون کے خلاف قانونی، آئینی اور پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔ اس پورے پروگرام کو کامیاب بنانے میں پیس لونگ سٹیزن فورم کے سکریٹری محمد اصغر علی (لکی علی)، محمد محمود ملک وشاکر عالم، دلشاد، شادق حسین، بلال جان عالم و دیگر پیش پیش رہے۔ سٹیزن فورم فوری سوشل جسٹس کی جانب سے عمر اویش، جاوید عالم مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوئے اور اس کالے قانون وقف ترمیمی قانون کے نقصانات اور مرکزی حکومت کے منصوبے کے بارے میں بتایا اور تمام مسلمانوں سے اپیل کی کہ اس قانون کو واپس لینے تک متحرک رہے تا کہ حکومت پر دباؤ بنایا جاسکے اور عدالتِ عظمٰی کو بھی اس بات کا علم ہو کہ مسلمان کس طرح اس قانون کی مخالفت کرر ہے ہیں۔

☆☆☆

وقف ترمیمی بل کسی بھی صورت منظور نہیں: مولانا امان رضا برکاتی

مودی حکومت کا ہر قدم مسلم دشمنی پر مبنی، CAA، NRC کے بعد اب وقف املاک نشانے پر



کولکاتا: 18 اپریل (اشفاق ثمر) وقف ترمیمی بل کے خلاف ملک بھر میں مسلمانوں کے درمیان سخت بے چینی اور غصہ پایا جا رہا ہے۔ مغربی بنگال کے گارڈن ریچ علاقے میں مجلس علمائے اسلام کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان احتجاجی جلوس نکالا گیا جس کی قیادت مولانا شاہد القادری نے کی۔ جلوس دھان کھیتی مسجد سے شروع ہو کر رام نگر لین، پہاڑ پور روڈ سے ہوتا ہوا کچی سڑک موڑ پر اختتام پذیر ہوا، جہاں علمائے کرام نے پرزور انداز میں وقف ترمیمی بل کو ناقابل قبول قرار دیا۔ اس موقع پر نخو مسجد کے امام اور معروف اسلامی اسکالر مولانا امان رضا برکاتی نے عوامی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ "یہ بل صرف ایک قانون نہیں، بلکہ مسلمانوں کے مذہبی اور معاشی وقار پر حملہ ہے۔ حکومت وقف جائیدادوں پر قبضے کا منصوبہ بنا رہی ہے، جو کہ نہ صرف آئین ہند کی خلاف ورزی ہے بلکہ مسلمانوں کے مذہبی جذبات کے ساتھ کھلواڑ بھی ہے۔"
انہوں نے مزید کہا کہ 2014 کے بعد ملک کے سیکولر کردار کو منظم طریقے سے ختم کیا جا رہا ہے۔ "آج ملک میں مہنگائی، بیروزگاری، معاشی بدحالی جیسے بنیادی مسائل پر بات نہیں ہو رہی، بلکہ ہر موضوع کو ہندو-مسلم رنگ دے کر صرف مسلمانوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔"
مولانا برکاتی نے سی اے اے (CAA) اور این آر سی (NRC) جیسے متنازع قوانین کا حوالہ دیتے ہوئے کہا "جب CAA آیا، تو اس میں بھی مسلمانوں کو ہی باہر رکھنے کی سازش کی گئی۔ NRC کے نام پر لاکھوں مسلمانوں کو شہریت کے کٹہرے میں کھڑا کر دیا گیا۔ اور اب وقف املاک کو نشانہ بنا کر ہمارے بزرگوں کے صدقہ جاریہ کو چھیننے کی کوشش کی جارہی ہے۔"
انہوں نے وزیراعظم نریندر مودی کے اس بیان پر بھی اعتراض ظاہر کیا جس میں انہوں نے منگل سوتر اور بھینسوں کی چوری جیسے معاملات کو مخصوص مذہب سے جوڑنے کی کوشش کی تھی۔ مولانا نے سوال اٹھایا "کیا کبھی کسی مسلمان نے رام مندر، کاشی یا متھرا کے ٹرسٹ میں شامل ہونے کی بات کی؟ تو پھر ہمارے وقف میں دخل دینے کا حق کس نے دیا؟"
مولانا امان رضا برکاتی نے آخر میں واضح انداز میں کہا کہ "یہ وقف ترمیمی بل، CAA اور NRC کی طرح مسلمانوں کے خلاف ایک اور ہتھیار ہے، جسے کسی بھی قیمت پر قبول نہیں کیا جائے گا۔ مسلمان متحد ہو کر اس کے خلاف ہر آئینی اور جمہوری طریقے سے آواز بلند کریں۔

☆☆☆☆

مرشدآباد تشدد کی این آئی اے تحقیقات؟ ہائی کورٹ کا بڑا حکم

کولکاتا:18اپریل (عوامی نیوز سروس) مرشد آباد میں تشدد کی وجہ سے کئی خاندان بے گھر ہوگئے ہیں۔ مقتول کی املاک کو تباہ کر دیا گیا۔ ان الزامات کی روشنی میں کلکتہ ہائی کورٹ نے مرشد آباد کی موجودہ صورتحال کی تحقیقات اور متاثرین کو امداد فراہم کرنے کیلئے تین رکنی کمیٹی تشکیل دینے کا حکم دیا۔ جسٹس سومن سین اور جسٹس راجہ باسو چودھری کی ڈویزن بنچ نے جمعرات کو یہ حکم جاری کیا۔ وکیل اور بی جے پی لیڈر پرینکا ٹبروال اور وکیل سانیوکت سماننا نے بھی مرشد آباد میں ہوئے تشدد کی این آئی اے تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ تاہم، ڈویزن بنچ نے کہا کہ اس وقت این آئی اے کی تحقیقات کا حکم دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ وقف ایکٹ کی مخالفت میں مرشد آباد کے مختلف علاقوں میں پچھلے کچھ دنوں سے ہنگامے ہورہے ہیں۔ توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کے واقعات ہوئے ہیں۔ کئی خاندان بے گھر ہیں۔ اس صورتحال میں پرینکا ٹبریوال اور سانیوکت سمنتا نے چیف جسٹس ٹی ایس شیوگنم کی بنچ کے سامنے این آئی اے کی تحقیقات کے لیے عرضی داخل کی۔ چیف جسٹس ٹی ایس شیوگنم کے حکم پر جسٹس سومن سین کی ڈویزن بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ کیس کی سماعت کے دوران ریاست کی طرف سے پیش ہوئے وکیل کلیان بنرجی نے عدالت کو بتایا کہ جنگی پور پولیس ضلع میں اب تک 274 لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ مرشد آباد پولس ضلع میں دو لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ کلیان نے اپنے دفاع میں کہا کہ 38 خاندان بے گھر ہوئے ہیں۔ وہ دوبارہ اپنے گھر واپس آگئے ہیں۔ کلیان نے کہا کہ حکومت نے ان کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے ہیں۔ ڈویزن بنچ نے این آئی اے کی جانچ کی درخواست کے بارے میں کہا کہ اس وقت این آئی اے کی تحقیقات کا کوئی حکم نہیں ہے۔ کیونکہ مرکز کے پاس این آئی اے کی تحقیقات شروع کرنے کا اپنا اختیار ہے۔ اگر وہ چاہیں تو اس طاقت کو استعمال کر سکتے ہیں۔

پوربی ریلوے

ٹنڈر نوٹس نمبر کوم-کے پی اے-سی سی ٹی وی (300) فٹ- 24-25، بتاریخ: 17.04.2025 کھلا ای-ٹنڈر مطلوب ہے بذریعہ ڈپٹی، سی ایم ای (جی)/ کنچراپاڑہ، پوربی ریلوے، کنچرا پاڑہ، پن- 743145 سے مندرجہ ذیل کام کیلئے- **ٹنڈر نمبر: کوم- کے پی اے-سی سی ٹی وی (300) فٹ-24-25 کام کانام و ان کی مقامات:** "ایل اے این کی وابستگی 300 سی سی ٹی وی کیمرے کیلئے لیڈ ڈسپلے، این وی آر، ایچ ڈی ڈی وار دیگر لوازمات لوکو کمپلیکس، سی اینڈ ڈبلو کمپلیکس، کنچراپاڑہ/ اسٹور، حالی شہر/ اسٹور اور کنچرا پاڑہ ریلوے اسپتال میں ہر دم چلنے کیلئے" **ٹنڈر کی لاگت:** 17,45,338 روپے (بشمول جی ایس ٹی 18%)- **ذربیعانہ برائے ادائیگی:** -/34,900 روپے- **ٹنڈر کاغذات کی قیمت:** صفر- (جی سی سی کا تازہ ایڈیشن اپریل 2022 کے مطابق) **کام پورا ہونے کی مدت:** ساٹھ (60) کام کے دنوں کی تاریخ سے کام کے آغاز پر- **پیشکش ڈالنے کی مدت:** 15 (پندرہ) دنوں کے 05.05.2025 کو 14.00 بجے تک- **ٹنڈر ڈالنے کی آخری تاریخ ووقت:** 05.05.2025 کو 14.00 بجے تک- **ویب سائٹ پر ٹنڈر ڈکومنٹ کی دستیابی ہوگی:** ٹنڈر کاغذات کی مکمل سیٹ انڈین ریلوے ای-پرکیورمنٹ ویب سائٹ پر دستیاب ہوگا: www.ireps.gov.in- ٹنڈر ڈکومنٹس ودیگر تفصیلات ویب سائٹ سے ہی مل جائے گا: www.ireps.gov.in بڈنگ ٹنڈر جو کہ جمع کیا جائے گا ای-ٹنڈرنگ سے مذکورہ ویب سائٹ کے ذریعہ- دستی پیشکش اس ٹنڈر کیلئے درکار نہیں اگر ایسا کوئی آفر آبھی گیا تو لینے کے بعد اسے مسترد کر دیا جائیگا- ٹنڈر ڈکومنٹ کی لاگت وذربیعانہ برائے ادائیگی صرف نیٹ بینکنگ یا پیمنٹ گیٹ ویے سے ہی ویب سائٹ سے ادا کیا جائے گا-
(MISC-20/2025-26)
ٹنڈر نوٹس ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے www.er.indianrailways.gov.in/www.ireps.gov.in
Follow us at: @EasternRailway
@easternrailwayheadquarter

پوربی ریلوے

ای-ٹنڈر نمبر: 06-2025-26، بتاریخ: 07.04.2025، مندرجہ ذیل ای-ٹنڈر مطلوب ہے بذریعہ ڈویژنل انجینئر (IV)، پوربی ریلوے، چوتھی منزل، ریل یاتری نیواس، نزد ہوڑہ اسٹیشن، ہوڑہ- 711101 سے تجربہ کار ٹنڈر گزاروں سے کام کی نوعیت کے مطابق جن کے پاس مطلوبہ مالیاتی گنجائش بھی ہو بشمول ان کا رجسٹرڈ ہوا پیاشی/ سی پی ڈبلوڈی/ ایس ای بی/ ایم ای ایس یا مندرجہ ذیل کا کسی بھی پبلک ماتحت سیکٹر سے- **کام کی تفصیلات:** تیاری انسٹیو روغنی جوڑ کے ماتحت حلقہ کے ماتحت ڈین/4/ ہوڑہ کیلئے- **تخمینہ لاگت:** 56,67,986.39 روپے- **ذربیعانہ:** -/1,13,400 روپے- **ٹنڈر فکرم کی قیمت:** صفر- **تکمیلی مدت:** 12 (بارہ) مہینے کا قبولی خط کی آغاز تاریخ سے اگر مذکورہ بند کی تاریخ میں نوٹس طلبی کے وقت کوئی چھٹی/ بند/ اسٹرائیک یا کسی وجہ سے ہوجائے تو آن لائین سے بند ہونے کی تاریخ میں تبدیلی نہیں ہوگی پیشکش کیلئے ویب سائٹ کے آئی آر ای پی ایس پر اور نہ ہی بند کی تاریخ اور وقت کے بعد ٹنڈر جمع لیا جائے گا۔ **ٹنڈر بند ہونے کی تاریخ اور وقت:** 29.04.2025 کو 14.00 بجے۔ ٹنڈر کی تفصیلات ویب سائٹ پر ملے گا: www.ireps.gov.in، ٹنڈر گزاروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنی پیشکش کو مذکورہ ویب سائٹ سے ہی جمع کریں گے۔ ادائیگی برائے زربیعانہ ڈپازٹ (ای ایم ڈی) اور ٹنڈر کاغذات کی قیمت، ای-ٹنڈرنگ کے حوالے سے ہی قبول کیا جائے گا بذریعہ نیٹ بینکنگ یا پیمنٹ گیٹ ویے سے ہی مذکورہ ویب سائٹ کے توسل سے۔ **نوٹ:** فکسڈ ڈپازٹ رسید (ایف ڈی آر) ناقابل قبول ہوگا۔ بطور ای ایم ڈی کانٹر کیلئے طلبی ہے آئی آر ای پی ایس (ای-ٹنڈرنگ پورٹل) سے۔ دستی آفر قبول نہیں کیا جائے گا۔
(HWH-36/2025-26)
ٹنڈر نوٹس ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے www.er.indianrailways.gov.in/www.ireps.gov.in
Follow us at: @EasternRailway
@easternrailwayheadquarter

بانسبیڑیا سے مرکزی حکومت کے خلاف علماء کرام کی للکار، ہمارا وقف قانون واپس کرو

ہگلی: 18اپریل (محمد شعیب عالم) "ہندوستان کا مسلمان زندہ باد، ہمارا وقف قانون ہمیں واپس کرو، ہم پر زور ظلم کرنا اب برداشت نہیں" ایسے اور کئی طرح کے نعروں سے پورا بوڑو پاڑہ موڑ ڈنگل پاٹ گونج اٹھا۔ لوگوں کی ہجوم دیکھنے لائق تھی۔ وہیں اچانک بدلتے موسم کے بعد تیز بارش اور ہواؤں کی پرواہ کئے ہزاروں کی تعداد میں لوگ جمع ہوئے تھے۔ ہاتھوں میں مختلف قسم کی تختیاں لئے نعرے لگا رہے تھے۔ " ہم وقف کو لیکر مئی قانون کو نہیں مانیں گے "ہمارا قانون واپس کرو" ہم اس قانون کی منسوخی چاہتے ہیں" اسکے علاوہ نعرے تکبیر اللہ اکبر کی صدائیں گونجتی رہی۔ گزشتہ کل بانسبیڑیا کے کچھ آئمہ حضرات کیمو گرا تھانہ پولیس کی ایک خصوصی میٹنگ آج کی وقف ترمیمی قانون کو لیکر احتجاجی جلسہ کو لیکر ہوئی تھی۔ جہاں یہ طے پایا کہ بعد نماز جمعہ موگرا تھانہ کے تحت بانسبیڑیا بوڑو پاڑہ موڑ پر ایک احتجاجی جلسہ منعقد کی جائے گی۔ یہاں اس بات کو بار بار یاد دلائی گئی کہ "جلوس نہیں" احتجاجی جلسہ " ہوگا۔
آج اسی ہدایت کیمطابق نماز جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد تمام لوگوں کی قدم بوڑو پاڑہ کے جانب تھی۔ اس احتجاجی جلسہ کے مدنظر پولیس کی سخت چوکسی دیکھنے کو ملی۔ خاصی تعداد میں پولیس عملے لوگوں کی بھیڑ کیساتھ ساتھ ادھر ادھر راستے، چوراہے پر تعینات دیکھے۔ جلسے کا آغاز نہایت ہی عقیدت واحترام کیساتھ اسلامی طریقہ کار پر عمل کرتے ہوئے آئمہ حضرات نے کیا۔ جس میں بانسبیڑیا نجس جامع مسجد کے امام نعمت اللہ رضوی، جناتی مسجد اسلام پاڑہ کے امام مطیع الرحمن، غازی درگاہ شاہی مسجد کے امام قمرالدین حشمتی، بوڑو پاڑہ صوفیہ مسجد کے امام وضیح القمر، امام سمیع احمد، عبید رضاء اور دیگر کئی مساجد کے آئمہ حضرات اس جلسے میں شامل ہوئے۔ یہاں ایک چھوٹی اسٹیج بنائی گئی تھی جہاں سے ایک ایک کر کے باری باری سے آئمہ حضرات وقف ترمیمی قانون کے علاوہ کس طرح سے ملک کے مسلمانوں کے خلاف آئے دن نئی نئی حرکتیں کررہے ہیں۔ کیسے مرکزی حکومت اور اسکے لیڈران ملک کے مسلمانوں کو نیچا دیکھانے کیلئے حربہ استعمال کررہی ہے۔ آئے دن مسلمانوں کے خلاف نازیبا الفاظ انکے جانب سے ادا کی جارہی ہے۔ اسکے علاوہ مسلمانوں کی جائداد، مسجد، یہاں تک کہ قبروں کو بھی نشانہ بنایا جارہا ہے۔ کیا ہم اس ملک کے نہیں ہیں؟ یا کیا یہ ملک ہمارا نہیں ہے؟ کیا یہ بھول گئے ہیں کہ اس ملک کے لئے ہمارے آباواجداد کس طرح سے قربانیاں دی ہیں؟ اگر نہیں تو پھر انڈیا گیٹ کی دیواروں پر ملک کیلئے شہید ہونے والے ہمارے آباواجداد کے نام کیسے ہیں؟ وہاں شہید ہونے والوں میں آپکی ناموں کی تعداد کتنی ہے؟
اسکے علاوہ یہ وقف ترمیمی قانون کے نام پر ہمارے اوپر ایک اور سازشیں رچی جارہی ہے ہمیں اب ہماری جائداد کو ہم سے چھین لینے کی تیاریاں کی جارہی ہے۔ آخر یہ کیسا قانون؟ کیوں ہم پر زور زبردستی تھوپنے کی کوششیں کررہے ہیں۔ آپ کہتے ہیں کہ " سب کا ساتھ، سب کا بسواس اور سب کا وکاس" ان تینوں الفاظ میں ہم کہاں ہیں؟ کیا آپ ہمارے ساتھ ہیں؟ کیا ہم پر بسواس ہے؟ ہمارا وکاس کیا ہوا؟ بس ہمارے اوپر بولڈوجر چلانے جارہے ہیں ہماری مکانوں پر، مسجدوں پر، درس گاہوں پر یہاں تک کہ قبروں پر۔ اوپر سے کہتے ہیں کہ ملک کے غریب مسلمانوں کی ہماری فکر ہے یہ کیسی فکر جناب ہماری وقف کی گئی زمین جائداد پر قبضہ کررہے ہیں غیر قانونی بتا کر اسکے علاوہ ہماری وقف تنظیم، بورڈ، کمیٹی میں غیر مسلمانوں کو شامل کررہے ہیں، ایسا کیوں مال ہمارا اور اسکی نگرانی اس پر حکومت آپ کرینگے؟ یہ کیسا قانون یہ کیسا انصاف؟ ہاں اگر واقعی ملک اور یہاں کے مسلمانوں سے اتنی ہی ہمدردی ہے تو اس ملک میں ہمارے " وقف " جیسے کئی غیر مسلموں کے ادارے ہیں ان کی نگہبانی کیلئے ہمیں اسکا ممبر بنائیں، انکی تنظیم کی نگرانی ہمارے ہاتھوں میں بھی سونپیں کیوں؟
اسکے علاوہ آئمہ حضرات وقف ترمیمی اس قانون کی آڑ میں مسلمانوں سے اور کیا چھین لینے کی کوشش کی جارہی ہے اس پر روشنی ڈالی گئی۔ ساتھ دوران گزشتہ کل سپریم کورٹ کی جانب سے " وقف ترمیمی قانون " کو لیکر سماعت کے دوران جو نتیجہ آیا اسکے لئے آئمہ حضرات عدلیہ اعلیٰ کی بھرپور ستائش کرتے نظر آئے اور دعائیں کی گئی کہ ہماری وقف جائداد اور قانون کیلئے آئندہ پانچ مئی کو جو سماعت سپریم کورٹ میں ہونے جارہی ہے اللہ سے دعاء ہے کہ اس دن ملک کے مسلمانوں کے حق میں سماعت ہو اور ایسا ہو کہ مرکزی حکومت اوندھے منہ کو گرے۔ (آمین)
آخر میں یہ کہا گیا کہ مرکزی حکومت جب سے ہمارے پرانے وقف قانون کو ہمارے حوالے نہیں کردیتی تب تک ہمارا خاموش مظاہرہ، احتجاج جاری رہے گا۔

☆☆☆☆

فرفرہ میں متعدد پیر صاحبان نئے وقف بل کی مخالفت کررہے ہیں

ہگلی 18اپریل (نورالاسلام خان): ہم ایک ایسے ملک میں رہتے ہیں جہاں لوگوں کے بنیادی حقوق نہیں ہیں۔ اقلیتوں کا کوئی تحفظ نہیں! پھر وہ اپنی ہی وقف جائیداد چھین کر مسلمانوں کی مذہبی آزادی اور جمہوری سیکولرازم کو چھین رہے ہیں۔ مودی حکومت رات کو نوٹ بندی سمیت کئی عوام دشمن پالیسیوں کو نافذ کررہی ہے اور ملک کی نیندیں اڑا رہی ہے۔ جمعہ کے روز فرفرہ اجلاس میں ایسی کئی باتیں سننے کو ملی۔ ہمیں ملک کے وسائل اور آئین کے تحفظ کے لیے پرامن تحریک چلا کر نئے وقف بل کے خلاف احتجاج کرنا چاہیے۔ پیرزادہ عمران صدیقی نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو فرفرہ شریف میں متعدد پیر صاحبان کی جانب سے نئے وقف بل کی مخالفت میں بلائی گئی احتجاجی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار 26 اپریل کو بریگیڈ میدان میں تمام اقلیتی افراد کا ایک بہت بڑا جلسہ منعقد کیا جارہا ہے، انشاء اللہ۔ پیرزادہ محراب صدیقی نے کہا کہ مودی سرکار کہہ رہی ہے کہ ہندو خطرے میں ہیں لیکن درحقیقت ہندو خطرے میں نہیں بلکہ ملک اور اس کا آئین خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہندو اور مسلمان اس ریاست میں ہم آہنگی سے رہ رہے ہیں۔ اس ہگلی سے تھوڑے فاصلے پر سرداماں کا گھر، بنڈیل چرچ اور راج بلاوی مندر ہے اور فرفرہ شریف میں اس دور کے عظیم پیر دادا حضور کی رہائش گاہ ہے۔ پیرزادہ سابن صدیقی نے کہا کہ نئے وقف بل کے خلاف احتجاج کرنا ہمارا مذہبی فریضہ اور ذمہ داری ہے۔ آئین اور جمہوریت کے تحفظ کے لیے اس وقت تمام لوگوں کا اتحاد ضروری ہے۔ پیرزادہ عزیز صدیقی نے اس موضوع پر بہت بصیرت انگیز گفتگو کی۔ انہوں نے بڑی مہارت سے کالے قانون کے ہولناک پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ پیر عبداللہ صدیقی، پیرزادہ طاہر صدیقی، پیرزادہ صفیری صدیقی، پیرزادہ تمیم صدیقی، پیرزادہ عمار صدیقی، پیرزادہ سید آفتاب الدین حسین، پیرزادہ منہاج صدیقی، پیرزادہ مجاہد صدیقی، پیرزادہ حسین صدیقی اور دیگر مقررین نے گفتگو کی۔ اور کہا کہ مودی حکومت اس کالے قانون کو منسوخ کرے۔ بصورت دیگر ہماری مسلسل پرامن ناکہ بندی اور تحریک جاری رہے گی۔ انہوں نے 26 اپریل کو بریگیڈ کا کامیاب اجلاس طلب کیا۔

Aawami news
Kolkata
Saturday, 19th April 2025
Also published from Ranchi & Patna

کولکاتا
Kolkata

روزنامہ عوامی نیوز
کولکاتا
سنیچر، ۱۹/اپریل ۲۰۲۵ء

گورنر کا تشدد متاثرین سے ملنے مالدہ پہنچے، سنیچر کو مرشد آباد دورے کا امکان

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) راج بھون کے ذرائع نے اشارہ دیا کہ گورنر بوس سنیچر کو مرشد آباد کا دورہ کر سکتے ہیں۔ واضح ہو کہ مغربی بنگال کے گورنر C.V. آنند بوس جمعہ کے روز مالدہ ضلع میں ان متاثرین سے ملنے پہنچے جو مرشد آباد میں فرقہ وارانہ تشدد کی وجہ سے اپنے گھروں سے بھاگ گئے تھے۔ تاہم وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے ان سے اپنا دورہ ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی۔ گورنر نے کہا کہ میں تشدد سے متاثرہ علاقے میں جا رہا ہوں۔ بوس نے مالدہ کے لیے ٹرین میں سوار ہونے سے پہلے کولکاتا میں نامہ نگاروں کو بتایا۔ مزید کہا کہ میں متاثرین سے ملاقات کروں گا، تشدد سے متاثرہ علاقوں سے موصول ہونے والی رپورٹوں کی تصدیق کروں گا، اسپتالوں، متاثرین کی رہائش گاہوں اور ریلیف کیمپوں کا دورہ کروں گا۔ ریاستی پولس اور مرکزی فورسز مل کر کام کر رہی ہیں اور جلد ہی حالات معمول پر آجائیں گے۔ دورے کے بعد، میں اپنی سفارشات بھیجوں گا۔ مالدہ پہنچنے پر بوس نے کہا کہ کیمپوں میں، میں متاثرین کی شکایات سنوں گا، ان کی ضروریات جاننے کی کوشش کروں گا اور ان کے ازالے کے لیے فعال اقدامات کروں گا۔ خیال رہے کہ مرشد آباد ضلع کے شمشیر گنج، سوتی، دھولیاں اور جنگی پور علاقوں میں 11 اور 12 اپریل کو وقف (ترمیمی) ایکٹ کے خلاف مظاہروں کے دوران ہونے والے فرقہ وارانہ تشدد میں تین افراد ہلاک ہو گئے تھے۔ ضلع کے بہت سے باشندے مزید تشدد کے خوف سے پڑوسی مالدہ ضلع میں بھاگ گئے تھے۔ فسادات اور توڑ پھوڑ میں ملوث ہونے کے الزام میں اب تک 274 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ تشدد سے متاثرہ علاقوں میں نیم فوجی اور پولس دستے تعینات کیے گئے ہیں۔

قومی خواتین کمیشن کی ٹیم کولکاتا سے مالدہ کیلئے روانہ

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) وقف کے معاملے پر مرشد آباد میں کشیدگی ہے۔ اور اسی ماحول میں مرکز نے مداخلت کی۔ مرکز نے بدھ کی رات اعلان کیا کہ خواتین کے قومی کمیشن کا ایک تفتیشی وفد مغربی بنگال میں جا رہا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ ٹیم جمعرات تک مغربی بنگال پہنچ جائے گی۔ اور اسی کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ وفد جمعرات کی رات کولکاتا پہنچا۔ آج جمعہ کی صبح ٹیم کولکاتا سے مالدہ کے لیے روانہ ہوئی۔ وہاں بھی وقف کا مسئلہ ایک گرما گرم موضوع ہے۔ وہ وہاں کے حالات کا جائزہ لینے اور خواتین کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے وہاں موجود ہوں گی۔ وہاں سے ٹیم مرشد آباد جا سکتی ہے۔ غور طلب ہے کہ قومی کمیشن برائے خواتین کی ٹیم کی قیادت خود کمیشن کی چیئرپرسن وجے رہاٹکر کر رہی ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ خواتین کمیشن کے نمائندے پہلے عارضی پناہ گاہوں کا دورہ کریں گے اور متاثرہ اور بے گھر خواتین سے بات کریں گے۔

ایم ایل اے کے علاج پر لاکھوں روپے خرچ، اسپیکر کا حقیقت جاننے کیلئے اسپتال کو کال

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) بنگال میں ایم ایل اے کے ساتھ سلوک سے متعلق بل کو لے کر کئی بار سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ کئی بار بحث و مباحثہ ہو چکے ہیں۔ اس بار بنگال اسمبلی انتظامیہ ایم ایل اے کی صحت سے متعلق بل پر روک لگانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اسمبلی نے عینک کی قیمت مقرر کر دی۔ ایم ایل اے کو عینک کے لیے زیادہ سے زیادہ 5000 روپے ملیں گے۔ حال ہی میں، مرشد آباد میں حکمراں پارٹی کے ایک ایم ایل اے کی آنکھ کا آپریشن ہوا۔ وہ بائی پاس پر واقع ایک پرائیویٹ اسپتال میں زیر علاج تھے۔ مرشد آباد کے ایم ایل اے نے آنکھوں کے آپریشن سے متعلق ضروری لینز اور دیگر چیزوں کے لیے لاکھوں روپے سے زیادہ کا بل پیش کیا ہے۔ اس کے بعد عینکوں کی قیمت اور اسپتال کے بستروں کی قیمت کو دوبارہ واضح کیا گیا۔ معاملہ سامنے آنے کے بعد اسمبلی اسپیکر بمان بنرجی نے بھی نجی اسپتال انتظامیہ سے بات کی۔ وہ ساری بات جاننا چاہتے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ اسپتال کے حکام نے اسپیکر کے سامنے پہلے ہی اپنی پوزیشن واضح کر دی ہے۔ اگرچہ اسمبلی کے عہدیداروں نے چشموں اور بستروں کے مسئلہ پر فیصلہ کیا ہے، لیکن اسپیکر مرشد آباد ایم ایل اے کے بل کی مکمل جانچ کے بعد ہی کوئی فیصلہ لیں گے۔ اسپیکر نے کہا ہے کہ میں ہر چیز کا جائزہ لے کر فیصلہ کروں گا۔ واضح ہو کہ 2013 میں اس وقت کی پناہ گزینوں کی بحالی کی وزیر ساوتری مترا نے 99,880 روپے کا بل پیش کیا تھا۔ اس بل کے بارے میں ساوتری نے کہا تھا کہ انہوں نے پارک اسٹریٹ کی ایک دکان سے دو جوڑے عینک منگوائے تھے۔ ہر ایک کی قیمت 35,000 روپے تھی۔ انہوں نے بل جمع کرایا، جس میں عینکوں کے ایک اور جوڑے کی مرمت کا خرچ اور روزانہ کی دوائی کا خرچ شامل تھا۔ تنازعہ کی وجہ سے ساوتری مترا نے اپنے اخراجات کا بل واپس لے لیا۔ بعد میں وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے اسمبلی میں کہا تھا کہ کوئی بھی ایم ایل اے عینک پر 5000 روپے سے زیادہ خرچ نہیں کرے گا۔ مرشد آباد کے ایک ایم ایل اے کے واقعہ کے بعد اسمبلی عہدیداروں نے پھر سے اس کی یاد دلائی ہے۔ اسپتال کے بستروں کی قیمت پر بھی تنازعہ کھڑا ہو گیا ہے۔ اسمبلی ایک بستر کے لیے زیادہ سے زیادہ 8000 روپے فراہم کرے گی۔ تاہم اگر یہ ICU یا ITU ہے، تو اسمبلی اس معاملے پر الگ سے غور کرے گی اور فیصلہ کرے گی۔

☆

کولکاتا کے بریگیڈ پریڈ گراؤنڈ میں جمعہ کو CITU ریلی کی تیاری میں مصروف

ایس ایس سی معاملے کو لیکر ہائی کورٹ میں نیا مقدمہ دائر

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) 3 اپریل کو سپریم کورٹ نے تقریباً 26,000 نوکریوں کی منسوخی کے معاملے میں ہائی کورٹ کے حکم کو برقرار رکھا۔ SSC2016 کا پورا پینل منسوخ کر دیا گیا۔ ایسے وقت میں اساتذہ سر پر ہاتھ پکڑ کر بیٹھ چکے ہیں۔ مظاہرے، احتجاجی جلسے ہو رہے ہیں۔ لیکن اب معاملہ مختلف ہے۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ جن لوگوں کو نااہل کے طور پر نشان زد کیا گیا ہے وہ اپنی اب تک کی تنخواہوں کی پوری رقم واپس کریں۔ سپریم کورٹ نے یہ حکم دو ہفتے قبل جاری کیا تھا۔ لیکن معاملہ جوں کا توں ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ہائی کورٹ کے حکم کے باوجود رقم واپس نہیں کی جا رہی ہے، نہ لی جا رہی ہے اور نہ ہی کوئی کارروائی شروع کی گئی ہے۔ OMR بھی جاری نہیں کیا گیا ہے۔ ریاستی حکومت نے بھی تنخواہوں کی واپسی کے لیے کوئی پہل نہیں کی ہے۔ نام نہاد نااہل اب بھی اسکول جا رہے ہیں، پڑھا رہے ہیں اور کلاسیں لے رہے ہیں۔ ان کے نام بھی پورٹل سے نہیں ہٹائے گئے۔ مختصراً یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ سپریم کورٹ کی توہین کی گئی ہے۔ وکلاء سدیپتا داس گپتا اور وکرم بنرجی نے ایک بار پھر ریاستی حکومت کے خلاف توہین عدالت کا مقدمہ دائر کیا ہے، جو عام طور پر ان مسائل کو اجاگر کرتے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ عدالت نے ملازمت میں بدعنوانی کے معاملے میں او ایم آر شیٹس جاری کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس حکم پر ابھی تک عمل درآمد نہیں ہوا۔ دریں اثنا، سماعت زیادہ دیر باقی نہیں ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ جسٹس دیبانکشو بساک کیس کی سماعت کریں گے۔ اس کیس کی سماعت اگلے سوموار کو ڈویژن بنچ میں ہونے والی ہے۔

کولکاتا: چلتی بس میں آگ، 40 مسافر بال بال بچے

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) کولکاتا میں جمعرات کی رات ایک پرائیویٹ بس میں اچانک آگ لگ گئی، جس کی وجہ سے تقریباً 40 مسافر بال بال بچ گئے۔ ایک فائر اہلکار نے بتایا کہ تین فائر انجن نے آگ پر قابو پالیا اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولس افسر نے بتایا کہ کولکاتا سے پرولیا جا رہی بس کی رفتار دھیمی تھی۔ آگ لگنے کے بعد مسافر محفوظ مقامات کی طرف بھاگ گئے۔ واضح ہو کہ جمعرات کی آدھی رات کو ودیا ساگر پل پر ایک پرائیویٹ بس میں اچانک آگ لگ گئی، جس کی وجہ سے تقریباً 40 مسافر بال بال بچ گئے۔ عینی شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے ایک پولس اہلکار نے بتایا کہ بس جو کولکاتا سے پرولیا جا رہی تھی، آہستہ چل رہی تھی اور اس وجہ سے آگ لگنے کے بعد مسافر محفوظ مقامات کی طرف بھاگ گئے۔

کولکاتا میں گڈ فرائیڈے کے موقع پر مسیحی برادری کی جلوس کا منظر

امیت ورما (ڈپٹی کمشنر، مسلح افواج) اور آلوک سانیال (ACP، کولکاتا پولس) جمعہ کو تقریب میں MAAsterG–موٹیویشنل اسپیکر کو مبارکباد دیتے ہوئے۔

کولکاتا کے بڑا بازار میں جعلی گھی کا خرید و فروخت عروج پر

کولکاتا، 18/اپریل: (عوامی نیوز سروس) ملاوٹ شدہ گھی ندیا کے پھولیا چاکدہ سے آگے مرشد آباد اور کولکاتا کے بارا بازار تک پہنچ رہا ہے۔ صرف مقامی دکاندار ہی نہیں بلکہ کئی معاملات میں کئی معروف کمپنیاں بھی ملاوٹ شدہ مصنوعات کی خریدار ہوتی ہیں۔ لہٰذا پولس کی جانب سے گاہے بگاہے چھاپے مارے جانے کے باوجود ملاوٹ میں ملوث تاجر زیادہ منافع کے لالچ میں اپنا کاروبار ترک نہیں کر سکتے۔ واضح ہو کہ پھولیا میں مختلف جگہوں کی تلاشی سے پتہ چلا کہ سو سے زیادہ ایسے پتے ہیں جہاں ملاوٹ شدہ گھی بنایا جاتا ہے۔ ان میں قابل ذکر علاقے بوسچا گھوش پاڑہ، صاحب ڈانگا، بیلی مٹھ، بکن پاڑہ، اور بوریا ہیں۔ ان علاقوں میں مختلف مقامات پر گھی بنانے کے کارخانے ہیں۔ ان میں کئی مقامات پر ملاوٹ شدہ گھی تیار کیا جاتا ہے۔ ملاوٹ شدہ گھی، ڈالڈا، پام آئل، نقصان دہ کریم اور متعدد کیمیکلز کے مرکب سے بنایا گیا، ریاست کے مختلف حصوں میں مارکیٹ کیا جا رہا ہے۔ پولس ذرائع کا کہنا ہے کہ ندیا ضلع کے مختلف بازاروں میں ملاوٹ شدہ گھی فروخت کیا جا رہا ہے۔ یہ مقامی دکانداروں کے ذریعے فروخت کیا جاتا ہے اور خوردنی گھی بن کر عام لوگوں کے گھروں تک پہنچ جاتا ہے۔ تاہم، صرف ندیا میں ہی نہیں، مخصوص ڈسٹری بیوٹرز کے ذریعے مرشد آباد سے کولکاتا تک ملاوٹ شدہ گھی سپلائی کیا جاتا ہے۔ پولس اور ای بی کو متعدد تحقیقات کے ذریعے اطلاع ملی ہے کہ ٹن ملاوٹ شدہ گھی بڑی مقدار میں بڑا بازار کے ہول سیل مارکیٹ میں پہنچ رہا ہے۔ تاہم پولس ذرائع کے مطابق اور ملاوٹ شدہ گھی کے کاروبار کے بارے میں ایک انتہائی سنسنی خیز حقائق کے مطابق، بعض اوقات ملاوٹ شدہ گھی کے خریدار متعدد معروف کمپنیاں ہوتی ہیں۔ ملاوٹ شدہ گھی، برانڈڈ ٹن یا ڈبوں کے پیچھے چھپایا جاتا ہے، ریاست کے مختلف اضلاع کے بازاروں میں پہنچ جاتا ہے۔ اور اسی طرح مینوفیکچررز کے لیے ملاوٹ کا مطلب زیادہ منافع ہے۔ بہت سے معاملات میں، ملاوٹ شدہ گھی بنانے والوں کے خلاف معروف برانڈز کے ٹن استعمال کرنے کے الزامات بھی ہیں۔ لیکن یہ سب کچھ جاننے کے باوجود کیوں نہیں رکتا؟ دیکھا گیا ہے کہ پھولیا جیسی عام جگہ پر بنایا گیا ملاوٹ شدہ گھی کسی نامور کمپنی تک پہنچ جائے تو اس کا کوئی ناقابل تردید ثبوت نہیں ملتا۔ مزید برآں، ملاوٹ شدہ گھی کے کاروبار کے پیچھے ایک وجہ سیاست یا سیاسی شخصیات کی حمایت ہے۔ مختلف حلقوں کو بڑی رقم کی پیشکش کر کے غیر قانونی کاروبار آسانی سے جاری رکھا جا سکتا ہے۔ نتیجتاً، یہ جاننے کے باوجود کہ یہ ملاوٹ شدہ ہے، لوگوں کا ایک گروہ محض منافع کے لالچ میں انتہائی نقصان دہ ملاوٹ والا گھی دن بہ دن لوگوں کے گھروں تک پہنچا رہا ہے۔ اگرچہ ندیا کے ضلع چیف ہیلتھ آفیسر جیوتیش چندر داس کا دعویٰ ہے کہ ملاوٹ شدہ گھی کو پکڑنے کے لیے باقاعدہ مہم چلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم باقاعدہ چھاپے مارتے ہیں۔ ملاوٹ شدہ گھی تلاش کرنے پر مالی جرمانہ ہے۔ تاہم، بہت سے لوگ چراغ جلانے کے لیے گھی بناتے ہیں۔ اس صورت میں، معیار مختلف ہوتا ہے۔

☆

دلیپ گھوش کی ماں کی اجازت سے شادی کا فیصلہ

سپریم کورٹ نے نئے وقف قانون پر عارضی طور پر روک لگا دی ہے جس سے مسلمانوں کو خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ سپریم کورٹ کے جج سنگل بینچ یا ڈویژن بینچ کسی بھی وقت پر دباؤ میں آجائیں گے کیونکہ اس وقت ملک کے حالات اسٹنٹ فلموں کے تہلکہ خیز مناظر جیسے گزر رہے ہیں۔ عدالت میں قتل کرنا، جج کو دھمکی دے کر اپنی بات منوانا، راتوں رات ضدی جج کا تبادلہ کر دینا اور سپریم کورٹ کے جج کے عہدے سے ہٹا کر جھاڑ کھنڈ کی دیوانی عدالت کا جج بنا دینا، یہ سب موجودہ فرقہ پرست حکومت کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ جج چاہے دیوانی عدالت کے ہوں یا سپریم کورٹ کے، ہیں تو وہ عام انسان ہی اور انسان کو کیسے ڈرایا دھمکایا جاتا ہے یہ سب ہو رہا ہے اور اس وقت سپریم کورٹ کے جج نے نئے وقف قانون پر جا عارضی طور پر روک لگائی ہے تو اس جج کو ایک ہفتے کے اندر اندر تبادلہ کیا جاسکتا ہے یا زبردستی قبل از وقت ریٹائر ہونے پر مجبور کیا جاسکتا ہے اور یہ سب کچھ اس ملک میں اب جائز ہے۔ کسی کے پشتینی جائیداد پر غاصبانہ قبضہ کر لینا اور اس غاصبانہ قبضہ کو قانونی بنانے کے لئے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے اپنے چیلے چپاٹوں کے ووٹ اور غدار قوم اور ننگ وطن جیسے وزراء اعلیٰ جنہوں نے مسلمانوں کے ووٹوں کی بدولت اپنی حکومت بنائی اور جب وقف بل ترمیمی کے معاملے میں ان کی حمایت مانگی گئی تو وہ دونوں اپنے آقا بی جے پی کے اشارے پر ناچنے لگے۔ گزشتہ جمعرات 17 اپریل کو سپریم کورٹ نے اہم فیصلوں میں نئے وقف قانون کی اہم شقوں پر عارضی روک لگائی ہے اور بی جے پی حکومت کو ہدایت دی ہے کہ اگلی سماعت تک حکم امتناعی برقرار رہے۔ یہ روک سات دنوں کیلئے لگائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی قیادت والی سہ رکنی بینچ نے کہا کہ سنٹرل وقف کونسل اور اوقاف بورڈ میں تاحال کوئی تقرری نہ ہو اور وقف بائی یوزر (استعمال کیلئے) جو جائیداد 1997 کے قانون کے تحت درج کی گئی ہے اسے چھیڑا نہ جائے۔ سپریم کورٹ نے اس کیس کی اگلی سماعت مئی کے پہلے ہفتے تک روک دی ہے اور کہا کہ اس کیس کی اگلی شنوائی 5 مئی کو ہوگی لیکن مرکزی حکومت کو جواب داخل کرنے کیلئے ایک ہفتے کا وقت دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے نئے ترمیمی وقف قانون کے خلاف تقریباً 63 عرضداشتوں پر سماعت کرتے ہوئے کئی نکات پر مرکزی حکومت سے جواب طلب کیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ وہ اس قانون کی چند شقوں پر روک لگا سکتی ہے اس سلسلے میں ایسا امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ سپریم کورٹ اس سلسلے میں قانون کی جو کچھ دفعات ہیں جن میں غیر مسلموں کی سنٹرل وقف کونسل اور وقف بورڈ کی نامزدگی اور وقف جائیدادوں سے کلکٹرز کے رول کے بارے جو تنازعات ہیں وہ اس پر روک لگا سکتی ہے۔ عدالت عظمیٰ کی سہ رکنی بینچ نے اس سلسلے میں اس قانون کی جو دفعات ہیں جن میں غیر مسلموں کی سنٹرل وقف کونسل اور وقف بورڈ میں نامزدگی اور وقف جائیدادوں کے تعلق سے کلکٹرز کے رول کے بارے میں جو تنازعات ہیں اس پر روک لگا سکتی ہے۔ عدالت نے اس بابت اتنا ضرور کہا کہ وہ وقف قانون کے بارے میں آرڈر پاس کر سکتی ہے تاکہ اس میں متاثرہ پارٹی کے جو خدشات ہیں انہیں دور کیا جاسکے۔ یہ بات بھی نوٹ کرنے والی ہے کہ عدالت نے سماعت کے دوران یہ بھی کہا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ صدیوں پرانی وقف جائیدادوں کا رجسٹریشن ہو جن میں بہت ساری مساجد اور دوسرے تاریخی عبادت گاہیں شامل ہوں۔ تو ان صدیوں پرانے وقف جائیدادوں کا رجسٹریشن تو بہت بڑا مسئلہ ہے۔ عدالت نے مرکزی حکومت کے وکیل سے یہ سوال بھی پوچھا تھا کہ کیا وہ ہندوؤں کی عبادت گاہیں اور ٹرسٹوں میں غیر ہندوؤں خصوصاً مسلمانوں کو نمائندگی دیں گے؟ کیا مسلمان ہندو ٹرسٹ کے ممبر بن سکتے ہیں؟۔

عدالت کی طرف سے یہ سوال پوچھے جانے پر مرکزی حکومت کا وکیل سناٹے میں نظر آنے لگا اور اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ وہ عدالت کے اس سوال کا کیا جواب دے۔ اگر وہ اقرار کرتا ہے کہ ہندوؤں کے ٹرسٹ میں کسی مسلمان کو کیسے شامل کیا جاسکتا ہے تو عدالت ان سے فوراً ہی یہ جواب بھی مانگے گی کہ جب آپ کسی مسلمان کو ہندوؤں کے ٹرسٹ کا ذمہ دار نہیں بنا سکتے تو پھر وہ کس منہ سے مسلمانوں کے ٹرسٹ میں شامل ہونے کی بات کر رہے ہیں۔ یہ امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ سپریم کورٹ چند متنازع معاملات میں روک لگا سکتی ہے۔ عرضی گزاروں کے وکیل اور سابق مرکزی وزیر کپل سبل نے عدالت کو بتایا کہ وقف ایک مذہبی معاملہ ہے اور یہ اسلام کی روح سے وابستہ ہے اور اس میں ترمیم جیسی واہیات حرکت مسلمانوں کے مذہبی امور میں سراسر مداخلت ہے۔ سپریم کورٹ نے جن 63 عرضیوں پر سماعت کی اس میں سبھی نے مذہبی امور پر مداخلت کی بات کہی۔ عدالت کی رائے پر نائب صدر جمہوریہ نے بی جے پی اہلکار کے طور پر کہا کہ اب جج بھی پارلیمانی اہمیت سے اوپر ہو گئے ہیں۔ جگدیپ دھنکڑ جب بنگال کے گورنر تھے تو بی جے پی کا دفتر بنا رکھا تھا راج بھون کو۔ (رخ الف ف)

بی جے پی کی فرقہ پرست حکومت کے الٹتے ہی تمام عوام دشمن قوانین کوڑے کے ڈبے میں جائیں گے

خورشید فرازی

وزیر اعلیٰ مغربی بنگال اور حکمراں جماعت ترنمول کانگریس کی سپریمو ممتا بنرجی نے بہت ہی سخت لہجہ استعمال کرتے ہوئے کہا کہ ایک مرتبہ مرکز سے فرقہ پرست حکومت کا تختہ پلٹے تو اس کے ساتھ ہی اس بکواس حکومت کی تمام عوام دشمن پالیسیوں کو کچل دیا جائے گا اور پھر پورے ملک میں عوام دشمن پالیسیوں کا کہیں پتہ نہیں چلے گا۔ اس وقت متنازع اور عوام دشمن بلکہ مسلم دشمن وقف بل (ترمیمی) کو اٹھا کر پھینک دیا جائے گا۔ کولکاتا میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ مغربی بنگال میں ہم کسی بھی قیمت پر وقف ترمیمی بل کو نافذ نہیں ہونے دیں گے اور بی جے پی لاکھ سر پٹخ لے لیکن اسے مغربی بنگال سے صرف مایوسی کا سامنا کرنا پڑیگا۔ ممتا بنرجی نے یہ بھی کہا کہ ایک سال کے اندر اندر دہلی میں بہت کچھ تبدیل ہوگا اور وہاں ایک نئی حکومت کا قیام عمل میں آئے گا اور اس دن جب بی جے پی سے بے دخل ہوگی تو یہ سارے عوام دشمن، غریب دشمن اور کسان دشمن قوانین کو ایک ہی جھٹکے میں ختم کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا ہمیں ایک بہتر مستقبل کی راہ دیکھنی ہے اور ہمت نہیں ہارنا ہے بلکہ اس عوام دشمن حکومت کا خاتمہ دیکھے بغیر مطمئن نہیں ہونا ہے اور اس ظالم اور دستور مخالف حکومت کا خاتمہ کرنا ہے اور میں لوگوں کو یقین دلاتی ہوں کہ ایک سال کے اندر اندر دہلی میں بڑی زبردست تبدیلی دیکھنے میں آئے گی اور سر پر غرور کے غبارے کی ہوا نکل جائے گی اور وہ جس انداز میں غرور اور فخر کے ساتھ عوام دشمن پالیسیوں کو متعارف کراتے ہیں ان سب کی ہوا نکل جائے گی جس کی آواز دینا سنے گی اور اس حکومت کا تختہ الٹے بغیر ہم چین کی سانس نہیں لیں گے۔ نیتاجی انڈور اسٹیڈیم میں اقلیتی برادری کو براہ راست مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں تمام لوگوں سے اپیل کرتی ہوں کہ وہ اپنے اوسان نہ کھوئیں اور نہ ہی قانون کو اپنے ہاتھوں میں لینے کی کوشش

کریں۔ کیونکہ اگر وہ قانون شکنی کرتے ہیں تو فرقہ پرستوں کو طعنہ مارنے اور صورتحال کو کشیدہ بنانے میں مدد ملے گی اور یہ ٹھیک نہ ہوگا۔ انہوں نے وقف ترمیمی بل کے بارے میں کہا کہ مسلمانوں کو کسی بھی حالت میں اپنے اوسان نہیں کھونے چاہئے۔ کیونکہ ابھی بھی یہ معاملہ عدالت میں ہے اور عدالت کے فیصلے کا ہم سب احترام کریں گے اور مجھے پوری امید ہے کہ عدالت کے فیصلے سے اقلیتوں کو مایوسی نہیں ہوگی کیونکہ اس شاطر اور فرقہ پرست حکومت کی قلعی کھل چکی ہے اور اب سبھی یہ محسوس کر رہے ہیں کہ یہ حکومت اقلیتوں کے خلاف کارروائی کر رہی ہے اور ان کا حق اور ان کی امانت چھین رہی ہے اور ہم کسی بھی قیمت پر ان کی اس سازش کو ناکام بنادیں گے۔ اس وقت وقف بحران پورے ملک میں گہرا گیا ہے اور صورت حال ایسی ہوگئی ہے کہ ملک کے 95 فیصد سیکولر لوگ ایک مرتبہ پھر سے ڈانڈی مارچ کرتے ہوئے انگریزوں کے پٹھوؤں کو ملک بدر کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوسکتے ہیں کیونکہ اب تو حد کی بھی حد ہو چکی ہے جس دن بی جے پی حکومت نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے کسی طرح سے وقف ترمیمی بل 2024 کو منوالیا تھا اس وقت ملک کے گرجا گھروں کے پادریوں نے مودی حکومت کی ستائش کی تھی کہ انہوں نے وقف معاملہ میں جو فیصلہ لیا وہ صد فیصد صحیح ہے۔ لیکن دو دن بعد ان گرجا گھروں کے پادریوں کے منہ میں خاموشی طاری ہوگئی جب آر ایس ایس کی طرف سے نریندر مودی حکومت سے کہا گیا کہ ملک بھر کے گرجا گھروں کے ساتھ کتنی زمینیں انہیں الاٹ کی گئی تھیں ان تمام گرجا گھروں کے الاٹمنٹ کے کاغذات دیکھے جائیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ ایک بڑے گرجا کیساتھ جو چاروں طرف سے 200 میٹر سے زیادہ زمینوں کی الاٹمنٹ ہے ان سبھی الاٹمنٹ کے اوریجنل کاغذات دیکھے جائیں۔ آر ایس ایس کی زبانی یہ سن کر تو تمام گرجا گھروں کے پادریوں کو سناٹے میں آجانا اور پھر انہیں احساس ہوا کہ وقف ترمیمی بل کے معاملے میں نریندر مودی کو مبارکباد پیش کرنا مہنگا پڑ گیا۔ ویسے گرجا گھروں کے اتھارٹی کو یقین ہے کہ بی جے پی حکومت اگر مسجدوں، مزارات، درگاہوں اور عیدگاہوں جیسا سلوک اگر گرجا گھروں کے ساتھ کرے گی تو امریکہ، برطانیہ، آسٹریلیا اور فرانس خاموش نہیں بیٹھے گا لیکن اس وقت امریکہ، برطانیہ اور آسٹریلیا فرانس کے جو حکمراں ہیں وہ خود ہی دو نمبری اور انتہائی مکار شخص ہیں اور ان کے دلوں میں اب نہ گرجا گھروں سے کوئی رغبت ہے اور نہ ہی ہندستانی عیسائیوں سے جس طرح سے ہندستانی مسلمانوں کی کہیں داد ہے نہ فریاد ہے۔

ممتا بنرجی نے کہا کہ بی جے پی حکومت وقف قانون میں تبدیلی کرنے کیلئے چھٹپٹا رہی تھی تو پھر اس نے دستور ہند میں تبدیلی کرنے کی کوشش کیوں نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ بنگال کے بہت سارے ہندوؤں نے بھی اپنی زمینیں وقف بورڈ کو بھینٹ کی ہیں۔ اس موقع پر ممتا بنرجی نے ابن الوقت نتیش کمار اور چندرا بابو نائیڈو پر بھی لعنت ملامت کی جو انتہائی خود غرض نکلے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ ادیتہ ناتھ پر بھی پھٹکار بھیجی جس نے مرشد آباد کے تشدد دانہ واقعات پر کہا کہ مرشد آباد جل رہا ہے اور وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی خاموش ہیں جس پر ممتا بنرجی نے اس تھرڈ کلاس ریمارکس پر لعنت بھیجتے ہوئے اس تھرڈ کلا وزیر اعلیٰ پر بھی لعنت بھیجی جس نے کہا کہ احتجاجیوں کو صرف ڈنڈے سے ٹھنڈا کیا جاسکتا ہے۔ مودی حکومت نے وقف معاملہ میں احتجاج سے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کو روکنے کیلئے اس پر نیشنل ہیرالڈ سے منی لانڈرنگ کا الزام لگایا اور اتنی ہمت ہوئی کہ سونیا گاندھی پر بھی ای ڈی کے الزام لگایا تو سوچنے والی بات ہے کہ یہ حکومت کس حد تک گری ہوئی ہے۔

وقف پر حکومتی قبضے کے مہلک اثرات

سید واصف اقبال گیلانی

وقف کا نظام اسلام کے ان عظیم معاشی و سماجی نظریات میں سے ایک ہے جس نے مسلم تہذیب کو صدیوں تک فلاح، علم، اور عدل کا مرکز بنائے رکھا۔ وقف، صدق؟ جاریہ کی وہ صورت ہے جو نہ صرف مال کے پاکیزہ استعمال کی ضمانت دیتا ہے بلکہ سماج کے پسماندہ، مجبور، اور تعلیم سے محروم طبقات کے لیے ایک امید بن کر ابھرتا ہے۔ خلافت راشدہ سے لے کر خلافت عثمانیہ تک، وقف کا ادارہ مسلم معاشرت کی ریڑھ کی ہڈی رہا ہے۔ لیکن جب ہم موجودہ ہندوستان میں وقف کے قانونی و سیاسی مستقبل پر نظر ڈالتے ہیں تو ایک گہری سازش کا پتہ چلتا ہے — ایک ایسی منظم کوشش جو بدعنوانی کے نام پر، شفافیت کے نعرے کے پردے میں، دراصل مسلمانوں کی اجتماعی و دینی خودمختاری کو سلب کرنے پر تلی ہوئی ہے۔ حالیہ وقف ترمیمی قوانین اور حکومتوں کی من مانیاں اس جانب اشارہ کرتی ہیں کہ اصل نشانہ یہ نہیں کہ وقف کی حفاظت ہو، بلکہ یہ کہ وقف کی زمینیں حکومتی و کارپوریٹ مفادات کی نذر کر دی جائیں۔ یہ مضمون اسی نکتہ پر روشنی ڈالتا ہے کہ کیسے وقف کو بدعنوانی کا نشانہ بنا کر اس کے وجود کو مٹانے کی کوشش کی جا رہی ہے، اور یہ کہ اگر یہ سلسلہ نہیں رکا تو مستقبل میں اس کے معاشرتی، دینی اور تہذیبی نتائج کیا ہوں گے۔ یہ ایک علمی، دینی، اور آئینی دفاع ہے — صرف وقف کے لیے نہیں، بلکہ پوری ملت اسلامیہ ہند کے لیے۔ وقف، اسلامی شریعت کا وہ مستقل ادارہ ہے جو کسی بھی امت مسلمہ کے سماجی، تعلیمی، اور دینی استحکام کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا نظام ہے جو صدق؟ جاریہ کے اصول پر قائم ہوتا ہے، جہاں کوئی فرد اپنی کسی ملکیت کو اللہ کی رضا کے لیے ہمیشہ کے لیے وقف کر دیتا ہے تاکہ اس سے آنے والی نسلیں فیض یاب ہوں۔ لیکن جب اس اسلامی ادارے کو ریاستی طاقت کے بل پر قانوناً اپنے قبضے میں لینے کی کوشش کی جائے تو یہ صرف ایک انتظامی فیصلہ نہیں ہوتا بلکہ ایک تہذیبی حملہ ہوتا ہے۔ شریعت محمدی؟ میں وقف کو "تحبیس الاصل وتسبیل المنفعت" کہا گیا ہے — یعنی اصل جائیداد کو روکا جائے اور اس کی منفعت اللہ کے راستے میں وقف کی جائے (فقہ حنفیہ، الہدایہ: جلد 2، باب الوقف)۔ اس اصول کی رو سے کوئی بھی ریاست، حتیٰ کہ اسلامی خلافت بھی، کسی وقف شدہ مال کو واپس نہیں لے سکتی کیونکہ وہ اب نہ خریدا جاسکتا ہے، نہ بیچا جاسکتا ہے، نہ وراثت میں دیا جاسکتا ہے، اور نہ ہی ریاستی ملکیت میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ خلافت راشدہ کے دور سے لے کر عثمانی خلافت تک، وقف کے ادارے کو ریاستی سیاست سے مکمل طور پر آزاد رکھا گیا۔ عثمانی خلافت میں تو "وزارتِ اوقاف" ایک خودمختار اور معتزز ادارہ تھی، جو خلافت کے دیگر محکموں سے اعلیٰ مقام رکھتا تھا۔ وہاں وقف کی جائیدادوں پر نہ صرف شریعت کے مطابق نگرانی ہوتی تھی بلکہ عوامی احتساب اور علماء ؒ کی مشاورت کے ساتھ اس کی نگرانی کی جاتی تھی۔ اس کے برعکس، ہندوستان میں جب ایسٹ انڈیا کمپنی نے مسلمانوں کی سیاسی خودمختاری پر قبضہ کیا تو انہوں نے صرف زمینیں نہیں چھینی، بلکہ ادارہ؟ وقف کو بھی کمزور کر کے اسے انتظامی مشینری میں ضم کرنے کی کوشش کی۔ لارڈ ڈلہوزی کا "Doctrine of Lapse" اسی سوچ کی عملی شکل تھا، جس نے مسلمان نوابوں اور حکمرانوں کی ریاستوں کو اس بنیاد پر ہتھیا لیا کہ وہاں "قانونی جانشین" نہیں ہے۔ اب اسی منطق کو بدل کر وقف کی جائیداد پر نافذ کرنے کی کوشش ہو رہی ہے — کہ چونکہ وقف بورڈ بدعنوان ہے، اس لیے حکومت کو اختیار دیا جائے کہ وہ اس پر قابض ہو جائے۔ بھارت کا آئین دفعہ 26 میں تمام مذاہب کو اپنے مذہبی ادارے قائم کرنے اور چلانے کا بنیادی حق دیتا ہے۔ جب حکومت وقف جائیدادوں کو اپنی تحویل میں لینے کی کوشش کرتی ہے تو یہ نہ صرف شریعت، بلکہ آئین ہند کی بھی صریح خلاف ورزی ہے۔ اگر یہ منطق مان لی جائے کہ بدانتظامی کی بنیاد پر قبضہ جائز ہے، تو پھر مندر بورڈز، چرچ ٹرسٹس، یا جین مت کے ادارے بھی ریاستی کنٹرول میں جانے چاہئیں، کیونکہ بدعنوانی صرف وقف بورڈ تک محدود نہیں ہے۔ آج وقف جائیدادوں پر سرکاری قبضے کے جواز میں بدعنوانی کو پیش کیا جاتا ہے، لیکن درحقیقت نیت یہ نہیں کہ بدعنوانی ختم کی جائے، بلکہ مقصد یہ ہے کہ لاکھوں کروڑوں کی قیمتی اراضیات کو "ریاستی پالیسی" کے نام پر سستے داموں اپنے قریبی کارپوریٹ حامیوں کو دے دی جائے — جیسا کہ ہم نے ممبئی میں انبانی کے بنگلے کی مثال میں دیکھا، جہاں وقف زمین پر اینٹیلا جیسا محل کھڑا ہے لیکن وقف کو کرایہ تک نہیں دیا گیا۔

اگر یہی سلسلہ جاری رہا، تو مستقبل میں:

مدارس اور دینی جامعات ختم ہو جائیں گی۔ مساجد کی زمینوں پر شاپنگ مال اور کارپوریٹ پروجیکٹس بنیں گے۔ یتیم خانے اور بیواؤں کے لیے قائم ادارے بند ہوں گے۔ مسلمان تعلیم، روزگار، اور سماجی فلاح میں مزید پچھڑ جائیں گے۔ وقف، اسلامی تہذیب کا وہ نادر ادارہ ہے جس نے تاریخ میں نہ صرف فلاحی اقدار کو جنم دیا بلکہ معاشرے کے کمزور طبقوں کے لیے امید کا چراغ روشن رکھا۔ وقف وہی روحانی و سماجی پل ہے، جس پر علم، خدمت، عبادت اور رفاہ کے قافلے گزرتے ہیں۔ لیکن آج جب ہم ہندوستان جیسے ملک میں وقف کی حالتِ زار پر نظر ڈالتے ہیں، تو ایک تلخ حقیقت سے روبرو ہوتے ہیں کہ وقف کو بدعنوانی، بدانتظامی اور لاپرواہی کا بہانہ بنا کر درحقیقت ایک بڑے قبضے کے منصوبے کے تحت استعمال کیا جارہا ہے۔ یہ منصوبہ محض قانونی یا انتظامی نوعیت کا نہیں، بلکہ تہذیبی اور دینی آزادی پر حملہ ہے۔ حکومتِ ہند اور اس کی پشت پناہی کرنے والی اکثریتی قوتیں وقف پر کنٹرول کو بدعنوانی کے خاتمے کا جواز بنا کر پیش کر رہی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا وقف ہی وہ واحد ادارہ ہے جس میں بدعنوانی پائی جاتی ہے؟ کیا بھارت کا کوئی محکمہ، کوئی شعبہ ایسا ہے جو مکمل شفافیت اور ایمان داری سے چل رہا ہو؟ اگر نہیں، تو پھر وقف ہی کو تختہ؟ مشق کیوں بنایا جارہا ہے؟ یہاں دراصل بدعنوانی کو ایک ذریعہ؟ جواز کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے، تاکہ ایک مخصوص دینی، تاریخی اور ثقافتی ادارے کو تحلیل کیا جاسکے اور اس کی املاک پر قبضہ جمایا جاسکے۔ یہ طرزِ حکمرانی ہمیں ماضی کی ایک اہم مثال یاد دلاتا ہے — برطانوی سامراج کے دور میں لارڈ ڈلہوزی کا "Doctrine of Lapse"۔ اس قانون کے تحت جب کوئی مقامی ریاست ایسٹ انڈیا کمپنی کے تابع ہونے سے انکار کرتی تھی یا اس کے سربراہ کا کوئی حیاتی وارث نہ ہوتا، تو کمپنی اس ریاست کو اپنے قبضے میں لے لیتی تھی۔ یہ ایک منصوبہ بند قانونی حملہ تھا، جو برطانوی سامراج کو ہندوستانی ریاستوں پر کنٹرول دلانے کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ آج کا وقف ایکٹ بھی اسی ذہنیت کا عکاس ہے۔ صرف زبان اور مفردات بدلے ہیں، لیکن نیت اور طریقہ واردات وہی ہے۔ بدعنوانی کی آڑ میں جب وقف بورڈز پر سرکاری کنٹرول بڑھایا جاتا ہے، جب وقف کی املاک کو ریگولیشن کے نام پر حکومت اپنی تحویل میں لے لیتی ہے، تو یہ بھی اسی Doctrine of Lapse کا ایک جدید اور "جمہوری" چہرہ ہے۔ اصل مقصد یہ نہیں کہ وقف بورڈز میں شفافیت آئے، بلکہ مقصد یہ ہے کہ ان اداروں پر مسلمانوں کا دینی، سماجی اور تہذیبی اختیار ختم کر دیا جائے، اور یہ املاک ایک نئے حکومتی طبقے، ایک نئے سیاسی و مذہبی ایجنڈے کے لیے استعمال ہو سکیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہی حکومتیں، جو وقف کی بدعنوانی پر شور مچاتی ہیں، وہ اپنے ہی اکثریتی مذہب کے اداروں کی بدعنوانی اور نااہلی پر لب کشائی نہیں کرتیں۔ بھارت میں ہزاروں ہندو مندر حکومت کے کنٹرول سے باہر آزادانہ طور پر کام کر رہے ہیں۔ ان کے مالی حسابات، ان کے زمین و جائیداد کے معاملات، ان کے پجاریوں کی تقرریاں — سب کچھ ان کے اپنے مذہبی ٹرسٹ سنبھالتے ہیں۔ نہ ان پر RTI لاگو ہے، نہ ان کے لیے کوئی قومیانے کا قانون موجود ہے۔ تو پھر سوال یہ ہے: اگر ہندو مندر اپنے مذہبی اصولوں کے تحت آزادی سے چل سکتے ہیں، تو وقف اداروں پر پابندیاں کیوں؟ کیوں صرف مسلمانوں کے دینی ادارے سرکاری نگرانی کے "قابل" سمجھے جاتے ہیں؟

یہ تضاد صرف انتظامی نہیں، بلکہ فکری اور تہذیبی ہے۔ اس کی جڑیں اسی نظریے میں پیوست ہیں جو مسلمانوں کی خودمختاری، ان کی شناخت، اور ان کے اثاثوں کو مشکوک اور قابلِ کنٹرول سمجھتا ہے۔ اسی لیے وقف بورڈز میں اصلاح کی جگہ مداخلت، اور احتساب کی جگہ قبضے کی راہ اپنائی جارہی ہے۔ مسلمانانِ ہند کو یہ سمجھنا ہوگا کہ یہ کوئی وقتی سیاسی چال نہیں، بلکہ ایک طویل المدتی منصوبہ ہے — جس کا مقصد صرف وقف کی زمین نہیں، بلکہ دینی اور تہذیبی ورثے کی بیخ کنی ہے۔

اس منظرنامے میں انبانی کا محل اینٹیلا ایک آئینہ ہے، جس میں ہم حکومت کی نیت کو بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ یہ عمارت، جو ممبئی میں وقف کی زمین پر تعمیر ہوئی ہے، آج تک ممبئی وقف بورڈ کو مارکیٹ ریٹ کے حساب سے کرایہ ادا نہیں کر رہی۔ اگر حکومت واقعی وقف کی خیر خواہ ہوتی، اگر وہ انصاف کے تقاضے پورے کرنا چاہتی، تو سب سے پہلے انبانی سے وہ رقم وصول کرتی جو وقف بورڈ کا حق ہے۔ لیکن ایسا کچھ نہیں ہوا — اور نہ ہونے کے آثار ہیں — کیونکہ اصل نیت خیر خواہی نہیں، بلکہ وقف کو کمزور کر کے اپنے اثر و رسوخ کے تابع کرنا ہے۔

یہ حقیقت بھی قابلِ غور ہے کہ وقف کا تصور صرف قانونی جائیداد تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک مذہبی عبادت ہے۔ اسلامی فقہ کے مطابق وقف ایک ایسا عطیہ ہے جو اللہ کی رضا کے لیے کیا جاتا ہے اور جسے ہمیشہ کے لیے مخصوص کر دیا جاتا ہے۔ نہ اسے بیچا جاسکتا ہے، نہ اس پر کسی کی ذاتی ملکیت قائم ہوسکتی ہے۔ جب کوئی شخص وقف کرتا ہے، تو وہ اصل میں اپنی زندگی کے ایک حصے کو اُمت کے لیے وقف کرتا ہے — یہ ایک روحانی، سماجی اور اخلاقی معاہدہ ہوتا ہے جسے دنیاوی قانون کی گرفت میں لانا نہ صرف غیر شرعی بلکہ غیر اخلاقی بھی ہے۔

موجودہ صورتحال میں ایک اور خطرناک رجحان سامنے آرہا ہے — وہ ہے مسلمانوں کی خاموشی یا کمزوری۔ بہت سے لوگ بدعنوانی کی خبریں سن کر یہ ماننے لگتے ہیں کہ واقعی حکومت کو کچھ کنٹرول حاصل ہونا چاہیے، تاکہ "نظم" قائم ہوسکے۔ لیکن انہیں یہ نہیں معلوم کہ نظم کی آڑ میں کیا کچھ دائمی طور پر چھینا جارہا ہے۔ مسلمان اگر آج اپنی جڑوں کو نہ پہچانیں، اپنے اداروں کا دفاع نہ کریں، تو کل شاید وہ ان اداروں کو صرف کتابوں میں پڑھا کریں گے۔ اسی لیے اس وقت نہ صرف قانونی بلکہ علمی، فکری، سماجی اور دینی سطح پر اس تحریک کی ضرورت ہے جو وقف کی شناخت کو بچا سکے۔ علماء ؒ، وکلاء ؒ، مفکرین اور نوجوان نسل کو اس سازش کو بے نقاب کرنا ہوگا، جو ایک تہذیبی اثاثے کے خلاف کی جارہی ہے۔ وقف محض زمین کا معاملہ نہیں — یہ عقیدے کا سوال ہے، تہذیب کا سوال ہے، اور امت کی خودمختاری کا سوال ہے وقف کی بنیاد قرآن و سنت پر ہے، اور یہ محض انتظامی معاملہ نہیں بلکہ ایک شرعی عبادت ہے۔ پیغمبر اکرم؟ کی حیاتِ طیبہ میں وقف کے کئی عملی نمونے موجود ہیں۔ حضرت عمر؟ نے خیبر کی ایک زمین کو اللہ کی راہ میں وقف کیا، اور رسول اللہ ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ نہ وہ بیچی جائے، نہ کسی کو ہبہ کی جائے، اور نہ ہی وراثت میں منتقل ہو۔ یہ بنیادی اصول تمام فقہاء ؒ نے تسلیم کیے ہیں۔ امام ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل — سب کے ہاں وقف کی حیثیت مستقل، مقدس اور ناقابلِ تصرف ہے۔ جب کوئی زمین یا جائیداد اللہ کی راہ میں وقف کی جاتی ہے، تو وہ مِلکِ خدا بن جاتی ہے، اور انسانی ملکیت سے نکل جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فقہی طور پر وقف پر ریاست کا کنٹرول صرف نگہبانی یا عدالتی دائرے تک محدود ہوسکتا ہے، ملکیتی دائرے تک نہیں۔ اس لحاظ سے موجودہ وقف ایکٹ، جو حکومت کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ وقف جائیدادوں کی نگرانی کے نام پر عملی قبضہ کرے، اسلامی فقہ کے بنیادی اصولوں سے متصادم ہے۔

اس میں شک نہیں کہ وقتاً فوقتاً وقف بورڈز میں بدعنوانی کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس کا علاج "قانونی قبضہ" ہے یا ادارہ جاتی اصلاح؟ اگر واقعی حکومت شفافیت چاہتی ہے تو وہ مسلمانوں کو خود اپنے اندر احتسابی نظام قائم کرنے کی اجازت دے، آزاد وقف عدالتیں قائم کی جائیں، علماء ؒ، وکلاء ؒ اور ماہرین پر مشتمل غیر سیاسی بورڈز تشکیل دیے جائیں، نہ کہ ان بورڈز کو سرکاری کارندوں کا اڈہ بنا دیا جائے، جو وقف کے حقیقی مقصد سے ناآشنا ہوں اور جن کی وفاداری اسلام سے نہیں بلکہ اقتدار سے جڑی ہو۔

یہ بھی غور طلب بات ہے کہ جس ملک میں بدعنوانی کا دائرہ پارلیمنٹ سے لے کر پنچایت تک پھیلا ہوا ہے، جہاں عدلیہ، پولیس، اور تعلیم جیسے بنیادی ادارے بھی کرپشن کی زد میں ہیں، وہاں صرف وقف کو نشان؟ عبرت بنانا دراصل ایک خاص ذہنیت کا مظہر ہے۔ یہ ذہنیت مسلمانوں کو اجتماعی، دینی اور سماجی طور پر کمزور دیکھنا چاہتی ہے۔ وقف اس قوم کی اجتماعی طاقت کا ایک مظہر ہے — اسے ختم کرنا دراصل مسلم خودداری کو ختم کرنے کے مترادف ہے۔

آئینی سطح پر دیکھا جائے تو بھارت کا آئین تمام مذہبی طبقات کو اپنے مذہبی ادارے قائم کرنے، ان کا انتظام سنبھالنے اور اپنی مرضی سے چلانے کا حق دیتا ہے۔ آرٹیکل ۲۶ کے تحت ہر مذہبی گروہ کو "freedom to manage religious affairs" حاصل ہے۔ یہ حق صرف پوجا پاٹھ تک محدود نہیں بلکہ اس میں اثاثوں، جائیداد، اور مالی نظم و نسق کا اختیار بھی شامل ہے۔ جب حکومت وقف پر قبضے کی قانونی راہیں تلاش کرتی ہے تو وہ نہ صرف اسلامی فقہ بلکہ بھارتی آئین کے ان اصولوں کی بھی خلاف ورزی کرتی ہے۔

اور اگر پھر بھی کوئی اس حق کو صرف اس بنا پر چیلنج کرے کہ وقف بورڈ میں بدعنوانی ہے، تو ہم پوچھتے ہیں: کیا ہندو مذہبی اداروں میں بدعنوانی نہیں؟ تروپتی دیوستھانم، جگن ناتھ مندر، اور سومناتھ جیسے ادارے کروڑوں روپے کا چندہ جمع کرتے ہیں۔ ان اداروں میں بھی کئی بار مالی بے ضابطگیوں کی خبریں آچکی ہیں، لیکن آج تک حکومت نے وہاں کوئی "قومیاتی" قانون نافذ نہیں کیا۔ یہ مذہبی ادارے آج بھی اپنے ٹرسٹیز اور پنڈتوں کے ذریعے چل رہے ہیں، آزادانہ فیصلے لے رہے ہیں، اور سرکاری مداخلت سے آزاد ہیں۔ تو پھر مسلمانوں کے مذہبی اداروں کو کیوں غلام بنایا جارہا ہے؟

اس کا جواب صاف ہے: حکومت کا اصل مسئلہ بدعنوانی نہیں بلکہ خودمختاری ہے۔ مسلمانوں کو یہ حق حاصل نہ ہو کہ وہ اپنے مذہبی ادارے خود چلائیں، اپنی جائیداد خود سنبھالیں، اپنے تعلیمی ادارے خود بنائیں — کیونکہ یہی ادارے وہ بنیاد ہیں جن پر قوم کی دینی، علمی، اور سماجی شناخت قائم ہوتی ہے۔ جب یہ بنیادیں کمزور ہوں گی، تو قوم خود بہ خود کمزور ہو جائے گی۔

یہ حکمتِ عملی کوئی نئی نہیں، بلکہ استعمار کا آزمودہ حربہ ہے۔ جب ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان میں قدم رکھا، تو اس نے بھی یہی حکمتِ عملی اپنائی: پہلے مقامی ریاستوں میں کمزوریاں تلاش کرو، پھر ان کمزوریوں کو جواز بنا کر قانونی قبضہ کرو، اور آخر کار ان ریاستوں کی خودمختاری سلب کر لو۔ آج یہی کام "جمہوری" پردے میں، قانون سازی کے ذریعے، وقف اداروں کے ساتھ کیا جارہا ہے۔ ہمیں یہ بات بھی سمجھنی چاہیے کہ وقف کے ادارے صرف ماضی کی یادگاریں نہیں، بلکہ مستقبل کے لیے ایک امید ہیں۔ آج بھی لاکھوں طلبہ دینی مدارس میں وقف کی بنیاد پر تعلیم حاصل کر رہے ہیں، یتیم بچے وقف کے سہارے پل رہے ہیں، مساجد، قبرستان، مدارس، اور خانقاہیں وقف کی وجہ سے قائم و دائم ہیں۔ اگر ان اداروں پر سرکاری کنٹرول مکمل ہوگیا، تو نہ صرف ان کی آزادی ختم ہو جائے گی، بلکہ ان کا نظریاتی تشخص بھی مٹ جائے گا۔ یہ بھی واضح رہے کہ یہ معاملہ صرف زمینوں یا جائیداد کا نہیں بلکہ امت کی خودی اور وقار کا ہے۔ جب کوئی قوم اپنی شناخت کے اداروں پر کنٹرول کھو دیتی ہے، تو اس کی زبان، اس کا لباس، اس کی عبادت اور اس کی تعلیم — سب کچھ اغیار کے رحم و کرم پر آجاتا ہے۔ وقف دراصل ایک اجتماعی عبادت ہے، جو امت کے روحانی اور تمدنی وقار کا نشان ہے۔ اس پر حملہ دراصل ایک پوری تہذیب پر حملہ ہے۔ (جاری)

امریکہ میں ہر سال ہزاروں لوگ اسلام قبول کر رہے ہیں!

سرفراز احمد قاسمی

حیدرآباد

مذہب اسلام، امریکہ سمیت دنیا بھر میں اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ پھیل رہا ہے اور یکے بعد دیگرے اسلام کے مغرب ویورپ کے علاوہ دیگر ممالک میں انتہائی تیزی کے ساتھ پھیلنے کے واقعات مسلسل سامنے آتے رہے ہیں اور اب تک غیر مسلموں کی ایک بڑی تعداد مشرف بہ اسلام ہوچکی ہے اور قبول اسلام کا یہ سلسلہ تمام عالم میں آج بھی پورے آب وتاب کے ساتھ جاری وساری ہے، آئے دن مختلف ممالک کے مختلف شہروں سے اسلاموفوبیا کی خبریں وقتاً فوقتاً آتی رہتی ہیں جو بڑی تکلیف دہ ہوتی ہیں، ایسے میں دیگر مذاہب کو چھوڑ کر اسلام کے دامن میں پناہ لینے کی خبر اگر میڈیا کے ذریعے آنے لگے تو یہ انتہائی خوش کن اور حوصلہ بخش ہیں، ہندوستان سمیت عالمی طاقتیں جس طریقے سے اسلام اور مسلمانوں پر یلغار کررہی ہیں اور مسلمانوں کو پریشان کرنے، خوف ودہشت میں مبتلا کرنے اور دوسرے نمبر کا شہری بنانے کی جوکوششیں کی جارہی ہیں، ایسے میں اسطرح کی خبروں کی اہمیت بڑھ جاتی ہے، گذشتہ دنوں امریکہ سے یہ خبر آئی کہ کینیڈا براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کی سیریز دی اسٹیٹ آف اسٹریچوئلٹی ود لیزا میں اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ وہاں قیدیوں میں آخر اسلام کیوں کر اتنا مقبول ہورہا ہے؟ سی بی سی نے طیبہ فاؤنڈیشن کے بانی ڈائریکٹر رامی نسور سے بات کی یہ تنظیم امریکی جیلوں میں قیدیوں کے لئے فاصلاتی تعلیم کا پروگرام فراہم کرتی ہے، رامی نسور نے بتایا کہ ہم نے تقریباً 15 سال پہلے اس تنظیم کا آغاز کیا تھا، کیونکہ یہ وہ بنیادی ضرورت تھی جس کا قیدی بارہا مطالبہ کرتے رہے تھے، طیبہ فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر نے مزید بتایا کہ اسلام، امریکہ کی جیلوں میں سب سے زیادہ تیزی سے پھیلتا ہوا مذہب ہے، انہوں نے کہا کہ ہم نے 13 ہزار سے زائد افراد کو تعلیمی اور تربیتی مواد فراہم کیا، جن میں سے تقریباً 90 فیصد نے اسلام قبول کیا اور بیشتر نے جیل میں رہتے ہوئے یہ کام کیا، رامی نسور کا کہنا ہے کہ جیل میں جسمانی اور روحانی طور پر قید ہونے کی وجہ سے بہت سے قیدی اسلام کو اپنا کر روحانی آزادی حاصل کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام میں نظم وضبط کا ایک طریقہ کار ہے، جیسے پانچ وقت کی نمازیں ہیں، سی بی سی نے اسلام قبول کرنے والے ایسے ہی ایک قیدی سے بھی بات کی، محمد امین اینڈرسن کو 30 سال قید کی سزا ہوئی تھی اور انہوں نے ایک سال بعد یعنی دوسرے سال ہی اسلام قبول کرلیا تھا، محمد امین نے بتایا کہ جب میں جیل آیا تھا، تو میں نے اپنی انسانیت کھودی تھی، میں حیوان تھا لیکن جیل میں آکر میں نے اپنی انسانیت کو دوبارہ حاصل کیا اور اس کا سہرا اسلام کو جاتا ہے، اسلام قبول کرنے والے قیدی امین فیلاڈیلفیا کے رہائشی اور ایک پادری کے بیٹے تھے، لیکن نوجوانی میں ہی منشیات کی لت میں مبتلا ہو گئے تھے، بعدازاں وہ ایک گینگ کا حصہ بن گئے اور قتل جیسا ہولناک جرم بھی کیا، گرفتار ہوئے اور 30 سال قید کی سزا کاٹنے جیل پہنچے، جہاں انہیں اپنی غلطیاں سدھارنے کا موقع ملا اور انہوں نے اپنی زندگی ایمان اور روحانیت پر غور کرنا شروع کیا تو اسلامی تعلیمات میں ذہنی جسمانی اور روحانی سکون پایا، محمد امین نے اسلام قبول کرنے میں دیر نہیں لگائی اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے اور اب وہ دوسرے قیدیوں کو اسلام کی حقانیت سے روشناش کرا رہے ہیں، عہد جدید میں بھی ایسے کئی خوش نصیبوں کی مثالیں ملتی ہیں جنھیں رب تعالیٰ نے اپنی مہربانی سے اسلام کی نعمت سے مالامال کیا، محمد علی باکسر اور یوسف یوحنا (محمد یوسف) کی مثالیں تو اب پرانی ہوگئیں، حال ہی میں جورام وین کلیورن (Klaveren Van Joram) پر جب اسلام کے حقائق منکشف ہوئے اور حقیقتیں آشکار ہوئیں تو اسلام مخالف کتاب لکھنے والا ہالینڈ کا یہ سیاستدان بھی مسلمان ہوگیا اور ہالینڈ کی سب سے بڑی مسلمان مخالف سیاسی جماعت کے سابق رکن نے اسلام قبول کرلیا، جورام وین کلیورن نیدر لینڈ کی دائیں بازو کی سب سے بڑی انتہا پسند جماعت کے دوسرے سیاستدان ہیں جو مشرف بہ اسلام ہوئے ہیں۔ اسلام مخالف جذبات کی حامل ڈچ سیاسی جماعت پارٹی فارفریڈم کے سربراہ گیرٹ وائلڈرز ہیں جنھوں نے رحمۃ اللعالمین، محسن انسانیت ﷺ کے گستاخانہ خاکوں کا مقابلہ کرانے کا اعلان کیا تھا۔ وین کلیورن اپنے لیڈر گریٹ وائلڈرز کے دست راست اور پارٹی آف فریڈم سے رکن اسمبلی تھے، 40 سالہ وین کلیورن نے سات برس تک اسمبلی میں اسلام مخالف بل پیش کیے اور مہم چلائی جن میں برقعہ سمیت دیگر اسلامی روایات پر پابندی عائد کرنا بھی شامل ہے۔ وین کلیورن سے قبل اسی سیاسی جماعت کے رکن آرناڈ وارن ڈرون نے اسلام قبول کیا تھا۔ گزشتہ رمضان میں برطانیہ جیسے ملک میں ایک تاریخ رقم کی گئی، شاہی قلعہ ونڈ سر کیسل کی ہزار سالہ تاریخ میں پہلی بار مسلمانوں کے لئے افطار کا اہتمام کیا گیا، مسلم ممالک کی طرح مغربی دنیا میں بھی رمضان المبارک جیسے مقدس ماہ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے، امریکہ اور برطانیہ سمیت کئی غیر مسلم ممالک کے سربراہان مملکت کی جانب سے مسلمانوں کے لئے افطار کا اہتمام کیا جاتا ہے، برطانیہ میں شاہی قلعہ ونڈ سر کیسل کی تاریخ ہزار سال سے زائد طویل ہے اور اس ہزار سالہ تاریخ میں یہاں پہلے کبھی افطار پارٹی نہیں ہوئی تھی، تاہم گزشتہ روز یہ تاریخ بھی رقم ہوگئی اور اس ونڈ سر کیسل میں پہلی بار مسلمانوں کے لئے افطار کا اہتمام کیا گیا، برطانوی میڈیا کے مطابق صدیوں پرانے اس قلعے میں افطار کے لئے سینٹ جارج ہال میں دریاں اور سفید چادریں بچھانے کے بعد دسترخوان بچھائے گئے تھے، یہ ہال سرکاری مہمانوں کے لئے مختص ہے، دسترخوان پر انواع واقسام کے کھانے اور مشروبات رکھے گئے تھے، اس تاریخی افطار ڈنر میں تقریباً 350 مسلمان شریک تھے، افطار سے قبل ونڈ سر کیسل کی فضا میں پہلی بار اذان مغرب کی مشہور کن صدا بھی گونجی، اذان کی آواز سنتے ہی روزہ داروں نے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرتے ہوئے کھجوروں سے روزہ کھولا، اس افطار پارٹی کا اہتمام ایک چیریٹی ادارے کی جانب سے کیا گیا تھا، جس کا مقصد مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے، مسلمان شرکا نے شاہی قلعے میں افطار کی اجازت دینے پر شاہ چارلس کا شکریہ ادا کیا، دوسری جانب امریکی صدارتی محل وائٹ ہاؤس میں بھی افطار پارٹی اب ایک روایت بن چکی ہے، اس کی بنیاد آج سے 220 سال قبل امریکہ کے تیسرے صدر تھامس جیفرسن نے رکھی تھی انہوں نے 1805 میں وائٹ ہاؤس میں پہلی بار مسلمان صومالی سفیر کے لئے ماہ رمضان میں افطار کا اہتمام کیا تھا، اور عشائیہ بھی دیا تھا، عید اور تہوار کے موقع پر تقریبات کے انعقاد سے حکومتیں اپنے موقف یا یکجہتی کا اظہار کرتی رہی ہیں، امریکہ کے وائٹ ہاؤس میں اسی مقصد کے تحت افطار پارٹی کی دعوت دی جاتی رہی ہے، 2017 میں امریکی صدر کی طرف سے وائٹ ہاؤس میں دی جانے والی افطار پارٹی کی روایت کو ڈونالڈ ٹرمپ نے توڑ دیا تھا، ان کے افطار پارٹی نہ دینے پر اندرون امریکہ بھی مذمت ہوئی تھی اور غالباً بیرون امریکہ بھی، اس کے بعد ان کی سمجھ میں یہ بات آگئی کہ افطار پارٹی محض چند لوگوں کا اجتماع نہیں ہے، اس سے امریکی حکومت یہ دکھانے کی کوشش کرتی ہے کہ اس کے لئے تمام مذاہب کے ماننے والوں کی یکساں اہمیت ہے، اسی لیے ٹرمپ نے 2018 میں افطار پارٹی دی، 2019 میں بھی دی، جبکہ اس بار صدارت کے لئے پہلے ہی سال میں ان کی طرف سے وائٹ ہاؤس میں افطار پارٹی دی گئی، اس موقع پر ٹرمپ نے صدر امریکہ کی حیثیت سے جو کچھ کہا وہ امریکی مسلمانوں کے لیے باعث اطمینان ہوگا، البتہ ان کے امریکہ کی غزہ پالیسی کو دیکھتے ہوئے دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے یہ بات ناقابل فہم نہیں رہ گئی کہ ٹرمپ کی اسرائیل پالیسی بدلی نہیں ہے، وہ خود کو اسرائیل کا بہی خواہ ثابت کرنے کا کوئی موقع چھوڑیں گے نہیں، چاہے ان کی جگ ہنسائی ہی کیوں نہ ہو، 27 مارچ 2025 کو امریکہ کے موجودہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی طرف سے وائٹ ہاؤس میں دی گئی افطار پارٹی میں مسلم طبقے کی مؤثر شخصیات، سفارت کاروں اور سرکاری افسران نے شرکت کی تھی، جبکہ کچھ مسلم پارٹیوں نے اسکا بائیکاٹ بھی کیا تھا، جس میں ٹرمپ بہ نفس نفیس موجود تھے، انہوں نے افطار پارٹی میں شامل مسلمانوں کو رمضان مبارک میرے مسلم دوستو! کہہ کر مخاطب کیا اور یہ کہا کہ نومبر میں مسلم طبقہ ہمارے ساتھ تھا اور جب تک میں صدر ہوں میں آپ کے ساتھ رہوں گا، ان کا یہ کہنا واقعی بڑی بات ہے یہ سچ ہے کہ نومبر 2024 میں امریکہ کے صدارتی انتخاب میں کملا ہیرس سے ان کی زبردست مقابلہ آرائی تھی، کملا کی جیت زیادہ ممکن نظر آرہی تھی، ٹرمپ ایک ایک ووٹ حاصل کرنے کے لئے مسلسل جدوجہد کررہے تھے، اس وقت غزہ جنگ پر صدر بائیڈن کی پالیسی سے امریکہ کے مسلمان دلبرداشتہ تھے، امن پسند امریکی بھی یہ چاہتے تھے کہ جنگ ختم ہو، حماس کے حملوں کی سزا عام فلسطینیوں کو نہ دی جائے مگر جنگ کو ختم کرنے کے سلسلے میں کملا ہیرس کا کوئی واضح موقف نہیں تھا، اس لیے امریکہ کے مسلمانوں اور امن پسند لوگوں کو یہ بات سمجھ میں آنے لگی تھی کہ کملا ہیرس کے صدر بن جانے کے بعد غزہ جنگ پر بائیڈن کی پالیسی جاری رہے گی، بلکہ بائیڈن کی پالیسی کی یہ توسیع ہوگی، جبکہ ٹرمپ نے کھل کر یہ بات کہی کہ وہ غزہ جنگ ختم کرائیں گے کوئی نئی جنگ شروع نہیں کریں گے اس سے امریکہ کے مسلمانوں اور امن پسند لوگوں کا جھکاؤ ان کی طرف ہوگیا اور پھر صدارتی انتخابات میں ان کی جیت آسان ہو گئی جیتنے کے بعد ٹرمپ نے اپنے پہلے خطاب میں امریکی مسلمانوں کا شکریہ ادا کیا، یہ ان کی طرف سے پہلا اشارہ تھا کہ امریکی مسلمانوں کے تئیں ان کی نفرت کی پالیسی پچھلی مدت صدارت کی طرح اس بار کی مدت صدارت میں باقی نہیں رہے گی کیونکہ وقت پڑنے پر اس کے باوجود مسلمانوں نے ان کا ساتھ دیا کہ پچھلی بار وہ ان کا دل ہی زیادہ دکھاتے رہے تھے، ٹرمپ نے افطار پارٹی میں کہا ہر دن ہم مسلم طبقے سے کئے گئے وعدوں کو پورا کر رہے ہیں، میری حکومت تاریخی ابراہم سمجھوتے پر مبنی مشرق وسطیٰ میں مستقل امن قائم کرنے کے لیے کوشش کررہی ہے، اس سے اس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ ابراہم سمجھوتے کے سلسلے میں کوئی نئی پیشرفت ہوسکتی ہے، ممکن ہے اسے غزہ جنگ کے خاتمے سے مشروط کر دیا جائے، تاکہ جو نیا فریق سمجھوتے سے وابستہ ہو، اس کی مسلم دنیا میں اچھی امیج برقرار رہے، مگر یہ کہنا مشکل ہے کہ کیا سعودی عرب ابراہم سمجھوتے سے وابستہ ہونے کے لئے تیار ہو جائے گا؟ خیر وائٹ ہاؤس میں پہلی افطار پارٹی تیونس کے سفارت کاری سیدی سلیمان میلی کو امریکہ کے صدر تھامس جیفرسن نے 1805 میں دی تھی، نئے سرے سے افطار پارٹی دینے کی ابتدا 1996 میں بل کلنٹن نے کی، اس کے بعد سے یہ سلسلہ جاری ہے، بس صرف 2017 میں افطار پارٹی نہیں دی گئی تھی، 11/9 کے بعد بھی وائٹ ہاؤس میں افطار پارٹی ہوتی رہی، جونیئر بش کا ماننا تھا کہ یہ افطار پارٹی ضروری ہے کیونکہ اس سے یہ اشارہ دینے کا موقع ملتا ہے کہ امریکہ کی جنگ دہشت گرد تنظیموں سے ہے اسلام سے نہیں ہے۔ ٹرمپ کے وعدے کے مطابق ابھی تک غزہ میں جنگ بندی نہیں ہوسکی ہے، مذاکرات جاری ہیں اور اسی درمیان اسرائیل کی بربریت اور حیوانیت بھی جاری ہے، ابھی تک جنگ بندی کے امکانات موہوم ہیں، ٹرمپ اسرائیل کی بربریت پر نکیل کس کر غزہ میں جنگ بندی کرانے میں کامیاب ہوتے ہیں یا نہیں یا وہ اس جنگ کو مزید طول دیتے ہیں آگے یہ دیکھنا ہوگا۔ بھارت میں ملک کو درپیش معاشی مسائل اور معیشت کے نقصانات پر بات کرنے کے بجائے فرقہ پرستی کو ہوا دیتے ہوئے عوام کو الجھایا جارہا ہے، معاشی عدم استحکام کے باوجود مرکزی حکومت کی جانب سے ان مسائل سے نمٹنے کے بجائے غیر اہم مسائل پر توجہ دی جارہی ہے، اور عوام کو منقسم کرنے کے منصوبے پر عمل کیا جارہا ہے ہندوستان میں وقف بل اورنگزیب اور دیگر فرقہ وارانہ مسائل سے زیادہ اہم مسئلہ ملک کی گرتی معاشی صورتحال ہے لیکن حکومت خاموش ہے، اور خاموشی کے ساتھ ملک کے خالی خزانوں کو بھرنے بیرونی کمپنیوں کو منمانی مراعات کی فراہمی میں مصروف ہے، ایسے مسائل کی پشت پناہی کی جارہی ہے جس سے مسلمانوں سے نفرت میں اضافہ ہو، اسلاموفوبیا کا زور ہو اور مسلمانوں سے زیادہ سے زیادہ نفرت پیدا کی جائے، ان حالات میں اگر امریکہ سمیت پوری دنیا سے اتنی بڑی تعداد میں اسلام قبول کرنے کی یہ رپورٹ آرہی ہے تو یہ غیر معمولی ہے، ہمیں مایوس ہونے کی قطعی ضرورت نہیں ہے، متحد ہوکر ہمیں مذہب کے تئیں حساس، مضبوط اور سنجیدہ ہونا ہوگا، اپنے مذہب کی تعلیمات پر خود بھی پورا پورا عمل کرنا ہوگا اور بڑے پیمانے پر اسکی تعلیمات کو عام کرنا ہوگا، برادران وطن تک اسلام کا صحیح اور درست پیغام پہونچانا ہوگا، تاکہ جو لوگ ابھی ہمارے دشمن ہیں یا دشمن بنائے جارہے ہیں وہ لوگ بھی آج نہیں تو کل اسلام کے دامن میں ضرور پناہ لیں گے، لیکن اس سے پہلے ہمیں یہ ضرور سوچنا ہوگا کہ کیا ہم بحیثیت مسلمان اپنی ذمہ داریوں اور اسکے تقاضوں کو پورا کررہے ہیں؟؟؟ (مضمون نگار، معروف صحافی اور کل ہند معاشرہ بچاؤ تحریک کے جنرل سکریٹری ہیں)

رابطہ: 8099695186

وقف قانون کی واپسی کا امکان کیا

ڈاکٹر مظفر حسین غزالی

حکومت عوام کی بھلائی کے لئے قانون بناتی ہے۔ اس کے لئے تجاویز اور مشورے طلب کئے جاتے ہیں۔ جن کے لئے قانون بنایا گیا انہیں پسند نہ آنے پر اسے واپس لیا جاتا ہے۔ کئی بار حکومت از خود واپس لے لیتی ہے، تو کبھی عوام، سیاسی جماعتوں کے دباؤ یا عدالت کی مداخلت بعد واپس لینا پڑتا ہے۔ یہی جمہوریت کی خوبصورتی ہے۔ جمہوریت میں عوام کی رائے کو اہمیت دی جاتی ہے۔ کیونکہ انہیں کے ووٹ سے حکومت کا انتخاب ہوتا ہے۔ وقف بل پر بھی جے پی سی نے رائے مانگی، متعلقہ افراد اور اپوزیشن ممبران کو سنا۔ لیکن کسی کی بھی تجویز کو منظور نہیں کیا۔ جے پی سی نے اپنی سفارشات کے ساتھ بل اسپیکر کو سونپ دیا۔ پارلیمنٹ میں یہ نہیں بتایا گیا کہ بل کے حق اور مخالفت میں کتنی رائے آئیں۔ شراکت داروں کی تجاویز کے بغیر اسے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے پاس کر کے قانون بنا دیا گیا۔ جس کی وجہ سے عام مسلمانوں میں ناراضگی ہے۔ وقف ایکٹ 2025 کو وہ اپنے حقوق پر حملہ تصور کر رہے ہیں۔ اس لئے پورے ملک میں احتجاج ہو رہا ہے۔ جس میں مسلمانوں کے ساتھ سکھ، عیسائی، بودھ، دلت، آدی واسی، او بی سی، سول سوسائٹی کے ارکان اور انصاف پسند ہندو بھی شرل ہو رہے ہیں۔ احتجاج کا حق ملک کے آئین نے دیا ہے۔ مگر احتجاج پرامن ہونا چاہئے۔ تین زرعی قوانین کے خلاف کسانوں کا آندولن اس کی مثال ہے۔ سات سو سے زیادہ کسانوں کی آندولن کے دوران موسم اور پولس کی زیادتیوں کی وجہ سے موت ہوگئی۔ لیکن انہوں نے کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا۔ سی اے اے کے خلاف شاہین باغ کا احتجاج بھی پرامن تھا۔ اسے مشتعل کرنے کی بہت کوشش ہوئی لیکن وہ پرامن رہا۔ سیلم پور میں بی جے پی کی کوشش کامیاب ہو گئی۔ اس میں مسلمانوں کا بڑا جانی و مالی نقصان ہوا۔ کئی لوگ ابھی تک جیل میں ہیں۔ سیلم پور فساد کے ماسٹر مائنڈ کپل مشرا پر پولس نے کوئی کاروائی نہیں کی۔ عدالت کو بھی اس پر ایف آئی آر کر کاروائی کا حکم دینے میں پانچ سال لگ گئے۔ لیکن ابھی تک ان کی گرفتاری نہیں ہوئی ہے۔ قانون انتظامیہ کو منہ چڑھانے والے کپل مشرا کو بی جے پی نے دہلی کا وزیر قانون بنایا ہوا ہے۔ مغربی بنگال کا احتجاج بھی انہیں عناصر کی وجہ سے پرتشدد ہوا۔ اس میں کئی لوگوں کی جان جا چکی ہے اور سو سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔ مجبوری میں سڑک یا گھر پر اجتماعی نماز پڑھنے پر کاروائی لیکن جاگرن، ماتا کی چوکی، کاونڑ کے لئے راستہ روکنے پر کوئی کاروائی نہیں۔ وقف قانون پر ناراضگی ظاہر کرنے کے لئے کالی پٹی باندھنے پر قریب 350 لوگوں سے دو سے پانچ لاکھ تک کا مچلکا بھروایا گیا۔ لیکن سڑک پر غیر قانونی ہتھیار لہراتے ہوئے جلوس نکالنے پر کوئی پابندی نہیں۔ حکومت کا یہی دوہرا رویہ وقف قانون میں بھی سامنے آیا ہے۔ برسراقتدار جماعت نے یہ جھوٹ پھیلایا کہ جہاں بادشاہ سلامت کا گھوڑا کھڑا ہو گیا وہ زمین وقف ہوگئی۔ جبکہ وہی جائیداد وقف ہوسکتی ہے وقف کرنے والا جس کا مالک ہو۔ وقف قانون پہلی مرتبہ 1913 میں انگریزوں نے بنایا۔ ملک آزاد ہونے کے بعد 1954 میں اس میں تبدیلیاں کی گئیں۔ کئی مرتبہ اس میں ترمیم ہوئی لیکن 1995 میں تمام کمیوں کو دور کر کے اسے بہتر شکل دی گئی۔ اسے لمیٹیشن ایکٹ سے مستثنیٰ کیا گیا۔ یعنی اگر کوئی شخص 12 سال سے کسی جگہ پر بغیر روکاوٹ کے قابض ہے تو وہ اس کا مالک ہوجائے گا۔ وقف بورڈ کو اپنی جائیداد کبھی بھی واپس لینے کا حق دیا گیا۔ بورڈ میں خواتین ممبران کو شامل کیا گیا۔ واضح رہے کہ وقف املاک میں زیادہ تر زمینیں خواتین نے وقف کی ہیں۔ قدیم جائیدادیں جو سیکڑوں سالوں سے جو مذہبی مقاصد (مسجد، قبرستان، درگاہ، خانقاہ، عیدگاہ، امام باڑہ وغیرہ) کے لئے استعمال ہو رہی ہیں انہیں وقف بائی یوزر تسلیم کیا گیا۔ وقف کے کرایہ داروں سے مارکیٹ ریٹ کے حساب سے کرایہ وصولنے کا التزام کیا گیا۔ پھر منتخب ممبران چیرمین کا انتخاب کرتے تھے۔ تنازعہ کی شکل میں معاملہ سہ رکنی ٹربیونل کے پاس جاتا جس میں ضلع جج، سکریٹری کی سطح کا شخص اور ایک وقف کا جانکار ہوتا تھا۔ اس کے فیصلہ کو ہائی کورٹ ریویو کرسکتا تھا۔ وقف املاک کا سروے کمشنر کرتا اور ڈی ایم اس کا معاون ہوتا تھا۔ یہ تمام افراد سرکار کی مرضی سے ہی مقرر ہوتے تھے۔ پھر کوئی بھی اپنی املاک وقف کرسکتا تھا۔ برسراقتدار جماعت نے جھوٹ پھیلایا کہ وقف کی املاک ریلوے، فوج کے بعد تیسرے نمبر پر ہے۔ جبکہ کیرالہ، آندھرا، تمل ناڈو اور تلنگانہ صرف چار ریاستوں میں مندروں کی جائیداد وقف سے زیاد ہے۔ وقف ترمیمی بل لانے سے پہلے کہا گیا کہ بدعنوانیوں کو دور کر صاف شفاف بنانے کے لئے وقف قانون میں ترمیم کی ضرورت ہے۔ دستاویزات کی بنیاد پر اس کا ڈیجیٹل ریکارڈ تیار کیا جائے گا۔ ہریانہ میں ایک ریلی کے دوران وزیراعظم نے کہا کہ وقف املاک کا اگر صحیح فائدہ مسلمانوں کو پہنچتا تو کوئی پنچر نہیں جوڑتا۔ وزیراعظم نے درست فرمایا مگر سوال یہ ہے کہ وقف املاک کو خرد برد کس نے کیا۔ نیچے سے لے کر اوپر تک تمام لوگ حکومت سے متعلق تھے تو پھر بدعنوانی کیسے ہوئی۔ اسے روکنے کی ذمہ داری کس کی تھی۔ وقف کی بہت سی جائیدادوں پر سرکاری دفاتر قائم ہیں۔ حکومت ان کا کرایہ بھی ادا نہیں کرتی کیوں؟ اس پر کوئی بات نہیں کی گئی بلکہ ایسی ترمیمات کی گئی ہیں جن سے وقف کا وجود ہی ختم ہوگیا ہے۔ اسے وقف قانون نہیں بلکہ امید کا نام دیا گیا ہے۔ جو پوری طرح ناامید کرنے والا ہے۔ وقف کو لمیٹیشن سے مستثنیٰ کرنے والی دفعہ ہٹا دی گئی ہے۔ اس کی وجہ سے وقف کے قبضہ دار اب مالک بن جائیں گے۔ اب کوئی بھی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد نہ وقف کر سکتا، نہ اس کا استعمال کرسکتا اور نہ ہی اس کا متولی بن سکتا ہے۔ اس کے لئے کم از کم پانچ سال کا پریکٹسنگ مسلمان ہونا ضروری ہے۔ اسی طرح وقف بورڈ اور وقف کونسل میں غیر مسلم ممبران کو شامل کرنے کا التزام کیا ہے۔ جبکہ کسی بھی دوسرے مذہب کے اوقاف میں ایسی شرط نہیں ہے۔ مثلاً کاشی وشوناتھ مندر کے ٹرسٹ میں ڈی ایم ایکس اوفیشیو آفیسر ہوتا ہے۔ اگر وہ غیر ہندو ہے تو اس کے نیچے کا افسر ممبر ہوگا۔ پھر مسلم اوقاف میں یہ شرط کیوں؟ وقف بائی یوزر کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اس کا اثر ساٹھ فیصد سے زیادہ ان املاک پر پڑے گا جو سیکڑوں سالوں سے مذہبی مقاصد کے لئے استعمال ہو رہی ہیں۔ تنازعہ کی صورت میں جائیداد کا وقف اسٹیٹس ختم ہو جائے گا فیصلہ ہونے تک وہ سرکاری زمین سمجھی جائے گی۔ اگر کوئی وقف املاک اثار قدیمہ کی نگرانی میں ہے تو وہ وقف نہیں رہے گی۔ یہ عبادت گاہ ایکٹ 1991 کی سیدھی خلاف ورزی ہے۔ اگر کسی جائیداد کا وقف بورڈ، ریونیو ریکارڈ میں رجسٹریشن نہیں ہے یا اس کے کاغذات دستیاب نہیں ہیں تو وہ اس کی تفصیل ڈی ایم حکومت کو بھیجے گا حکومت کا فیصلہ ہونے تک وہ سرکاری جائیداد کہلائے گی۔ آدی واسیوں کی املاک وقف نہیں ہوگی۔ اب انڈمان نکوبار، گوا، گجرات، مہاراشٹر، آسام، نارتھ ایسٹ کی ریاستوں کے مسلمان آدی واسی اپنی املاک وقف نہیں کرسکیں گے۔ یہ آئین کی دفعہ 14 اور 21 کی خلاف ورزی ہے۔ یہ قانون آئین کی دفعہ 25، 26، 29 اور 13 کے بھی خلاف ہے۔ جس میں مذہبی آزادی، مذہب پر عمل کرنے، اس کی تعلیمات کو عام کرنے کا حق دیا گیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ اس قانون کی واپسی کے لئے مسلمان کیا کریں۔ دانشوروں کے مطابق یہ مسئلہ جتنا مسلمانوں سے متعلق ہے اتنا ہی آئین کو بچانے کا ہے۔ اس لئے جو لوگ آئین کی حفاظت کرنا چاہتے ہیں انہیں وقف قانون کے خلاف احتجاج کا حصہ بنایا جائے۔ بلکہ مسلمانوں کو انہیں آگے رکھنا چاہئے۔ یہ پورا آندولن پرامن ہو تشدد کا راستہ اختیار نہ کیا جائے۔ دوسرے حکومت سے اس کے لئے مکالمہ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ کام قانون بننے سے پہلے کرنا چاہئے تھا جو نہیں کیا گیا۔ اب بھی وقت ہے کہ وزیراعظم، وزیر داخلہ وغیرہ سے ملاقات کی جائے۔ صدر جمہوریہ سے ملاقات کر کے بھی اپنے احساسات کا اظہار کیا جائے۔ اس قانون کو رد کرانے کے لئے عدالت سے رجوع کیا جائے جو کیا بھی گیا ہے۔ اس بات کا امکان ہے کہ عدالت سے اس میں ریلیف ملے۔ عدالت سے یہ بھی درخواست کی جائے کہ بامسی پورٹل پر دستیاب وقف کی تفصیلات کو محفوظ کر نئے پورٹل پر منتقل کیا جائے۔ نیا وقف ترمیمی قانون عبادت گاہوں کے قانون، آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق اور فطری انصاف کے خلاف ہے۔ اس لئے عدالت سے راحت ملنے کا پورا امکان ہے۔ لیکن جب تک سماعت پوری نہ ہو تب تک اس قانون پر روک لگنا ضروری ہے۔ عدالت نے سماعت کے لئے اسے منظور تو کرلیا ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ وہ اس معاملہ میں کیا رخ اپناتی ہے۔

حیاتِ شیخ ابراہیم مخدوم جی ملتانیؒ اہل سلاسل کے لیے نمونۂ عمل

پروفیسر ابوزاہد شاہ سید وحید اللہ حسینی القادری الملتانی

کامل الحدیث جامعہ نظامیہ، OsmM.A M.Com Ph.D))

شمالی ہندوستان کی جغرافیائی فتوحات مسلمان بادشاہوں کی جنگی مہمات کی رہین منت رہی ہے اسی لیے ہندوستان کے شمالی علاقے ہمیشہ سے سیاسی رسا کشیوں اور رقابتوں کا شکار رہے ہیں جبکہ جنوبی ہندوستان کے بیشتر علاقوں کو اللہ کے مقرب اور پاکیزہ ہستیوں نے اپنے علم وعمل اور کردار و روحانی تعلیمات سے فتح کیا جن کی حکمرانی نہ صرف عوام الناس بلکہ بادشاہوں کے قلوب پر جاری تھی۔ ان بزرگان دین کی تعلیمات نے مسلمانوں کی سیاسی، سماجی، علمی، فکری، ثقافتی، تہذیبی، مذہبی اور روحانی زندگی کو متاثر کیا اور غیر مسلموں کے باطن کو اپنے زہد و دین داری، تقوی و بلند نگاہی، سوز بصیرت وحق شناسی سے منور فرما کر ان کے اذہان و قلوب کو بھی مسخر کیا۔ ان صلحاء امت کی انسانیت نواز تعلیمات کا ہی فیضان تھا کہ قرون وسطی میں جنوبی ہندوستان کے قدیم و دلکش علاقہ دکن میں نہ صرف مسلمانوں کی پہلی و عظیم حکومت یعنی بہمنی سلطنت (749-1048/1348-1638) کا قیام عمل میں آیا بلکہ اسلامی تہذیب وثقافت کو پروان چڑھنے کا بھرپور موقع بھی ملا۔ 825/1422 میں جب بہمنی سلطنت کا پایہ تخت گلبرگہ سے بیدر منتقل ہوا تب حکمرانوں نے اپنی رعایا کی تعلیم وتربیت اور رشد وہدایت کے لیے ایران، بغداد، نجف، مہان اور ملتان سے صوفیائے کرام بالخصوص سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھنے والے بزرگان دین کو بیدر شریف آنے اور یہاں قیام پذیر ہونے کی دعوت دی۔ بیدر کے ممتاز ومعروف قادری صوفیائے کرام جن کے آستانے آج بھی مرجع خلائق ہیں ان میں قطب الاقطاب حضرت شیخ ابو الفتح شاہ محمد شمس الدین القادری الملتانیؒ المعروف حضرت ملتانی بادشاہؒ (862-935/1457-1528) کی بارگاہ سرفہرست ہے۔ آپؒ کے آباء واجداد کا تعلق ملتان سے تھا۔ کہا جاتا ہے کہ بہمنی سلطنت میں محمد نامی دو شخصیات کافی مشہور ہوئیں ایک گلبرگہ شریف کے حضرت سید محمد الحسینی گیسودراز بندہ نوازؒ (721-825/1321-1422) اور دوسری شخصیت بیدر شریف کی حضرت شیخ ابوالفتح شاہ محمد شمس الدین القادری الملتانیؒ۔ جن صوفیائے کرام نے ساکنان شہر بیدر کے دلوں میں ایمان کی قندیلیں روشن رکھیں اور اپنے علم وعرفان سے ان کے کردار کو سنوارا ان باصفا ہستیوں میں حضرت ملتانی بادشاہؒ کا خانوادہ بالخصوص آپ کے بڑے صاحبزادے حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ (المتوفی 970/1562) کا شمار ہوتا ہے۔ حضرت ملتانی بادشاہؒ کو پانچ صاحبزادگان (i) حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ، (ii) حضرت شیخ اسماعیل قطب جلیل قادریؒ، (iii) حضرت شیخ اسحاقؒ، (iv) حضرت شیخ بدرالدینؒ قادری، اور (v) حضرت شیخ فخرالدین قادریؒ تھے۔ حضرت ملتانی بادشاہؒ کی ہدایت کے مطابق آپ کے بڑے فرزند صاحب تصوف حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ روحانی جانشین مقرر ہوئے۔ آپؒ نے اپنے تبحر علمی اور صفائے باطن سے نہ صرف بیدر شریف بلکہ اطراف واکناف کے علاقوں میں رہنے اور بسنے والے عقیدتمندوں کو بھی بہرہ ور فرمایا۔ آپؒ نے کدورت، کثافت اور آلودگیوں سے متاثر لوگوں کے اخلاق وکردار کو اپنی روحانی ریاضت سے سنوارنے اور انہیں ہر قسم کے عیوب سے محفوظ فرمانے کے لیے اپنی زندگی وقف کردی۔ حضرت سید شاہ غلام علی قادری الموسویؒ اور محمد عبدالجبار خان ملکاپوریؒ نے بالترتیب مشکوٰۃ النبوت اور محبوب ذی المنن تذکرہ اولیائے دکن میں یہ واقع درج کیا ہے کہ آپ کے عہد میں بہمنی سلطنت کے عدلیہ ومذہبی امور کے نگران کار (جسے صدر جہاں کہا جاتا تھا)، انتہائی اثر ورسوخ اور شیعہ طبقہ سے تعلق رکھنے والی شخصیت شاہ جی کو سنی صوفیائے کرام سے سخت نفرت تھی جب شاہ جی نے حضرت ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ کے کشف وکرامات کے بارے میں سنا تو کہا کہ اگر یہ واقعی اللہ کے سچے ولی ہیں تو جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں گا تو اس وقت آپؒ حضرت سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے فضائل بیان کررہے ہوں گے۔ جب وہ اس ارادہ کے ساتھ آپؒ کی خانقاہ پر پہنچے تو ان کی حیرت کی انتہاء نہ رہی چونکہ اس وقت حضرت ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ حضرت سیدنا علی ابن ابی طالبؓ کے فضائل بیان فرمارہے تھے جسے دیکھ کر صدر جہاں کافی شرمندہ وپشیماں ہوئے اور آپ سے معذرت چاہی۔ حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ عابد وزاہد، بلند ہمت بزرگ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ امراء اور دولت مند طبقات پر زیادہ توجہ نہیں دیتے تھے۔ چونکہ آپؒ اس حقیقت سے اچھی طرح واقف تھے کہ تزکیۂ نفس، تصفیۂ قلب اور تجلیٔ روح کی نعمت اسی شخص کو حاصل ہوسکتی ہے جس کا دل دنیاوی مال ومتاع، جاہ ومنصب سے پاک اور غیر اللہ کی محبت سے خالی ہو۔ روایت میں آتا ہے کہ قطب شاہی حکمراں، ابراہیم قطب شاہ (924-988/1518-1580) نے آپؒ سے باریابی کی اجازت چاہی لیکن آپؒ نے صاف منع فرمادیا۔ یہ استغنا آپ کے والدگرامی کی تربیت کا نتیجہ تھا جیسا کہ اس روایت سے مترشح ہورہا ہے حضرت شیخ شاہ محمد شمس الدین القادری الملتانیؒ کی اولاد تین دن کی بھوک سے بلبلا رہی تھی لیکن اس کے باوجود آپؒ نے اس کھانے کو ہاتھ لگانا بھی گوارا نہ کیا جو حکمرانوں کی طرف سے آپؒ کی خانقاہ کو بھیجا گیا تھا۔ جب تک خانقاہوں سے وابستہ لوگ اس حقیقت کو جانتے اور مانتے رہے اس وقت تک خانقاہیں آباد تھیں لیکن جب سے خانقاہوں سے وابستہ افراد مصلحت کے نام پر صاحب ثروت اور اہل اقتدار کے نور نظر بننے میں ایک دوسرے پر سبقت لیجانے کی کوشش کرنے لگے اور ان کے ساتھ تصویر کشی پر فخر وناز کرنے لگے تب سے خانقاہی نظام تباہ وتاراج اور خانقاہیں تقریباً ویران ہوگئیں۔ جہاں اب ریاضات ومجاہدات پر رسومات اور خرافات کا غلبہ ہوچکا ہے۔ حقیقی درویش تو وہ ہوتا ہے جس کی صحبت میں ایک لمحہ بھی میسر آجائے تو اہل ثروت اور شاہان وقت اسے اپنی زندگی کا نقطۂ عروج سمجھتے ہیں۔ یہ بات ہمیں اچھی طرح ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ کوئی بھی شخص اس وقت تک اللہ کا ولی نہیں بن سکتا ہے جب تک کہ اس کی روح بشریت کی تاریکی وتیرگی اور نفسانی خواہشات سے پاک اور وہ دنیا ومافیہا سے زیادہ محبت الٰہی کو اپنے لیے عزیز ترین سرمایہ نہ سمجھے۔ چنانچہ روایت میں مذکور ہے کہ ایک دفعہ سرور کائناتؐ نے اپنے نامور صحابی یعنی حضرت سیدنا حارثہؓ سے دریافت کیا کہ آپ کی صبح کیسے ہوئی، حضرت سیدنا حارثہؓ نے جواباً فرمایا ایک سچے مؤمن کی طرح۔ رحمت عالمؐ نے ارشاد فرمایا اے حارثہؓ اپنی بات پر غور کرو کیا کہہ رہے ہو چونکہ ہر چیز کے لیے ایک حقیقت ہوتی ہے۔ اب بتا کہ تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہے؟ حضرت سیدنا حارثہؓ نے جواب دیا یارسول اللہؐ میں نے اپنے نفس کو دنیا سے علاحدہ کرلیا، میں اس سے دور ہوچکا ہوں اس لیے پتھر، مٹی، سونا، چاندی میرے نزدیک یکساں ہیں۔ ایمان کی اسی حقیقت کا عملی مظاہرہ آپ کو حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ کے اس جواب میں نظر آتا ہے جو آپؒ نے اس دور کے حکمراں کو دیا تھا۔ شرف باریابی کی اجازت سے محروم سلطان ابراہیم قطب شاہ نے حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ سے درخواست کی کہ کم ازکم آپؒ اپنے نعلین ہی مجھے بھیج دیں۔ آپؒ نے جواب میں لکھا "صوفیوں کی دعاؤں کو حاصل کرنا دنیاداروں کا مقصد ہے لیکن میں ہمیشہ ساری امت مسلمہ کی بھلائی کے لیے دعا کرتا ہوں جس کے تم بھی ایک رکن ہو"۔ صاحب اخبار الاخیار لکھتے ہیں کہ آپؒ ضعیف العمری اور پیرانہ سالی کے باوجود راتوں میں قیام فرماتے اور دن میں روزہ رکھتے۔ شیخ ابراہیم مخدوم جی قادریؒ کی شادی گلبرگہ کے جنیدی خاندان میں ہوئی وہ چھ ماہ گلبرگہ میں اپنی اہلیہ کے ساتھ اور چھ ماہ اپنے والد کی صحبت میں بیدر میں گزارتے۔ آپؒ صاحب تصنیف بزرگ تھے۔ کہا جاتا ہے کہ قیام گلبرگہ کے دوران وہ تصوف اور سلوک کے موضوع پر کتابیں تصنیف کرتے اور بیدر واپسی کے بعد اپنے والدگرامی کی خدمت میں بغرض تصحیح پیش فرماتے۔ آپؒ کی بیشتر تصانیف ناپید ہیں۔ البتہ دو کے نام ملتے ہیں (1) مقاصد القادریہ اور رسالہ سلوک۔ سلوک کے موضوع پر آپؒ کا مختصر لیکن گراں قدر رسالہ 'مقاصد القادریہ' اورینٹل مینوسکرپٹ لائبریری حیدرآباد میں آج بھی محفوظ ہے۔ مقاصد القادریہ کا اُردو ترجمہ جناب محمد ماجد علی القادری الملتانیؒ نے کیا ہے جس میں سات رسالے ہیں اس کتاب میں ماہیت وتعریف ارادت ومرید، مراد، تقوی، ورع، زہد، مراقبہ، ذکر، روح، کفر، جوہر، اخلاص، صلوۃ، نماز، نقش سورۃ الاخلاص، مناجات حضرت خواجہ عبداللہ انصاریؒ، آیت شفا، اسمائے حسنی کے فوائد، رویت باری تعالی، نسخہ برائے دفع خارش، دفع دنبل، ادویہ خارش، عقائد اہل سنت والجماعت، صفات وافعال حق تعالیٰ، قضاء وقدر، افعال حسنہ وافعال قبیحہ، حسن وقبح شرعی، تکلیف مالایطاق، حلال وحرام، کسب رزق، ملائکہ، آسمانی کتب، رسول ونبی میں فرق، عصمت انبیاء ومرسلین، معراج شریف، موت، سوال منکر ونکیر، آخرت، سعادت وشقاوت، انسانی اعضاء کی گواہی، حوض کوثر، پل صراط، محاسبہ، جنت ودوزخ، ثواب وعذاب، گناہ کبیرہ وصغیرہ، مغفرت، خطرات، توبہ، شفاعت انبیاء علمائے شہدا، ایمان، تقلید، ایمان واسلام میں فرق، ایمان میں کمی وزیادتی، کہانت، کرامت، ولایت، خلافت راشدہ، امام کے شرائط، عشرہ مبشرہ، استہزاء شریعت، مایوسی، علامات قیامت، تواریخ وتذکرات بزرگان دین، کلمات حضرت مخدوم جی قدس سرہ العزیز برائے طالبان حق جیسے عناوین پر اہم اور مستند معلومات ملتی ہیں علاوہ ازیں اس کتاب میں وصیت نامہ حضرت شاہ شمس الدین ملتانی بادشاہ قدس سرہ العزیز کا ذکر بھی ملتا ہے۔ رسالہ سلوک میں حضرت ابراہیم مخدوم جی قادریؒ نے تصوف کے مختلف موضوعات بشمول ذکر، توبہ، تزکیہ نفس کو بیان فرمایا ہے۔ تصنیف وتالیف کے علاوہ آپؒ نے مکمل قرآن مجید کو اپنے دست مبارک سے تحریر فرمایا ہے۔ آج کل بیشتر خانقاہوں میں علمی تحقیقات و انکشافات سے زیادہ سماع کی محفل کے انعقاد پر زیادہ توجہات مرکوز کی جارہی ہیں یقیناً یہ حاضرین محفل کے لیے روحانی سکون کا سبب ہوسکتا ہے لیکن جب خانقاہوں بالخصوص سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ سے تعلق رکھنی والی شخصیات حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ کی مطابعت میں تصنیف وتالیف، تحقیق وتدوین کی طرف مائل ہوں گی اور تصوف پر اپنی تخلیقات کو مختلف زبانوں میں شائع کروانے کی کوشش کریں گی تو اس سے پوری انسانیت کو فائدہ ہوگا اور جن لوگوں کے ذہن میں تصوف اور اہل تصوف سے متعلق جو شکوک وشبہات ہیں اس کا ازالہ ہوجائے گا۔ حضرت شیخ شاہ ابراہیم مخدوم جی القادری الملتانیؒ کی زوجہ محترمہ کا تعلق گلبرگہ شریف کے جنیدی خانوادہ یعنی حضرت شیخ سراج الدین جنیدیؒ (680-781/1281-1379) کے خاندان سے تھا۔ اسی لیے آپ چھ ماہ اپنی اہلیہ کے لیے گلبرگہ میں قیام فرماتے اور اپنے والدگرامی کی صحبت سے فیوض و برکات حاصل کرنے کی غرض سے چھ ماہ بیدر شریف میں سکونت اختیار کرتے۔ آپؒ کا یہ عمل ان لوگوں کے لیے مشعل راہ ہے جو دنیا وآخرت کے معاملات میں توازن برقرار نہیں رکھ پاتے اور بزعم باطل یہ گمان کرنے لگتے ہیں کہ اللہ تعالی کا قرب حاصل کرنے کے لیے دنیا سے کنارہ کش ہونا از حد ضروری ہے اسی لیے وہ دنیاوی مصروفیات ومشغولیات کو معطل کردیتے ہیں اور اپنی مالی ضروریات کی تکمیل کے لیے مریدین ومعتقدین پر اکتفا کرتے ہیں اور ان سے نذرانے بٹورتے ہیں جبکہ سلسلہ عالیہ قادریہ ملتانیہ کے اکابر بزرگان دین نے ہمیشہ حکمرانوں اور عوام الناس سے تحفہ وتحائف اور نذرانے قبول کرنے سے سختی کے ساتھ انکار کیا ہے۔ ☆☆

راہل گاندھی نے وزیر اعلیٰ سدارمیا کو لکھا خط، کرناٹک میں 'روہت ویمولا ایکٹ' نافذ کرنے کا مطالبہ کیا

نئی دہلی 18 اپریل: کانگریس کے رہنما اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے حال ہی میں پارلیمنٹ میں دلت، آدیواسی اور او بی سی طبقوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ اور اساتذہ سے ملاقات کی۔ اپنی ایکس پوسٹ میں انہوں نے بتایا کہ اس ملاقات کے دوران ان طلبہ اور اساتذہ نے اپنی زندگیوں میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ذات پات کی بنیاد پر امتیاز کا سامنا کرنے کے تجربات شیئر کیے۔

راہل گاندھی نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر نے جو راستہ دکھایا تھا، وہ آج بھی اثر انداز نہیں ہو سکا ہے۔ امبیڈکر کا پیغام تھا کہ تعلیم محروم طبقات کو با اختیار بنانے اور ذات پات کے امتیاز کو ختم کرنے کا ذریعہ ہے۔ مگر بدقسمتی سے آج بھی لاکھوں طلبہ ہمارے تعلیمی نظام میں اس طرح کی تفریق کا سامنا کر رہے ہیں۔

راہل گاندھی نے اس موقع پر روہت ویمولا، پائل تڑوی اور درشن سولنکی جیسے باصلاحیت طلبہ کی جانیں جانے کی یاد دہانی کرائی۔ ان طلبہ کی موت ذات پات کے امتیاز کا سنگین نتیجہ تھیں۔

اس سلسلہ میں راہل گاندھی نے کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا کو خط لکھا جس میں انہوں نے امتیاز کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور کرناٹک میں 'روہت ویمولا ایکٹ' کے نفاذ کا مطالبہ کیا تاکہ ہندوستان کے کسی بھی بچے کو وہ اذیت نہ جھیلنی پڑے جو روہت ویمولا اور بابا صاحب امبیڈکر جیسے رہنماؤں کو جھیلنی پڑی۔ انہوں نے اپنے خط میں کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا سے مطالبہ کیا کہ وہ ریاست میں اس ایکٹ کو نافذ کریں تاکہ دلت، آدیواسی اور او بی سی طلبہ کو تعلیم میں مکمل انصاف مل سکے اور ان کے ساتھ ہونے والی ناانصافیوں کا سدباب کیا جا سکے۔

راہل گاندھی نے اپنے خط میں ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے الفاظ کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ "ہندوستان کے کسی بھی بچے کو وہ ظلم نہیں سہنا چاہیے جو ڈاکٹر امبیڈکر اور ان جیسے لاکھوں افراد نے جھیلا ہے۔" انہوں نے کہا کہ یہ وقت کا تقاضا ہے کہ اس نوعیت کے واقعات کا سختی سے خاتمہ کیا جائے اور تعلیمی اداروں میں سماجی انصاف کی حقیقت کو یقینی بنایا جائے۔ راہل گاندھی کا کہنا تھا کہ ہندوستان میں دلت، آدیواسی اور او بی سی طبقے کے افراد کے ساتھ امتیازی سلوک کا مسئلہ کئی دہائیوں سے برقرار ہے اور اب وقت آ گیا ہے کہ اس مسئلے کا حل نکالا جائے۔ وہ چاہتے ہیں کہ حکومت اس پر فوری طور پر کارروائی کرے تاکہ آئندہ کسی بچے کی زندگی ذات پات کے امتیاز کی بھینٹ نہ چڑھے۔

منی لانڈرنگ معاملے میں سابق وزیر اعلیٰ جگن موہن ریڈی کی 27 کروڑ روپے سے زیادہ کی جائیداد ضبط

نئی دہلی 18 اپریل: آندھرا پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ وائی ایس جگن موہن ریڈی کو منی لانڈرنگ کے ایک معاملے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ای ڈی کی حیدرآباد یونٹ نے ان کے 27.5 کروڑ روپے کے شیئر اور ڈالمیا سیمنٹس (بھارت) لمیٹڈ (ڈی سی بی ایل) کی 377.2 کروڑ روپے کی زمین کو 'کوئڈ پرو کیو' سرمایہ کاری سے جڑے منی لانڈرنگ معاملے میں عارضی طور سے ضبط کر لیا ہے۔ اس تعلق سے ڈی سی بی ایل نے کہا ہے کہ ضبط کی گئی ملکیت کی قیمت 793.3 کروڑ روپے ہے۔ قابل ذکر ہے کہ منی لانڈرنگ کا یہ معاملہ 2011 میں سی بی آئی کی طرف سے درج ایف آئی آر سے متعلق ہے، جس میں ڈی سی بی ایل کی جانب سے بھارتی سیمنٹ کارپوریشن پرائیویٹ لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کی گئی تھی۔ یعنی معاملہ درج ہونے کے تقریباً 14 سال بعد ضبطی کی یہ کارروائی ہوئی ہے۔ ای ڈی کے مطابق یہ سرمایہ کاری جگن موہن ریڈی کی کمپنیوں میں 95 کروڑ روپے کے حصص کی شکل میں کی گئی، جس کے بدلے کڈپا ضلع میں 407 ہیکٹیئر کی کانکنی لیز ڈی سی بی ایل کو ٹرانسفر کی گئی۔

اس معاملے میں ای ڈی اور سی بی آئی نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈی سی بی ایل اور جگن موہن کے درمیان ہوئے ایک معاہدہ کے تحت رگھورام سیمنٹس لمیٹڈ کے شیئر فرانچ کمپنی پارفیسم کو 135 کروڑ روپے میں فروخت کیے گئے تھے، جس میں سے 55 کروڑ روپے نقدی میں حوالہ کے ذریعہ جگن موہن کو دیے گئے۔ سی بی آئی نے 8 اپریل 2013 کو جگن موہن سمیت دیگر ملزمین کے خلاف انسداد بدعنوانی ایکٹ اور تعزیرات ہند کی دفعات کے تحت چارج شیٹ داخل کی تھی۔

جموں وکشمیر سے بہار تک آندھی-بارش کا امکان، گجرات وراجستھان میں لو کا الرٹ

نئی دہلی 18 اپریل: ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی حصوں میں آج، 18 اپریل کو موسم میں نمایاں تبدیلی دیکھی جا رہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے جموں وکشمیر، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب، اتر پردیش، بہار اور جھارکھنڈ سمیت کئی ریاستوں میں آندھی، بارش اور کہیں کہیں ژالہ باری کی پیش گوئی کی ہے۔ اس تبدیلی کی بنیادی وجہ مغربی ہواؤں (ویسٹرن ڈسٹربنس) کا فعال ہونا ہے، جو غیر یقینی موسمی حالات کو اپنے ساتھ لا رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ان ہواؤں کی سب سے زیادہ شدت 19 اپریل کو متوقع ہے، لیکن 18 اپریل یعنی آج بھی متعدد علاقوں میں اس کا اثر دکھائی دے گا۔ اس دوران سطح زمین پر تیز ہوائیں چلنے، گرج چمک کے ساتھ بارش اور بعض مقامات پر ہلکی ژالہ باری کی صورتحال بن سکتی ہے۔ ملک کی راجدھانی دہلی میں بھی آج درجہ حرارت میں کمی آنے کا امکان ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سیلسیس جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 25 ڈگری سیلسیس رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ دہلی میں دن کے وقت تیز سطحی ہوائیں چلیں گی۔ کل کے لیے بہت ہلکی بارش اور آسمانی گرج چمک کے ساتھ ہواؤں کے تسلسل کی پیش گوئی ہے۔ نجی موسمیاتی ایجنسی اسکائی میٹ کے مطابق جموں وکشمیر، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ جیسے مغربی ہمالیائی علاقوں میں 18 اور 19 اپریل کو بارش کے ساتھ کہیں کہیں ہلکا سے درمیانی درجے کا برفباری بھی ممکن ہے۔ مشرقی بہار، جھارکھنڈ اور شمالی پنجاب کے بعض حصوں میں آج گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ مشرقی ہندوستان کے علاقے جیسے سکم، آسام، میگھالیہ، منی پور، تریپورہ، اور ناگالینڈ کے ساتھ ساتھ انڈمان ونکوبار جزائر اور ساحلی اوڈیشہ میں ہلکی سے درمیانی بارش کا امکان ہے، جب کہ کچھ جگہوں پر موسلا دھار بارش بھی ہو سکتی ہے۔ مغربی بنگال، اوڈیشہ، کیرالہ اور جنوبی کرناٹک میں بھی ہلکی سے درمیانی بارش متوقع ہے۔ ادھر، گجرات، مغربی و مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش کے کچھ حصوں میں شدید گرمی کی لہر چلنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ مغربی راجستھان میں آج لو سے لے کر شدید لو جیسی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے، جبکہ مشرقی راجستھان میں 19 اپریل کے آس پاس لو کے حالات بننے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے لوگوں کو احتیاط برتنے، غیر ضروری سفر سے گریز کرنے اور پانی کا زیادہ استعمال کرنے کی ہدایت دی ہے تاکہ گرمی اور بدلتے موسم کے منفی اثرات سے بچا جا سکے۔

گئوشالہ میں 100 گایوں کی موت کا دعویٰ کرنے والے ٹی ٹی ڈی کے سابق چیف کرونا کر ریڈی کے خلاف مقدمہ درج

18 اپریل: تروملا تروپتی دیوستھانم (ٹی ٹی ڈی) گئوشالہ میں انتظامیہ کی لاپروائی کے سبب گایوں کے مرنے کا دعویٰ کرنے پر آندھرا پردیش پولیس نے ٹی ٹی ڈی کے سابق چیف اور وائی ایس آر سی پی لیڈر بی کرونا کر ریڈی کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ٹی ٹی ڈی بورڈ کے رکن بھانو پرکاش ریڈی نے تروپتی کے پولیس سپرنٹنڈنٹ ہرش وردھن راجو کے پاس شکایت درج کرائی کہ کرونا کر ریڈی کا یہ دعویٰ جھوٹا ہے کہ ایس وی گئوشالہ میں انتظامیہ کی لاپروائی کے سبب 100 گایوں کی موت ہوئی ہے۔ پولیس نے کرونا کر ریڈی کے خلاف بھارتیہ نیائے سنہیتا (بی این ایس) کی مختلف دفعات کے تحت معاملہ درج کیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق بھانو پرکاش ریڈی نے کرونا کر ریڈی کے دعووں کو جھوٹ پر مبنی اور گمراہ کن قرار دیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے بتایا ہے کہ ان جھوٹے بیانات کے سبب عقیدتمندوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ دراصل کرونا کر ریڈی نے گئوشالہ میں موجود گایوں کی بڑی تعداد میں اموات سے متعلق دعوے کیے تھے، جس کے بعد کافی ہنگامہ برپا ہوا۔ اس معاملے میں الزامات کا دور بھی شروع ہوا، اور اب کرونا کر ریڈی کے خلاف پولیس میں معاملہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ وائی ایس آر سی پی کے کچھ لیڈران جب 17 اپریل کو ٹی ٹی ڈی گئوشالہ میں داخل ہو رہے تھے تو انہیں روک دیا گیا تھا۔ اس عمل سے ناراض ان لیڈران نے وہاں احتجاجی مظاہرہ کیا تھا اور الزام عائد کیا تھا کہ گئوشالہ میں لاپروائی کے سبب کئی گایوں کی موت ہوئی ہے۔ پولیس کے ذریعہ گئوشالہ میں داخل ہونے سے روکے جانے کے بعد ٹی ٹی ڈی کے سابق چیف بھومنا کرونا کر ریڈی سڑک پر لیٹ کر احتجاجی مظاہرہ کرنے لگے تھے۔ اس دوران ان کے ساتھ مظاہرہ میں تروپتی کے رکن پارلیمنٹ ایم گرومورتی اور دیگر لوگ بھی شامل ہوئے تھے۔

عدالت نے اشارہ دیا ہے کہ وہ ان دفعات کو ختم کر سکتی ہے: سلمان خورشید

18 اپریل: وقف ایکٹ کے خلاف سپریم کورٹ میں 17 اپریل کو ہونے والی سماعت کے بعد مسلسل سیاسی ردعمل سامنے آ رہے ہیں۔ اس دوران کانگریس کے سینئر رہنما سلمان خورشید نے بھی اپنا ردعمل دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے میں وہی ہوا ہے جو کسانوں کے قانون میں ہوا تھا۔ کانگریس رہنما نے کہا کہ اس معاملے میں سپریم کورٹ نے محسوس کیا کہ کچھ دفعات پر پابندی لگنی چاہئے نہ کہ پورے قانون پر۔ عدالت نے اشارہ دیا ہے کہ وہ ان دفعات کو ختم کر سکتی ہے۔ خورشید نے کہا، "سالیسٹر جنرل نے کہا کہ ان کا ماننا ہے کہ ہم حتمی سماعت تک بورڈ میں اراکین کی نامزدگی اور کونسل میں اراکین کی تقرری کا عمل شروع نہیں کریں گے۔"

کانگریس رہنما نے مزید کہا، "اس کے علاوہ 'ایک صارف کے طور پر وقف' کا ایک بہت ہی دلچسپ مسئلہ ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ جب تک ہم پورے معاملے کو نہیں سن لیتے، موجودہ 'صارف وقف' یعنی وقف بائے یوزر میں کوئی مداخلت نہیں ہونی چاہیے، یہ صرف عدالت کا ایک عارضی موقف ہے۔ اب حکومت کو حق ہے کہ وہ دوبارہ واپس آئے اور پوری بات کو مزید تفصیل سے بیان کرے۔"

سلمان خورشید نے کہا کہ ہم حکومت کے ردعمل کو اپنے نقطہ نظر سے دیکھیں گے کہ حکومت کیوں غلط ہے اور وہ ایک مخصوص کمیونٹی کے حقوق کیوں پامال کر رہی ہے، اس کے بعد ہی عدالت حتمی فیصلہ کرے گی۔ واضح رہے کہ سماعت کے بعد سپریم کورٹ نے ایک عبوری حکم دیتے ہوئے کہا کہ وقف بورڈ میں کوئی نئی تقرری نہ کی جائے۔ سپریم کورٹ نے حکومت کو جواب دینے کے لیے سات دن کی مہلت دی ہے۔ سپریم کورٹ نے اس معاملے میں اگلی سماعت کے لیے 5 مئی کی تاریخ مقرر کی ہے۔

☆☆☆

اعظم خان کو تین مقدمات میں راحت، ایک کیس میں ضمانت مسترد، جیل سے رہائی ابھی ممکن نہیں

18 اپریل: سماجوادی پارٹی کے سینئر رہنما اعظم خان کو رام پور کی اسپیشل ایم پی-ایم ایل اے مجسٹریٹ عدالت سے تین مقدمات میں بڑی راحت ملی ہے۔ عدالت نے ان کی چار ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، جن میں سے تین کو منظور کر لیا گیا جبکہ ایک کو مسترد کر دیا گیا ہے۔ عدالت نے جو تین ضمانتیں منظور کی ہیں ان میں دو اشتعال انگیز تقاریر (ہیٹ اسپیچ) سے متعلق ہیں اور ایک شترو (دشمن) جائیداد کے مقدمے سے متعلق ہے۔ تاہم گواہ کو دھمکانے اور سازش رچنے کے الزام والے مقدمے میں عدالت نے ان کی ضمانت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ اعظم خان کے وکیل زبیر احمد نے میڈیا کو بتایا، "محمد اعظم خان کی چار ضمانت کی درخواستیں زیر التوا تھیں، جن پر آج سماعت کے بعد فیصلہ سنایا گیا۔ ان میں سے تین ضمانتیں عدالت نے منظور کی ہیں — دو اشتعال انگیز تقریر کے کیسز میں اور ایک اینمی پراپرٹی سے متعلق۔ چوتھی درخواست، جو گواہ کو دھمکانے اور سازش سے جڑی ہوئی ہے، اسے مسترد کر دیا گیا ہے۔" زبیر احمد نے مزید بتایا کہ مسترد ہونے والی ضمانت کے خلاف اب سیشن کورٹ میں اپیل دائر کی جائے گی۔ ان کے مطابق اعظم خان اب بھی جیل میں ہی رہیں گے کیونکہ دو مزید مقدمات میں انہیں ابھی ضمانت حاصل کرنا باقی ہے۔ ان میں ایک مقدمہ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، جب کہ دوسرا وہی گواہ کو دھمکانے کا کیس ہے، جس میں آج ضمانت رد ہوئی ہے۔

'جانے بھی دو یارو' کے ساتھ آئی جی این سی اے میں شروع ہونے جا رہا ہے ماہانہ فلم کلب کا سلسلہ

نئی دہلی، 18 اپریل (یو این آئی) از: شردھا دویدی: راجدھانی دہلی کے لوگ، جنہیں ہندوستان اور بیرون ملک سے منتخب پرانی فلمیں دیکھنے کا شوق ہے، اب انہیں ہر ماہ کم از کم ایک ایسی پرانی فلم دیکھنے کا نہ صرف موقع ملے گا، بلکہ اس موقع پر وہ اس فلم سے جڑی یا اس کے بارے میں خاص معلومات رکھنے والی شخصیات سے بھی مل سکیں گے۔ اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار دی آرٹس (آئی جی این سی اے) جو کہ مرکزی وزارت ثقافت کا ایک ادارہ ہے، اس ماہ کے آخری ہفتہ کو ہندی کامیڈی 'جانے بھی دو یارو' کے ساتھ نئی دہلی میں واقع اپنے ہیڈ کوارٹر میں 'کلب' ماحول میں ہالی ووڈ سے لے کر ہالی ووڈ تک مختلف ممالک کی فلمی صنعتوں کی منتخب مشہور فلموں کی نمائش کا ایک سلسلہ شروع کرنے جا رہا ہے۔ ہر مہینے، آخری ہفتہ یا اتوار کو، انسٹی ٹیوٹ کے پاس موجود فلموں کے منفرد مجموعہ میں سے ایک پرانی فلم جن پتھ کے آئی جی این سی اے 'سمویت' آڈیٹوریم میں دکھائی جائے گی۔ یہ فلمیں اندور کے معروف فلمی نقاد، مصنف، صحافی آنجہانی شری رام تمراکر کی زندگی بھر کا مجموعہ ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری سچدانند جوشی کی فعال پہل سے آئی جی این سی اے نے ان کے خاندان سے تقریباً 450 فلموں کا یہ خزانہ اکٹھا کر کے اسے محفوظ کر لیا ہے۔ ان میں ہندوستانی، امریکی اور یورپی فلمی صنعتوں کی اپنے دور کی مشہور فلمیں شامل ہیں۔ آئی جی این سی اے کے میڈیا انچارج انوراگ پونے تھانے یو این آئی کو بتایا کہ "ہم کلاسک پرانی فلموں کے بارے میں بات کرنے کے لیے اس ماہ کے آخری ہفتہ 27 تاریخ کو 'جانے دو بھی یارو' کے ساتھ اس سیریز کا آغاز کر رہے ہیں۔ یہ ایک مزاحیہ فلم ہے۔ اس کے دونوں اسکرین رائٹرز سدھیر مشرا اور رنجیت کپور، جنہوں نے کندن شاہ کے لیے فلم لکھی تھی، شائقین کو فلم بنانے سے متعلق کچھ معلومات فراہم کرنے کے لیے مدعو کیا گیا ہے۔" مسٹر پونیتھا نے کہا کہ آئی جی این سی اے کے پاس مسٹر رام تمراکر کلیکشن ہے جس میں انہوں نے دنیا کے بہترین سینما کو جمع کیا ہے۔ وہ اب آئی جی این سی اے کے پاس محفوظ شدہ دستاویزات میں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مسٹر رام تمراکر ہالی ووڈ، ہندی سینما اور یورپی سینما کی کلاسیکی فلمیں اکٹھا کرتے تھے۔ اس کے لیے وہ دہلی میں واقع مختلف ممالک کے سفارت خانوں کو خطوط لکھتے تھے اور ان کے ذریعے وہ فلمیں اندور میں اپنے فلم کلب کے لیے منگواتے تھے۔ وہ ایسی فلمیں حاصل کرتے اور اندور میں فلمی شائقین کو دکھاتے تھے۔ مسٹر پونیتھا نے کہا کہ مسٹر تمراکر فلموں کے ماہر تھے۔ وہ مشہور فلمیں دیکھنے اور دکھانے میں ان کی دلچسپی زبردست تھی اور وہ اپنے سرمائے سے فلمیں حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ان کا وہ مجموعہ آئی جی این سی اے نے اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "ان کی یاد میں آئی جی این سی اے نے 2018 تک ملک میں سینما پر پہلا ہندی انسائیکلوپیڈیا بنایا ہے، ہمارے پاس چار سے ساڑھے چار سو فلمیں ہیں۔ ہمارا مقصد دہلی میں ایک ایسا سینٹر ہونا ہے جہاں کوئی دنیا بھر کا بہترین سینما دیکھ سکے۔" اس مجموعہ میں مغرب کی پرانی فلمیں شامل ہیں جیسے گون وِد دی ونڈ، میوزک آف دی ساؤنڈ۔ اس سلسلے میں لوگ 'جانے بھی دو یارو'، 'گمان' جیسی کئی مشہور فلمیں دیکھ کر لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ شری رام تمراکر (9 نومبر 1938 - 16 نومبر 2014) ہندی سینما کے ایک نامور فلمی نقاد، مصنف اور صحافی تھے اور انہیں 1992 میں مدھیہ پردیش حکومت کے محکمہ ثقافت کی طرف سے 'بہترین فلم نقاد' کے ایوارڈ اور دادا صاحب اکیڈمی کی طرف سے 'سینئر فلم جرنلسٹ ایوارڈ' سے نوازا گیا۔ انہیں 'فلمی دنیا کا انسائیکلوپیڈیا' بھی کہا جاتا تھا۔ انہوں نے دو دہائیوں تک اندور کی دیوی اہلیا یونیورسٹی میں سینما موضوع پڑھایا اور مختلف اخبارات کے لیے لکھتے رہے۔

کشمیر کے ممتاز عالم دین آغا سید محمد باقر الموسوی انتقال کر گئے، وادی میں غم وسوگ کی فضا

سری نگر 18 اپریل: وادی کشمیر کے ممتاز عالم دین اور نامور مذہبی لیڈر علامہ آغا سید محمد باقر الموسوی مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ 85 برس کے تھے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق انہوں نے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب شری مہاراجہ ہری سنگھ ہسپتال (ایس ایم ایچ ایس) میں زندگی کی آخری سانسیں لیں، جہاں وہ گذشتہ ایک دو دن سے زیر علاج تھے۔ آغا صاحب کے انتقال کی خبر پھیلتے ہی قصبہ بڈگام میں ماتم کا ماحول چھا گیا اور ہر طرف آہ و فغاں کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔ جمعہ کی صبح پو پھٹتے ہی وادی کے اطراف و اکناف سے لوگ ان کی رہائش گاہ واقع بڈگام میں جمع ہونے لگے اور دیکھتے ہی دیکھتے قصبے میں لوگوں کا ایک سیلاب امڈ آیا۔ آغا سید محمد باقر بڈگام کے معروف آغا خاندان کی ایک انتہائی ممتاز و معتبر شخصیت تھے۔ آپ نے ابتدائی دینی تعلیم جامع باب العلم بڈگام سے حاصل کی اور مزید تعلیم کے لیے نجف اشرف کا رخ کیا، جہاں انہوں نے کئی برس اس وقت کے نامور فقہا کے سامنے تلمذ کیا اور فقہ و دیگر اسلامی علوم پر مہارت حاصل کی۔ آپ سال 1982 میں وطن واپس لوٹے اور اپنی پوری زندگی دین کی خدمت میں وقف کر دی۔ تبلیغ دین، تصنیف وتالیف اور اصلاحی کاموں میں آپ نے سرگرم کردار ادا کیا۔ آغا صاحب ہر جمعہ کو اپنی رہائش گاہ پر خطبہ دیتے تھے، جس سے مستفید ہونے کے لیے مختلف مکاتب فکر کے اسکالرز بھی آتے تھے۔ انہیں فقہ، عربی، فارسی، اردو اور کشمیری ادب پر گہری دسترس حاصل تھی۔ ان کے انتقال پر وادی کے مذہبی، سماجی و سیاسی لیڈروں نے گہرے صدمے کا اظہار کیا ہے۔ نیشنل کانفرنس کے رہنما اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایکس پر پوسٹ کرتے ہوئے کہا، "انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ممتاز شیعہ عالم دین اور مذہبی رہنما علامہ آغا سید محمد باقر الموسوی کے انتقال پر گہرا دکھ ہوا ہے۔ مرحوم کی جموں وکشمیر میں مذہبی فکر، سماجی ہم آہنگی اور عوامی خدمت میں ان کی گہری شراکتیں ایک میراث کے طور پر یاد رکھی جائیں گی۔" پی ڈی پی صدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے بھی اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا، "قابل احترام شیعہ عالم، ممتاز مصنف اور ماہر الٰہیات آغا سید باقر موسوی صاحب کے انتقال کی خبر سن کر گہرا رنج ہوا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔"

بہار میں جے ڈی یو کو 60 فیصد ووٹ ملیں گے

نئی دہلی، 18 اپریل (یو این آئی) بہار میں حکمراں جنتا دل یونائیٹڈ (جے ڈی یو) نے دعویٰ کیا ہے کہ پارٹی ریاست میں ہونے والے اسمبلی انتخابات میں 60 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کرے گی۔ جے ڈی یو کے قومی ترجمان راجیو رنجن پرساد نے جمعہ کو یہاں کہا کہ ریاست کے عوام کو وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی اچھی حکمرانی پر پورا بھروسہ ہے۔ ریاست کے عوام نے نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) کو مسلسل جیت دلائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نتیش حکومت کو ریاست میں تمام طبقات کی حمایت حاصل ہے۔ مسٹر پرساد نے کہا کہ "بہار کے لوگوں نے بارہا این ڈی اے پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ ہمیں تمام طبقات کی حمایت حاصل ہے۔ ہم 60 فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کر سکتے ہیں۔" بہار اسمبلی انتخابات اس سال کے آخر تک تجویز کیے گئے ہیں اور اس کے پیش نظر مختلف پارٹیوں کی سیاسی سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔

تاریخ میں آج کے دن

نئی دہلی، 18 اپریل (یو این آئی) ہندستان اور عالمی تاریخ کے اہم اور مختصر واقعات اس طرح ہیں۔

1451۔ بہلول خان لودھی نے دہلی پر قبضہ کیا۔

1770۔ کیپٹن جیمس کک آسٹریلیا پہنچنے والے پہلے مغربی شخص بنے۔

1775۔ برطانوی نوآبادیات کے خلاف امریکی بغاوت کا آغاز ہوا۔

1782۔ امریکہ کا پہلا سفارتخانہ نیدرلینڈ کے ہوگ میں قائم ہوا۔

1852۔ کیلی فورنیا ہسٹوریکل سوسائٹی کی تشکیل۔

1882۔ چارلس ڈارون کی موت ہوئی۔

1906۔ فرانس کے سائنسداں پیرے اور ان کی بیوی میری کیوری راجدھانی پیرس میں ایک سڑک حادثہ میں ہلاک۔ انہوں نے مقناطیس اور ریڈیو ایکٹیویٹی پر اپنی بیوی میری کیوری کے ساتھ کافی ریسرچ کی تھی۔

1910۔ دمدار ستارے کو پہلی بار کھلی آنکھوں سے دیکھا گیا۔

1919۔ امریکہ کے لیسلی ارون نے پیراشوٹ سے پہلی بار چھلانگ لگائی۔

1933۔ امریکہ کے اس وقت کے صدر فرینکلن ڈی روزویلٹ نے گولڈ اسٹینڈرڈ کو چھوڑنے کا اعلان کیا۔

1936۔ فلسطین میں یہودی مخالف فساد شروع ہوئے۔

1945۔ سوویت یونین اور گوائٹیمالا کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہوئے۔

1948۔ برما اقوام متحدہ میں شامل ہوا۔

1950۔ شیاما پرساد مکھرجی کابینہ سے استعفیٰ دینے والے پہلے کابینی وزیر بنے۔

1954۔ پاکستان کی آئین ساز اسمبلی نے اردو اور بنگالی کو قومی زبانوں کے طور پر منظور کیا۔

1955۔ مشہور شکاری جم کاربیٹ کا انتقال ہوا۔

1960۔ جنوبی کوریا صدر سنگمین ری کے خلاف طلبا کا وسیع مظاہرہ شروع ہوا۔

1971۔ سوویت یونین نے دنیا کے پہلے خلائی اسٹیشن سالیوت۔ 1 کو زمین کے مدار میں قائم کیا۔

1972۔ بنگلہ دیش دولت مشترکہ کا رکن بنا۔

1973۔ سابق سوویت یونین (یو ایس ایس آر) نے نیوکلیائی تجربہ کیا۔

1975۔ ہندستان کا پہلا سیٹلائٹ آریہ بھٹ چھوڑا گیا۔

1978۔ وائی نورون اسرائیل کے صدر منتخب ہوئے۔

1989۔ افریقی ملک سیئرالیون نے جمہوریت کا اعلان کیا۔

1998۔ میکسکو کے عظیم شاعر اوکارتا ویو پاج کا انتقال ہوا۔

1999۔ جرمنی کے چانسلر شروڈر نے نئے برلن جمہوریہ کا اعلان کیا۔

2005۔ جرمنی کے قدامت پسند کارڈنل جوزف ریٹزنگر پوپ بینڈیکٹ چنے گئے۔

2011۔ کیوبا کے سابق صدر فیدل کاسترو نے کمیونسٹ پارٹی آف کیوبا کی مرکزی کمیٹی میں 45 برس تک رہنے کے بعد استعفیٰ دیا۔

☆☆☆☆

حماس غزہ جنگ کے خاتمے اور مقید فلسطینیوں کے بدلے تمام یرغمالی رہائی کیلئے رضامند

یمن میں آئل پورٹ پر امریکی حملوں میں کم از کم 38 افراد شہید، 102 زخمی

غزہ، 18 اپریل (یو این آئی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم 'حماس' کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے اسرائیل کی عبوری جنگ بندی کی پیش کش کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ حماس، غزہ میں تنازع کے خاتمے اور اسرائیل میں قید فلسطینیوں کے بدلے تمام اسرائیلی یرغمالیوں کے تبادلے کے لیے ایک جامع معاہدہ چاہتی ہے۔ ڈان میں شائع خبر رساں ایجنسی 'رائٹرز' کے مطابق ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والی ایک تقریر میں گروپ کے غزہ کے سربراہ خلیل الحیا، جو اس کی مذاکراتی ٹیم کے سربراہ ہیں، نے کہا کہ گروپ اب عبوری معاہدوں پر راضی نہیں ہوگا۔ خلیل الحیا نے کہا کہ حماس غزہ تنازع کے خاتمے، اسرائیل کی جانب سے جیلوں میں قید فلسطینیوں کی رہائی اور غزہ کی تعمیر نو کے بدلے اپنی تحویل میں موجود باقی تمام یرغمالیوں کی رہائی کے لیے فوری طور پر 'جامع پیکیج مذاکرات' میں شامل ہونے کے لیے تیار ہے۔ خلیل الحیا نے اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 'نیتن یاہو اور ان کی حکومت جزوی معاہدوں کو اپنے سیاسی ایجنڈے کی آڑ کے طور پر استعمال کرتے ہیں، جس کی بنیاد تباہی اور بھوک کی جنگ کو جاری رکھنے پر ہے، بھلے ہی اس کی قیمت ان کے تمام قیدیوں (یرغمالیوں) کی قربانی کیوں نہ ہو، ہم اس پالیسی کو پاس کرنے کا حصہ نہیں بنیں گے'۔ دوسری جانب غزہ کے شہری دفاع کے ادارے نے کہا ہے کہ جنوبی شہر خان یونس کے قریب رات بھر اسرائیلی حملے میں 10 افراد شہید ہو گئے۔ ترجمان محمود باسل نے ٹیلی گرام پر بتایا کہ 'ہمارے عملے نے خان یونس کے مشرق میں بنی سہیلہ کے علاقے میں اسرائیلی قابض افواج کی طرف سے نشانہ بنائے گئے بر کا خاندان کی رہائشگاہ اور قریبی گھروں سے 10 شہیدوں کی لاشیں اور بڑی تعداد میں زخمیوں کو برآمد کیا ہے'۔ دریں اثنا، ڈان اخبار میں شائع خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کی رپورٹ کے مطابق جمعرات کو اسرائیلی حملوں میں 40 فلسطینی شہید ہو گئے تھے۔ یمن میں بندرگاہ پر امریکی حملوں میں کم از کم 38 افراد شہید ہو گئے، امریکہ نے خبردار کیا ہے کہ حوثیوں نے بحیرہ احمر میں بحری جہازوں پر حملے بند نہ کیے تو وہ حوثیوں کے خلاف حملے جاری رکھے گا۔ ڈان میں شائع خبر رساں ادارے 'رائٹرز' کی رپورٹ کے مطابق حوثیوں کے زیر انتظام ذرائع ابلاغ کا کہنا ہے کہ جمعرات کو یمن میں آئل پورٹ پر امریکی حملوں میں کم از کم 38 افراد شہید ہو گئے، جو امریکہ کی جانب سے ایران کے حمایت یافتہ عسکریت پسندوں پر اب تک کے مہلک ترین حملوں میں سے ایک ہیں۔ امریکہ نے متنبہ کیا ہے کہ اگر حوثیوں نے بحیرہ احمر کے جہازوں پر حملے بند نہیں کیے تو وہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اقتدار سنبھالنے کے بعد مشرق وسطیٰ میں اپنے سب سے بڑے فوجی آپریشن میں بڑے پیمانے پر ہونے والے حملوں کو نہیں روکے گا۔ 'المسیرہ ٹی وی' کا کہنا ہے کہ جمعرات کو ایندھن کی مغربی بندرگاہ راس عیسیٰ پر ہونے والے حملوں میں 102 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، جس کے بارے میں امریکی فوج کا کہنا ہے کہ اس کارروائی کا مقصد حوثی عسکریت پسند گروپ کے لیے ایندھن کا ایک ذریعہ ختم کرنا ہے۔ رائٹرز کی جانب سے حوثیوں کی ہلاکتوں کی تعداد اور ان کے اپنے تخمینے کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں امریکی سینٹرل کمانڈ نے کہا کہ ان کے پاس حملوں کے ابتدائی اعلان کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ اس نے 'ایکس' پر ایک پوسٹ میں کہا تھا کہ 'ان حملوں کا مقصد حوثیوں کی طاقت کے معاشی منبع کو کم کرنا تھا، جو اپنے ہم وطنوں کا استحصال کر رہے ہیں اور انہیں شدید تکلیف پہنچا رہے ہیں'۔ نومبر 2023 سے اب تک حوثی باغیوں نے آبی گزرگاہ سے گزرنے والے بحری جہازوں پر درجنوں ڈرون اور میزائل حملے کیے ہیں اور کہا ہے کہ وہ غزہ کی جنگ کے خلاف احتجاج کے طور پر اسرائیل سے منسلک بحری جہازوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے غزہ میں دو ماہ کی جنگ بندی کے دوران جہاز رانی کے راستوں پر حملے روک دیے تھے، اگرچہ انہوں نے گزشتہ ماہ غزہ پر اسرائیل کے حملے کی تجدید کے بعد دوبارہ حملے شروع کرنے کا عہد کیا تھا، لیکن اس کے بعد سے انہوں نے کسی حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔ حوثی حکام کا کہنا ہے کہ مارچ میں دو روز تک جاری رہنے والے امریکی حملوں میں 50 سے زائد افراد شہید ہوئے تھے۔

فلوریڈا یونیورسٹی میں فائرنگ

2 افراد ہلاک، 5 زخمی، 20 سالہ حملہ آور گرفتار

فلوریڈا 18 اپریل: جمعرات کو فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی میں ایک مسلح شخص کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد ہلاک اور کم از کم پانچ دیگر کو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ زخمیوں میں سے بعض کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ یونیورسٹی نے جمعرات کی سہ پہر کیمپس میں ایک شوٹر کے بارے میں الرٹ جاری کیا اور کہا کہ پولیس اسٹوڈنٹ یونین کے قریب جواب دے رہی ہے۔ اس کے بعد ایمبولینس، فائر ٹینڈرز اور قانون نافذ کرنے والے مختلف اداروں کی گشتی گاڑیاں یونیورسٹی کیمپس کی طرف روانہ ہو گئیں۔ فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی (ایف ایس یو) میں فائرنگ کرنے والے ملزم کی شناخت فینکس ایکنر کے نام سے ہوئی ہے۔ 20 سالہ لیون کاؤنٹی پولیس افسر کا بیٹا ہے اور لیون کاؤنٹی شیرف آفس یوتھ ایڈوائزری کونسل کا ممبر ہے۔ پولیس نے کہا کہ اکنر نے اپنی ماں کی بندوق کو گولی مارنے کے لیے استعمال کیا۔ پولیس نے فائرنگ میں استعمال ہونے والا ہتھیار تلہاسی میں یونیورسٹی آف فلوریڈا کے کیمپس کے کرائم سین سے برآمد کیا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا کہ انہیں فائرنگ کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کر دی گئی ہیں۔ خبر رساں ادارے روئٹرز کے مطابق انہوں نے کہا کہ یہ ایک خوفناک واقعہ ہے۔ ایسے واقعات کا ہونا افسوسناک ہے۔ فائرنگ کے واقعے کے بعد کیمپس میں خوف و ہراس کا ماحول ہے۔ سینکڑوں طلبہ سٹوڈنٹس یونین سے دور ہو گئے۔ کچھ لوگ جذباتی نظر آئے تو کچھ ایک دوسرے سے گلے مل رہے تھے۔ عینی شاہدین نے اس لمحے کو یاد کیا جب الارم بج گیا۔ فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی اس وقت لاک ڈاؤن ہے۔ یونیورسٹی نے طلباء، اساتذہ اور عملے کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی تاکید کے ساتھ پورے کیمپس میں ایمرجنسی الرٹ جاری کیا تھا۔ الرٹ پیغام میں کہا گیا "پولیس جائے وقوعہ پر ہے یا پہنچنے والی ہے۔" تمام دروازے اور کھڑکیاں بند کر دیں اور ان سے دور رہیں۔ 'احتیاط کے طور پر، جمعرات کو شیڈول تمام کلاسز اور پروگرام منسوخ کر دیے گئے۔ یونیورسٹی کے عہدیداروں نے ان لوگوں پر زور دیا جو مرکزی کیمپس میں نہیں تھے اس علاقے سے دور رہیں۔ ہنگامی امداد کی ضرورت والے افراد کو 911 پر کال کرنے یا فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی کے پولیس ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ فلوریڈا کے گورنر رون ڈی سینٹیس نے بھی اس واقعے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا، 'ہماری دعائیں ہمارے ایف ایس یو فیملی کے ساتھ ہیں اور سیکیورٹی ایجنسیاں سرگرمی سے جواب دے رہی ہیں۔ فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی، ریاستی دارالحکومت کے قریب تلہاسی میں واقع ہے، فلوریڈا کی 12 پبلک یونیورسٹیوں میں سے ایک ہے۔ یہاں 44,000 سے زائد طلباء تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

سعودی وزارت حج کا عمرہ زائرین کو انتباہ

ریاض، 18 اپریل (یو این آئی) سعودی عرب میں سعودی وزارت حج نے مختلف ممالک سے عمرہ ویزے پر آنے والے زائرین کو ایک بار پھر انتباہ دیا ہے کہ ویزے کی مدت ختم ہونے سے قبل اپنے ملکوں کو روانہ ہو جائیں۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق وزارت حج و عمرہ نے کہا ہے کہ عمرہ ویزے پر غیر قانونی قیام کرنے والوں کو ضوابط کے مطابق سخت سزا بھگتنا پڑے گی۔ سعودی وزارت حج کا کہنا تھا کہ عمرہ ویزے پر آنے والوں کو حج کرنے کی قطعی اجازت نہیں ہوتی۔ زائرین کے لیے یہ ضروری ہے کہ عمرہ ویزے کی مدت ختم ہونے سے قبل ہی اپنے ممالک روانہ ہو جائیں۔ وزارت داخلہ کی جانب سے مملکت میں عمرہ ویزے پر آنے والوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 29 اپریل سے پہلے پہلے اپنے اپنے ممالک روانہ ہو جائیں، مذکورہ تاریخ کے بعد عمرہ ویزے والوں کا مملکت میں قیام غیر قانونی شمار ہوگا جس پر انہیں قانون کے مطابق سزا دی جائے گی۔ واضح رہے حج قوانین کے مطابق عمرہ یا وزٹ ویزے پر آنے والے غیر ملکیوں کو کسی طرح بھی حج ادا کرنے کی اجازت نہیں ہوتی ایسا کرنے والے قانون شکنی کے مرتکب ہوتے ہیں جس پر سخت سزا مقرر ہے۔ قبل ازیں وزارت نے عمرہ زائرین کی واپسی میں تاخیر پر ایک لاکھ ریال جرمانہ بھی مقرر کیا تھا اور ہدایت کی تھی کہ وہ کمپنیاں جن کے تحت بیرون ممالک سے عمرہ زائرین مملکت آتے ہیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنے زیر انتظام مملکت آنے والے زائرین کی وقت مقررہ پر واپسی کو یقینی بنائیں تا کہ بھاری جرمانے سے بچ سکیں۔

فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی میں حملہ کرنے والا ڈپٹی شیرف کا بیٹا نکلا

فلوریڈا، 18 اپریل (یو این آئی) اسٹیٹ یونی ورسٹی میں فائرنگ کرنے والا 20 سالہ طالب علم ڈپٹی شیرف کا بیٹا نکلا، ملزم نے اپنی والدہ کی سروس گن سے طلباء کو نشانہ بنایا۔ امریکی تعلیمی اداروں میں فائرنگ کا سلسلہ تھم نہ سکا، فلوریڈا اسٹیٹ یونیورسٹی میں فائرنگ کے ایک اور واقعے میں دو افراد ہلاک اور پانچ زخمی ہو گئے۔ امریکی میڈیا کی مطابق فائرنگ کا واقعہ یونیورسٹی کی اسٹوڈنٹ یونین بلڈنگ میں پیش آیا۔ ابتدائی رپورٹ کے مطابق بیس سالہ حملہ آور یونی ورسٹی کا طالب علم اور مقامی پولیس کی ڈپٹی شیرف کا بیٹا ہے، ملزم نے اپنی والدہ کی سروس گن سے طلباء کو نشانہ بنایا تاہم پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کہ بعد حملہ آور کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے واقعہ کو افسوس ناک قرار دیا تاہم گن قوانین میں تبدیلی سے انکار کیا، اپنے بیان میں کہا کہ گن قتل نہیں کرتی، اسے استعمال کرنے والے افراد قتل کرتے ہیں۔

سعودی عرب میں 2 غیر ملکیوں کو سزائے موت

ریاض، 18 اپریل (یو این آئی) سعودی عرب میں وزارت داخلہ نے تبوک اور الجوف ریجن میں منشیات سمگلنگ میں ملوث 2 غیر ملکیوں کو سزائے موت دے دی۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق وزارت داخلہ کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ الجوف ریجن میں شامی باشندے فواز البکار کو بڑی مقدار میں نشہ آور گولیاں سمگل کرنے کے الزام میں حراست میں لیا گیا تھا۔ رپورٹس کے مطابق ملزم کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں شواہد اور اقبال جرم پر عدالت نے مملکت کے قانون کے مطابق اسے سزائے موت کا حکم سنایا۔ اس کے علاوہ تبوک میں اردنی باشندے حسن علی العطون کو نشہ آور گولیاں مملکت میں سمگل کرنے پر گرفتار کیا گیا، جس کا مقدمہ انسداد منشیات کی مخصوص عدالت میں بھیجا گیا جہاں اس کے خلاف تمام شواہد ملنے پر عدالت نے سزائے موت کا حکم سنا دیا۔ واضح رہے کہ سعودی عرب میں منشیات کی نقل و حمل یا ان کی تجارت کرنا ایک سنگین جرم سمجھا جاتا ہے، اور اس کے لیے بہت سخت سزائیں رکھی گئی ہیں۔ سعودی قوانین کے مطابق، منشیات کے ساتھ پکڑے جانے کی صورت میں درج ذیل سزائیں ہو سکتی ہیں: مملکت میں منشیات کی اسمگلنگ یا بڑی مقدار میں منشیات رکھنے پر موت کی سزا دی جا سکتی ہے۔ یہ سزا زیادہ تر اس وقت دی جاتی ہے جب کسی شخص کو 50 گرام سے زیادہ ہیروئن، کوکین، یا دیگر منشیات کے ساتھ پکڑا جائے۔ اگر کسی شخص کو منشیات کے ساتھ پکڑا جائے لیکن مقدار کم ہو، تو اس کے بدلے میں کئی سالوں کی قید ہو سکتی ہے۔ یہ قید کئی سالوں سے لے کر کئی دہائیوں تک ہو سکتی ہے، اور جیل کی حالت سخت ہوتی ہے۔ جرمانہ: کچھ صورتوں میں مجرم سے بھاری جرمانہ بھی وصول کیا جا سکتا ہے، خاص طور پر اگر منشیات کی مقدار کم ہو یا یہ پہلی دفعہ ہو۔ مملکت میں ان سزاؤں کو بہت سختی سے نافذ کیا جاتا ہے اور وہاں کے قوانین کے مطابق منشیات کے کاروبار میں ملوث افراد کو بہت کم موقع ملتا ہے۔ ان قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کو فوری طور پر گرفتار کر لیا جاتا ہے، اور ان پر تیز رفتار ٹرائل کیا جاتا ہے۔ یہ ٹرائل عموماً عدالت میں ایک سے دو ہفتوں میں مکمل ہو جاتے ہیں، اور اس کے بعد سزا دی جاتی ہے۔ مثال: اگر کوئی شخص مملکت میں منشیات کے ساتھ پکڑا جائے، تو اس پر تیزی سے مقدمہ چلایا جاتا ہے اور فیصلہ جلدی کیا جاتا ہے۔ اکثر ملزمان کو عدالت سے موت کی سزا یا طویل قید کی سزا ملتی ہے۔

روس نے کہا ہندوستانی دواساز کمپنی کے گودام پر اس نے حملہ نہیں کیا بلکہ یوکرین کا میزائل گرا

روس 18 اپریل: روس نے گزشتہ ہفتے یوکرین کے دارالحکومت کیف میں ایک ہندوستانی دوا ساز کمپنی کے گودام پر میزائل حملے کے یوکرین کے دعووں کو فرضی قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں دارالحکومت دہلی میں روسی سفارت خانے نے ایک سرکاری بیان جاری کیا ہے۔ روسی سفارت خانے نے دہلی میں یوکرین کے سفارت خانے کی جانب سے لگائے گئے الزامات کو بے بنیاد قرار دیا۔ روس نے بدلے میں یوکرین کو ایک ہندوستانی دواساز کمپنی کے گودام پر حملے کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ دراصل 12 اپریل کو کیف میں ہندوستانی دوا ساز کمپنی کسم ہیلتھ کیئر کے فارمیسی گودام پر میزائل حملہ ہوا تھا۔ حملے کے بعد گودام میں آگ لگ گئی۔ اگرچہ اس حملے میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے تاہم گودام مکمل طور پر تباہ ہو گیا ہے۔ یوکرین کے سفارت خانے نے اس واقعے کا ذمہ دار روسی فوج کو ٹھہرایا۔ روسی سفارت خانے نے واضح کیا کہ روسی مسلح افواج نے کسم ہیلتھ کیئر کے گودام پر حملہ نہیں کیا اور نہ ہی انہوں نے حملے کا منصوبہ بنایا تھا۔ بیان کے مطابق، 12 اپریل کو روسی اسٹریٹجک بمباروں، یو اے وی اسٹرائیک یونٹس اور میزائل رجمنٹ نے یوکرین کے ملٹری انڈسٹریل کمپلیکس کے ایک ہوائی جہاز کے پلانٹ، ایک ملٹری ایئر فیلڈ کے انفراسٹرکچر اور بکتر بند گاڑیوں کی مرمت اور یو اے وی اسمبلی ورکشاپ کو ایک الگ مقام پر نشانہ بنایا۔ روس نے جوابی حملہ کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے کی ممکنہ وضاحت یہ تھی کہ یوکرینی فضائی دفاعی میزائلوں میں سے ایک کسم ہیلتھ کیئر کے گودام پر گرا جس سے اس میں آگ لگ گئی۔ اس سے پہلے بھی ایسے ہی معاملات ہو چکے ہیں، جہاں یوکرین کے فضائی دفاعی مداخلت کار اپنے اہداف کو نشانہ بنانے میں ناکام رہے اور غیر موثر طریقے سے چلنے والے الیکٹرانک جنگی نظام کی وجہ سے شہری علاقوں پر گر گئے۔ سفارتخانے نے کہا کہ روسی مسلح افواج نے خصوصی فوجی کارروائیوں کے دوران کبھی بھی شہری تنصیبات کو نشانہ نہیں بنایا۔ روس نے دعویٰ کیا کہ یوکرینی فوج کے لیے شہری علاقوں میں فضائی دفاعی نظام، راکٹ لانچرز، توپ خانے اور دیگر فوجی ساز و سامان کی تعیناتی عام ہو گئی ہے، جس میں شہریوں کو انسانی ڈھال کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔

پنجاب میں 14 دہشت گرد حملوں کا انتہائی مطلوب ملزم گینگسٹر ہیپی پاسیا امریکہ میں گرفتار

پنجاب 18 اپریل: ہندوستانی سیکیورٹی اداروں کو بڑی سفارتی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ پنجاب میں دستی بم حملوں کے ذمہ دار بدنام زمانہ گینگسٹر ہیپی پاسیا کو امریکہ میں حراست میں لے لیا گیا ہے۔ وہ فی الحال ا?ئی سی ای کی حراست میں ہے۔ وہ پنجاب میں 14 سے زائد دہشت گرد حملوں میں ملوث رہا ہے۔ این آئی اے نے اس کے سر پر 5 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا تھا۔ گینگسٹر ہیپی پاسیا کا نام حال ہی میں جالندھر میں بی جے پی لیڈر منورنجن کالیا کو نشانہ بناتے ہوئے گرینیڈ حملے میں سامنے آیا تھا۔ اس معاملے میں پولیس نے مرکزی ملزم سمیت تمام حملہ آوروں کو گرفتار کر کے بڑا انکشاف کیا ہے۔ اس معاملے کی تحقیقات میں سرحد پار سے پاکستان سے جڑی ایک بڑی سازش کا انکشاف ہوا ہے اور اس کا ماسٹر مائنڈ ذیشان اختر بتایا گیا ہے۔ ذیشان بدنام زمانہ گینگسٹر لارنس بشنوئی کا قریبی بھی بتایا جاتا ہے۔ وہ ہائی پروفائل بابا صدیقی قتل کیس میں بھی مطلوب ہے۔ پولیس کا خیال ہے کہ یہ حملہ ریاست میں مذہبی ہم آہنگی کو متاثر کرنے کی سازش کا حصہ تھا، جسے آئی ایس آئی کی حمایت حاصل ہے۔ اس میں پاکستان میں مقیم خالصتانی دہشت گرد ہرویندر سنگھ رندا اور گینگسٹر ہیپی پاسیا کے درمیان تعلق سامنے آیا ہے۔ جنوری میں پنجاب کے امرتسر میں گمٹالہ چوکی پر گرینیڈ حملے کے بعد گینگسٹر ہیپی پاسیا نے ذمہ داری قبول کی تھی۔ اس حوالے سے انہوں نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ بھی کی۔ ہیپی پاسیا کا تعلق ببر خالصہ انٹرنیشنل تنظیم سے ہے۔ اپنی پوسٹ میں گینگسٹر نے پنجاب میں بھی ایسے ہی دہشت گردانہ حملے کرنے کی وارننگ دی تھی۔ اس نے کہا ہے کہ پولیس چوکی پر حملے پولیس سے بدلہ لینے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ اس نے پولیس پر ان کے خاندان کو ہراساں کرنے کا الزام لگایا تھا۔ اس نے کہا کہ حال ہی میں پولیس نے ان کے دو بھائیوں کو اٹھایا اور فرضی انکاؤنٹر کیا۔ واضح رہے کہ پنجاب میں گزشتہ چھ ماہ کے دوران پولیس اداروں، نجی رہائش گاہوں، مذہبی مقامات اور سیاسی شخصیات کو نشانہ بنانے والے 16 دستی بم حملے ہوئے۔ ان حملوں کا پیٹرن اکتوبر 2024 کے وسط میں شروع ہوتا ہے اور 8 اپریل 2025 تک جاری رہتا ہے۔ اس سے سرحدی ریاست میں امن و امان کے بارے میں سنگین خدشات پیدا ہوتے ہیں۔

ٹرمپ کے حکم پر امریکی سپریم کورٹ کی روک، امریکہ میں پیدا بچوں کی شہریت پر تنازعہ برقرار

واشنگٹن 18 اپریل: امریکی سپریم کورٹ نے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک بڑا جھٹکا دیتے ہوئے ان کے اس حکم پر روک لگا دی ہے، جس میں امریکہ میں پیدا ہونے والے ان بچوں کو شہریت نہ دینے کی بات کہی گئی تھی جن کے والدین کے پاس قانونی دستاویزات موجود نہیں یا وہ عارضی ویزا پر ملک میں مقیم ہیں۔ عدالت نے اس حکم پر حتمی فیصلہ سنانے سے پہلے آئینی اور قانونی دلائل سننے کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں 15 مئی کو باقاعدہ سماعت مقرر کی گئی ہے۔ سپریم کورٹ نے واضح کیا ہے کہ وہ فی الحال یہ نہیں طے کرے گی کہ آیا ٹرمپ کا یہ حکم امریکی آئین کے مطابق ہے یا نہیں۔ اس کے بجائے، عدالت اس نکتے پر غور کرے گی کہ کیا ضلعی عدالتوں کے ججوں کو پورے ملک پر اثر انداز ہونے والے احکامات جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے یا نہیں۔ ٹرمپ نے اپنے دوسرے ممکنہ صدارتی دور کے پہلے دن ایک حکم نامہ جاری کیا تھا جس کے مطابق ایسے بچے جو امریکہ میں پیدا ہوئے ہوں لیکن ان کے والدین غیر قانونی طور پر یا عارضی ویزا پر امریکہ میں رہ رہے ہوں، انہیں امریکی شہریت نہیں دی جائے گی۔ تاہم، اس حکم کو مختلف عدالتوں میں چیلنج کیا گیا، اور تین وفاقی ججوں نے اس پر عارضی روک لگا دی۔ ان ججوں کا کہنا تھا کہ یہ حکم امریکہ کے آئین کی چودھویں ترمیم کی صریح خلاف ورزی ہے، جو امریکہ میں پیدا ہونے والے تقریباً تمام افراد کو شہریت کا حق دیتی ہے۔ چودھویں ترمیم کے مطابق، "جو بھی شخص امریکہ میں پیدا ہوا ہے اور امریکی دائرہ اختیار کے تحت ہے، وہ امریکی شہری سمجھا جائے گا۔" ماہرین قانون کے مطابق، ٹرمپ کا نیا حکم پرانے عدالتی فیصلوں سے متصادم ہے اور ممکنہ طور پر ناقابل عمل بھی ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ نے ان عدالتی احکامات کے خلاف سپریم کورٹ میں ہنگامی اپیل دائر کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی ججوں کو پورے ملک پر نافذ العمل فیصلے دینے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے۔ اگر عدالت اس موقف سے متفق ہو جاتی ہے، تو ٹرمپ انتظامیہ کو کچھ علاقوں میں یہ پالیسی نافذ کرنے کی اجازت مل سکتی ہے، جس کے بڑے سیاسی اور سماجی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ سپریم کورٹ کی جانب سے ایمرجنسی اپیل پر باقاعدہ سماعت کا فیصلہ کرنا غیر معمولی بات ہے، جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ عدالت اس مسئلے کو سنجیدگی سے لے رہی ہے۔ یہ مقدمہ نہ صرف امریکی شہریت کے قانون سے متعلق ہے بلکہ ضلعی عدالتوں کے اختیارات اور وفاقی پالیسیوں پر ان کے اثر و رسوخ پر بھی روشنی ڈالے گا۔ اس مقدمے کا فیصلہ امریکہ کی آئندہ امیگریشن پالیسیوں پر گہرے اثرات ڈال سکتا ہے۔

یمنی ایندھن کی بندرگاہ راس عیسیٰ پر امریکی فضائی حملے میں 17 کی موت: حوثی

